ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 30 شوال 1447ھ 19 اپریل 2026ء، صفحات 24 | شمارہ 284

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 40 روپے

ریاست کیخلاف بندوق اٹھا کر تشدد کا راستہ اختیار کرنیوالوں سے کوئی رعایت نہیں ہوگی، سرفراز بگٹی

درپیش چیلنجز کے باوجود ملک کا دفاعی اور اسٹریٹجک وژن مضبوط اور واضح ہے، بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کیلئے سول وعسکری قیادت کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے حوالے سے غیر متوازن ترقی کو تشدد کی وجہ قرار دینا درست تجزیہ نہیں، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ بعض عناصر ریاست کو غیر مستحکم کرنے کے لیے نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں

بلوچستان پولیس کی استعداد کار بڑھانے کیلئے 40 ارب روپے محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کو 10 ارب روپے فراہم کیے جارہے ہیں تاکہ امن وامان کو دیرپا بنیادوں پر مستحکم کیا جاسکے

عالمی منظرنامے میں پاکستان کے قائدانہ کردار پر فخر، قومی وعسکری قیادت کی مشترکہ حکمت عملی ملکی استحکام کی بنیاد ہے، وزیراعلیٰ پاکستان نیول وار کالج کے 55 ویں تربیتی کورس کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے یہاں پاکستان نیول وار کالج کے 55 ویں تربیتی کورس کے شرکاء نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ نے ملک میں قیام امن، استحکام اور قومی سلامتی کے فروغ کے لیے وزیراعظم پاکستان کی قیادت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی پیشہ ورانہ وقائدانہ کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سول وعسکری قیادت کے مؤثر اشتراک نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں اور پاکستان کے دفاعی واسٹریٹجک وژن کو مزید مضبوط، واضح اور ہمہ جہت بنایا ہے ملاقات میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے نیول وار کورس کے شرکاء سے صوبے کی مجموعی سیاسی، سیکیورٹی اور سماجی ومعاشی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور تاریخی حوالوں سے گفتگو کی اس موقع پر انہوں نے عالمی منظرنامے میں پاکستان کے قائدانہ کردار کو سراہتے ہوئے قومی وعسکری قیادت کی مشترکہ حکمت عملی کو ملکی استحکام کی بنیاد قرار دیا اور کہا کہ درپیش چیلنجز کے باوجود ملک کا دفاعی اور اسٹریٹجک وژن مضبوط اور واضح ہے وزیراعلیٰ نے خطے کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال اور جیو اسٹریٹجک اہمیت کے تناظر میں بلوچستان کے کلیدی کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ صوبہ پاکستان کے .... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا سعودیہ، قطر اور ترکیہ کا دورہ مکمل، وطن واپس پہنچ گئے

خطے میں پائیدار امن واستحکام کیلئے عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ انطالیہ سے روانگی کے موقع پر وزیراعظم نے ترک صدر رجب طیب اردوان کا خصوصی شکریہ ادا کیا، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ وہ انطالیہ......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ایرانی پاسداران انقلاب کے ہیڈکوارٹر پہنچنے پر استقبال کیا جارہا ہے

امریکی صدر نے 1 گھنٹے میں 7 دعوے کیے سب جھوٹ ہیں، قالیباف

دعوؤں سے امریکہ کو فاتح سمجھا جاسکتا ہے نہ مذاکرات میں پیشرفت ممکن ہے، امریکی رکاوٹیں رہیں تو آبنائے ہرمز کھلی نہیں رہیگی

ہرمز سے جہازوں کے گزرنے کیلئے ایران کی اجازت لازم ہوگی، جو بھی ضوابط ہوں وہ فیلڈ صورتحال سے طے ہوں گے، ایرانی اسپیکر

تہران (م ڈ) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر اور چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک گھنٹے میں سات دعوے کیے ہیں اور ساتوں جھوٹے ہیں۔ ایک بیان میں محمد باقر قالیباف نے کہا کہ ایسے دعوؤں سے امریکہ کو فاتح نہیں سمجھا جاسکتا اور نہ ہی ان سے مذاکرات میں پیشرفت ممکن ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا کی جانب سے گزرگاہ پر رکاوٹیں رہیں تو آبنائے ہرمز کھلی نہیں......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

قبائلی شخصیت نوابزادہ محبوب خان جوگیزئی، بسم اللہ خان کاکڑ کے جانشین فرزند نذر محمد خان کاکڑ کی دستار بندی کر رہے ہیں

امن مشن، فیلڈ مارشل کی ایرانی صدر، اسپیکر اور وزیر خارجہ سے ملاقاتیں

خطے میں پائیدار امن کے قیام پر بات چیت، فیلڈ مارشل کا ایرانی قیادت اور عوام کی جانب سے پرتپاک میزبانی پر اظہار تشکر

دورہ تنازعے کے پرامن حل کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم اور امن کے فروغ کی کوششوں کا عکاس ہے، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ایران کے اسپیکر محمد باقر قالیباف اور وزیر خارجہ عباس عراقچی سے بھی الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خاتم الانبیاء ہیڈکوارٹر کے کمانڈر میجر جنرل علی عبدالہی سے بھی ملاقات کی......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

امن مذاکرات خطرے میں پڑ گئے، امریکہ ناکہ بندی ختم کرے، ایرانی بحریہ مقابلے کیلئے تیار ہے، مذاکرات کی کوئی تاریخ مقرر نہیں، پاکستان کے ذریعے امریکی تجاویز ملی ہیں، سوچ بچار کے بعد فیصلہ دینگے، ایرانی قومی سلامتی کونسل

ایران نے آبنائے ہرمز بند کر دی، معاہدہ کرو ورنہ بم برسیں گے، ٹرمپ

امریکہ سے براہ راست مذاکرات نہیں ہونگے، ایران

مذاکرات کے نتیجے میں کوئی حتمی معاہدہ نہ ہوا تو ایران کے ساتھ عارضی جنگ بندی میں توسیع نہیں ہوسکتی، ناکہ بندی جاری ہے، ایک بہت اچھی اور ذہین شخصیت وائٹ ہاؤس آرہی ہے۔ ایک ایسی شخصیت جسے اپنے ملک اور ملک سے باہر کی بہت فکر ہے، امریکی صدر

آبنائے ہرمز سخت ایرانی کنٹرول میں ہے، اس کی سابقہ حالت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، ترجمان خاتم الانبیاء، امریکا ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی کے نام پر بحری قزاقی جاری رکھے ہوئے ہے، ایرانی پاسداران انقلاب کا بیان

پاسداران انقلاب کی کامیابی ایرانی فوج کی تاریخ میں ایک اہم موڑ ثابت ہوئی، مضبوط صف بندی کے ساتھ ایرانی فوج نے دشمن قوتوں کا مقابلہ کیا، ایران کی بحریہ دشمنوں کو نئے نقصانات پہنچانے کیلئے تیار ہے، ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای

وقت آ گیا ہے کہ آبنائے ہرمز کے لیے ایک نئے بحری نظام کی پابندی کی جائے، سربراہ قومی سلامتی کمیٹی، آبنائے ہرمز کو کھلا رکھنا چاہتے ہیں، ہرمز کے راستے جہازرانی کی سہولت فراہم کرنے کا اعلان کیا، ایرانی نائب وزیر خارجہ

واشنگٹن، تہران (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر 22 اپریل تک مذاکرات کے نتیجے میں کوئی حتمی معاہدہ نہ ہوا تو ایران کے ساتھ عارضی جنگ بندی میں توسیع نہیں ہوسکتی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایئر فورس ون میں سوار صحافیوں سے بات کرتے ہوئے ٹرمپ نے فوجی آپریشن دوبارہ شروع کرنے کے امکان پر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی معاہدے میں شاید میں توسیع نہیں کروں گا۔ ناکہ بندی جاری ہے اور بدقسمتی سے ہمیں دوبارہ بم گرانا پڑے گا۔ واضح رہے کہ موجودہ عارضی جنگ بندی جو 8 اپریل کو شروع ہوئی، چاروں میں ختم ہونے والی ہے جبکہ 11 سے 12 اپریل کو ہونے والے مذاکرات کا پہلا دور کسی اعلان کردہ معاہدے کے بغیر اختتام پذیر ہوا۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ ڈیل کا عمل اچھی طرح سے جاری ہے اور مذاکرات ویک اینڈ کے دوران بھی جاری رہیں گے۔ ایریزونا میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر نے اعلان کیا کہ ایران سے ایٹمی مواد واپس لایا جائے گا اور امریکا ایرانی نیوکلیئر ڈسٹ حاصل کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ مجوزہ معاہدے کے تحت کسی قسم کا مالی تبادلہ بھی نہیں ہوگا۔......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پاک نیول وار کالج کے تربیتی کورس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

امریکہ ایران کا مقابلہ نہیں کرسکا تو چین سے بھی نہیں الجھنا چاہیے، بیلاروس

ٹرمپ نے ثابت کر دیا کہ امریکا جتنا طاقتور سمجھا جاتا تھا اتنا ہے نہیں، وہ چین جیسی طاقت کا سامنا کبھی نہیں کر پائیگا، صدر

وینزویلا، کیوبا اور مشرق وسطیٰ میں امریکی پالیسیاں ہی اصل آمریت ہے، الیگزینڈر لوکاشینکو کا روس کے میڈیا کو انٹرویو

منسک (م ڈ) بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو نے کہا ہے کہ اگر امریکہ ایران کا مقابلہ نہیں کرسکا تو اسے چین سے بھی نہیں الجھنا چاہیے۔ روسی میڈیا کو انٹرویو میں بیلاروسی صدر کا کہنا تھا کہ ٹرمپ نے ثابت کر دیا کہ امریکا جتنا طاقتور سمجھا جاتا تھا اتنا ہے نہیں، اگر امریکا ایران کا مقابلہ نہیں کرسکا تو اسے چین سے بھی نہیں الجھنا چاہیے کیونکہ وہ چین جیسی طاقت کا سامنا......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ثقافتی ورثے کے تحفظ کیلئے حکومت پرعزم ہے، صدر مملکت اور وزیراعظم

سیاحت کے فروغ میں تاریخی مقامات کا کلیدی کردار ہے، آصف زرداری

تاریخی وثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کیلئے عالمی برادری کے ساتھ کھڑے ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے عالمی یوم ورثہ پر پاکستان کی ثقافتی شناخت کے تحفظ کا عہد کرتے ہوئے تاریخی وثقافتی ورثے کی بحالی کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ یونیسکو کے تحت ورثے کے تحفظ کی......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

انطالیہ ڈپلومیسی فورم، پاک سعودیہ، ترکیہ اور مصر کا امن کیلئے ملکر کام کرنے پر اتفاق

اہم سفارتی بیٹھک میں چاروں ممالک نے باہمی شراکت داری کو مزید وسعت دینے اور ہم آہنگی مضبوط بنانے کا عزم ظاہر کیا

وزرائے خارجہ کی ملاقات میں بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، مشترکہ خوشحالی کیلئے سفارتکاری ناگزیر قرار دی گئی

انطالیہ (آن لائن) پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر نے علاقائی امن اور استحکام کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق اور باہمی شراکت داری کو مزید وسعت دینے اور ہم آہنگی مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ انطالیہ میں اہم ترین سفارتی بیٹھک میں پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کی ملاقات ہوئی۔ ترجمان کے مطابق انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر چار ملکی مشاورتی اجلاس میں اسحاق ڈار کی شرکت ہوئی۔ اس موقع پر پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کا علاق......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم کا تعریفی کلمات پر امریکی صدر سے اظہار تشکر

شہباز شریف کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پیغام جاری

انطالیہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے امریکہ کے صدر ڈونلڈ جے ٹرمپ کی طرف سے اپنے اور چیف آف ڈیفنس فورسز، آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کیلئے توصیفی کلمات پر انکا شکریہ ادا کیا ہے۔ گزشتہ روز "ایکس" پر اپنے پیغام میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے امریکی صدر کے ایکس پر پیغام کے جواب میں انہیں مخاطب کرتے ہوئے کہا......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی بحریہ کے فوجی نئی پابندیوں کے اعلان کے بعد آبنائے ہرمز میں پٹرولنگ کر رہے ہیں

امریکی میڈیا کا مذاکرات کا دوسرا دور پیر کو ہونے کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ٹی وی نے ایرانی ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور پیر کو پاکستان میں ہوگا۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق امریکا نے ایران مذاکرات کے شیڈول کی تصدیق نہیں کی۔ خیال رہے کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری میں تیزی آئی، ایس ای سی پی

پہلی سہ ماہی میں 10 ہزار سے زائد نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، رپورٹ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق پاکستان کے کارپوریٹ سیکٹر میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا رجحان برقرار ہے اور کمپنی رجسٹریشن میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز میں دو انڈین جہازوں پر فائرنگ کا معاملہ

بھارت میں تعینات ایرانی سفیر کی وزارت خارجہ طلبی، تشویش کا اظہار

ممبئی (م ڈ) انڈیا نے آبنائے ہرمز میں دو انڈین جہازوں پر فائرنگ کر کے دو جہازوں کا رخ تبدیل کرنے کے واقعے پر ایران سے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انڈین وزارت خارجہ نے ہفتے کے روز انڈیا میں تعینات ایرانی سفیر محمد فتحی کو طلب کیا اور ایرانی......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار کی آذربائیجان کے وزیر خارجہ سے ملاقات

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی آذربائیجان کے وزیر خارجہ جیحون بایراموف سے ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور آذربائیجان......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

پاسداران انقلاب کی بھارتی آئل ٹینکر پر فائرنگ

آئل ٹینکر اور عملہ محفوظ ہیں، کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

آبنائے ہرمز عبور کرنے کی کوشش کے دوران جہازوں پر فائرنگ کی گئی

تہران (م ڈ) عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق بین الاقوامی میری ٹائم سیکیورٹی ادارے نے بتایا کہ آبنائے ہرمز میں ایران کی پاسداران انقلاب کی دو گن بوٹس نے ایک آئل ٹینکر پر فائرنگ کی ہے۔ یوکے میری ٹائم ٹریڈ آپریشن کے بقول فائرنگ......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کیساتھ اسٹاف لیول کا معاہدہ مکمل کر لیا، وزیر خزانہ

جلد ایگزیکٹو بورڈ سے منظوری متوقع ہے، جس کے بعد اگلی قسط جاری ہوگی، 1.4 ارب ڈالر کا یورو بانڈ کامیابی سے ادا کیا، گفتگو

ڈیجیٹل سماجی تحفظ صرف ادائیگی کا نظام نہیں بلکہ مالی شمولیت اور معاشی خودمختاری کا ایک اہم ذریعہ ہے، کانفرنس میں اظہار خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان سے) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان نے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ مکمل کر لیا ہے، جلد اس کی ایگزیکٹو بورڈ سے منظوری متوقع ہے جس کے بعد اگلی قسط جاری ہوگی۔ ایس......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ مسئلے کا حل نہیں، پاکستان امن کا خواہاں ہے، ایاز صادق

پاکستان برادر اسلامی ممالک کی عزت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، گفتگو

ترک ہم منصب نعمان کرتلموش سے ملاقات، عالمی امور پر تبادلہ خیال

استنبول (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی استنبول میں ترکیہ کے ہم منصب نعمان کرتلموش سے اہم ملاقات ہوئی۔ ملاقات بین الپارلیمانی یونین (آئی پی یو) کے 152 جنرل اسمبلی اجلاس کے موقع پر ہوئی۔ ملاقات میں اہم علاقائی اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے عالمی امن، مذاکرات......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں لائٹ ڈیزل اور جیٹ فیول سستا کر دیا گیا

لائٹ ڈیزل 70.04، جیٹ فیول میں 23 روپے 59 پیسے فی لیٹر کمی

نئی قیمت 385 روپے 54 پیسے سے کم ہو کر 353 روپے 43 پیسے ہوگئی

اسلام آباد (آن لائن) عالمی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے اثرات سامنے آنے لگے، پاکستان میں لائٹ ڈیزل اور جیٹ فیول بھی سستا کر دیا گیا۔ پاکستان میں لائٹ ڈیزل کی قیمت میں 70.04 روپے فی لیٹر کمی کر دی گئی ہے، جیٹ فیول 23 روپے 59 پیسے فی لیٹر سستا کر دیا گیا۔ لائٹ ڈیزل کی قیمت 399.72 روپے سے کم ہو......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاسداران انقلاب کا 2 کشتیوں پر حملہ، برطانوی میری ٹائم

لندن (م ڈ) برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز آرگنائزیشن کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب کی دو کشتیو......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

دشمن کو ایران پر زمینی حملے کا خیال دفن کرنا چاہئے، سربراہ بری فوج

ایسی سوچیں صرف ان کے تصورات تک ہی محدود رہنی چاہئیں، جنرل علی جہانشاہی

تہران (این این آئی) ایرانی بری فوج کے سربراہ بریگیڈیئر جنرل علی جہانشاہی نے کہا ہے کہ دشمن کو ایران کی سرحدوں پر زمینی حملے کا خیال بھی ہمیشہ کے لیے دفن کر دینا چاہیے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایک انٹرویو میں بریگیڈیئر جنرل علی جہانشاہی نے کہا کہ دشمن......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

معرکہ حق میں پاک آرمی کی حکمت عملی پوری دنیا نے دیکھی، ایئر چیف

عالمی امن کیلئے فیلڈ مارشل کی کوششوں کو خصوصی طور پر سراہتا ہوں، پاکستان تنازعات کا حل مذاکرات سے کرنے پر یقین رکھتا ہے

مئی میں دشمن پاکستان کی طاقت اور ہنرمندی دیکھ کر دنگ رہ گیا، ظہیر احمد بابر سدھو کا پی ایم اے میں پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا کہنا ہے کہ معرکہ حق اور آپریشن بنیان مرصوص میں پاکستان آرمی کی حکمت عملی پوری دنیا نے دیکھی۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں پاسنگ آؤٹ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان ایئر فورس نے نا صرف دشمن کے جہاز گرائے بلکہ تاریخ رقم کی۔ مئی میں دشمن پاکستان کی طاقت اور ہنرمندی دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا کہنا ہے کہ پاکستان کی......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ میں فورسز کی کارروائی، دو دہشت گرد ہلاک

دہشتگردوں نے فورسز کے جوانوں کو دیکھتے ہی فائرنگ کردی

فورسز کی جوابی کارروائی میں دونوں ہلاک، اسلحہ قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا مستونگ شیخ واصل روڈ کے قریب فائرنگ کا تبادلہ، دو دہشت گرد ہلاک، اسلحہ قبضے میں لے لیا جبکہ لاشیں سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دی گئیں سیکورٹی ذرائع کے مطابق سیکورٹی فورسز کے جوان گزشتہ شب مستونگ کے علاقے شیخ واصل روڈ پر معمول کی گشت پر رہے تھے کہ دہشت گردوں نے فورسز پر فائرنگ کر دی تاہم جوانوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری جوابی کارروائی کی جس کے نتیجے میں......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: عازمین حج علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر امیگریشن کروا رہے ہیں

صدر مملکت کا اظہار اعتماد، وزیراعلیٰ کی تبدیلی کی خبریں دم توڑ گئیں

ارکان بلوچستان اسمبلی کی آصف علی زرداری سے ملاقات، ناراض ارکان نے ملاقات میں شکایات کے انبار لگا دیئے

حمایتی ارکان نے مدلل انداز میں اپنا موقف پیش کیا گیا، صدر کا سب کو ملکر چلنے کا مشورہ، مئی کے بعد کوئٹہ دورہ کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایک بار پھر صدر آصف علی زرداری کا اعتماد حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے بلوچستان کے ارکان پارلیمنٹ سے ملاقات میں سب کو مل کر چلنے کا مشورہ دیا اور کہا کہ مئی کے بعد کوئٹہ آؤں گا کارکنوں اور ارکان پارلیمنٹ سمیت دیگر لوگوں سے بھی ملاقات کروں گا اور جو چھوٹے موٹے مسائل ہیں وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار صد......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

شدت پسند مذموم مقاصد کیلئے خواتین وبچوں کو ڈھال بناتے ہیں، حمزہ شفقات

بلوچستان میں حالیہ دہشتگردی وورداتوں کے تانے بانے افغانستان سے ملتے، جس کے شواہد موجود ہیں، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ

دہشتگرد کارروائیاں کر کے دوبارہ سرحد پار فرار ہو جاتے ہیں، معاشرہ مشکوک عناصر پر نظر رکھے، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایا

عوام سازشوں کو ناکام بنانے کیلئے سیکورٹی اداروں کے ساتھ تعاون کریں، معاون خصوصی محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز گورایا اور معاون خصوصی برائے محکمہ داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں حالیہ دہشت......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سونا اسمگلنگ کیس: دہشتگردی کی دفعات ختم کرنے کا حکم

سونا افغانستان اسمگل کرنے کی ناکام کوشش کی گئی تھی، پراسیکیوشن

سادہ نوعیت کا کیس ہے اسے دہشتگردی میں نہیں لایا جاسکتا، عدالت

پشاور (این این آئی) عدالت نے دہشت گردوں کی معاونت کے لیے سونا اسمگلنگ کیس میں دہشت گردی کی دفعات ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشتگردی پشاور کی خصوصی عدالت کی جج فریدہ خان علیزئی نے مبینہ طور پر دہشت گردوں کی مالی......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

ناکہ بندی سے اب تک 23 جہاز واپس موڑے گئے: سینٹ کام

واشنگٹن (م ڈ) امریکی سینٹرل کمانڈ کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز کے قریب ناکہ بندی کے بعد 23 جہازوں کو واپس جانے کی ہدایات دی گئی ہیں۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں سینٹ کام نے کہا کہ امریکی فورسز کی جانب سے 13 اپریل کو شروع ہونے والی ناکہ بندی اب بھی نافذ العمل ہے۔ دوسری جانب ایران نے کہا ہے کہ وہ جاری ناکہ بندی کے جواب میں آبنائے کو دوبارہ بند کر چکا ہے۔

ایران اور امریکا کے درمیان اختلافات باقی ہیں، ایرانی عہدیدار

آبنائے ہرمز کھولنا امریکا، ایران جنگ بندی کی شرائط پر عملدرآمد سے مشروط ہے

مطالبات تسلیم ہوں تو ایران دنیا کو جوہری کام کی پرامن نوعیت کا یقین دلائے گا

تہران (م ڈ) سینئر ایرانی عہدیدار کا کہنا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان اہم اختلافات باقی ہیں، ان میں جوہری معاملات اور سنجیدہ مذاکرات کی ضرورت شامل ہیں۔ ایک بیان میں سینئر ایرانی عہدیدار نے کہا کہ آبنائے ہرمز کھولنا امریکا، ایران جنگ بندی کی شرائط پر عملدرآمد سے مشروط ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ بندی میں توسیع سمیت آنے......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

400 کلو چاندی تبدیلی کا معاملہ، انکوائری کمیٹی تشکیل

کسٹمز کلیکٹر عائشہ وانی تین رکنی کمیٹی کی سربراہی کرینگی، حکام

کوئٹہ (آن لائن) کروڑوں روپے کی 400 کلو چاندی تبدیل ہونے کے معاملے پر پاکستان کسٹمز نے تحقیقات کے لیے کلیکٹر عائشہ وانی کی قیادت میں تین رکنی انکوائری کمیٹی قائم کر دی۔ کوئٹہ سے لاہور منتقلی کے دوران چاندی کی تبدیلی کا انکشاف ہوا تھا،......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کیلئے نئی شرائط

پاسداران انقلاب کی اجازت کے بغیر کسی کو نہیں جانے دیا جائیگا

سویلین تجارتی جہازوں کو مخصوص راستوں سے گزرنے کی اجازت

تہران (م ڈ) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے آبنائے ہرمز کو کھولنے کا اعلان کر دیا جس پر صدر ٹرمپ نے شکریہ بھی ادا کیا تاہم پاسداران انقلاب نے نئی شرائط وضع کر دیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب نے یہ شرائط اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر پیش کی جس میں بحری جہازوں کی ملکیت رکھنے والوں کے لیے ہدایات بھی ہیں۔ پاسداران انقلاب نے ہدایت کی ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے ہر بحری جہاز کو ان......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

گڈز ٹرانسپورٹرز کا اپنے کرایوں میں کمی سے انکار

کراچی (این این آئی) گڈز ٹرانسپورٹرز نے ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود کرائے کم کرنے سے انکار کر دیا۔ صدر پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیراعظم کی......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بشریٰ بی بی کی آنکھ کی سرجری کے بعد فالو اَپ مکمل

ڈاکٹرز کی ٹیم نے اڈیالہ جیل میں آنکھ کا تفصیلی معائنہ کیا

راولپنڈی (آن لائن) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں زیر حراست بشریٰ بی بی کی آنکھ کی سرجری کے بعد فالو اَپ چیک اپ کے لیے ماہر ڈاکٹروں کی ٹیم نے جیل کا دورہ کیا۔ ذرائع کے مطابق ڈاکٹرز کی ٹیم میں ڈاکٹر عارف خان اور پروفیسر ندیم قریشی شامل تھے، جنہوں نے بشریٰ بی بی کی متاثرہ آنکھ کا تفصیلی طبی معا......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں ہوائی اڈے وفضائی راستے کھلنے کا عمل شروع

تہران (م ڈ) ایران میں کشیدگی کے بعد بند کیے گئے فضائی راستوں اور ہوائی اڈوں کو مرحلہ وار دوبارہ کھولنے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے جس کے بعد ملک کے چھ اہم ہوائی اڈوں پر آپریشنز بحال ہو گئے ہیں۔......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

فرزند بسم اللہ کاکڑ والد کے وژن پر گامزن رہ کر عوام کی خدمت کرینگے، قبائلی رہنما

مرحوم بسم اللہ کاکڑ نے زندگی بھر سیاسی میدان میں عوام کی بلارنگ ونسل خدمت کی، مولانا عبدالواسع، انجینئر زمرک خان اچکزئی

امید ہے نومنتخب جانشین نظر محمد کاکڑ علاقے سے پسماندگی وتعصب کا خاتمہ کریں گے، داؤد شاہ کاکڑ، نواب غوث بخش باروزئی

ہم سب نظر محمد کاکڑ کے ساتھ ہیں، نوابزادہ محبوب جوگیزئی، حاجی ولی محمد غبیزئی، حاجی امین نورزئی ودیگر کا تقریب دستار بندی سے خطاب

میزئی اڈہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ کے علاقے گلی حبیب زئی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرحوم رہنما بسم اللہ خان کاکڑ کے انتقال کے بعد ان کے جانشین اور پیپلز پارٹی قلعہ عبداللہ کے صدر نذر محمد خان کاکڑ کی دستار بندی کی پروقار اور تاریخی تقریب......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی کامیاب ثالثی کی عالمی سطح پر پذیرائی

سنگاپور کے نشریاتی ادارے کی پاکستان کے اہم کردار پر رپورٹ

اسلام آباد/سنگاپور/واشنگٹن (این این آئی) پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے میں مؤثر ثالثی کر کے عالمی سطح پر نمایاں پذیرائی حاصل کر لی جو بھارت کیلئے ایک اہم سفارتی پیغام اور مثال بن گئی ہے اس حوالے سے سنگاپور......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

دنیا بھر میں درہم برہم فضائی آپریشن بحال ہونے لگا

ایئر لائنز نے پروازوں کی آمد ورفت کے نئے شیڈول مرتب کر لئے، رپورٹ

اسلام آباد/کراچی (این این آئی) ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی کے باعث درہم برہم ہونے والا فضائی آپریشن بتدریج بحال ہونا شروع ہوگیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ملکی وغیر ملکی ایئرلائنز نے اپنے فضائی آپریشن کے نئے شیڈول تیار .... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

وفا روڈ، مین ہول ٹوٹنے سے گندے پانی کی نکاسی رک گئی، راہ چلنا محال

گندے پانی کے تعفن اور بیماریوں کے خدشات سے اہل علاقہ اذیت میں مبتلا

روزانہ ہزاروں شہری یہاں سے گزرتے ہیں، آٹھ مہینے گزر گئے مرمت نہیں ہو سکی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے گنجان آباد علاقے وفا روڈ پر گزشتہ آٹھ ماہ سے ٹوٹے ہوئے مین ہول کے باعث نکاسی آب کا نظام بری طرح متاثر ہے اور سڑک پر مسلسل گندا پانی کھڑا رہنے سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق وفا روڈ پر جامع مسجد میاں اسماعیل کے قریب سڑک کے عین وسط میں سیوریج لائن کا مین ہول ٹوٹا ہوا ہے جس کی مرمت تاحال نہیں کی گئی۔ متاثرہ مقام کے ایک جانب مسجد اور دوسری طرف مدرسہ واقع ہے جبکہ اردگرد گنجان رہائشی آبادی ہے۔ روزانہ ہزاروں شہری، طلبہ اور نمازی اس راستے سے گزرتے ہیں، تاہم گندے پانی کے باعث یہاں سے گزرنا انتہائی دشوار ہو چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے متعدد بار اس مسئلے کی نشاندہی اپنے منتخب نمائندے اور کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کو کی، مگر آٹھ ماہ گزرنے کے باوجود کوئی مؤثر اقدام نہیں اٹھایا گیا۔ حالیہ بارشوں کے دوران صورتحال مزید خراب ہو گئی اور کئی دنوں تک پانی جمع رہنے کے باعث پیدل چلنا اور گاڑیوں کا گزرنا تقریباً ناممکن ہو گیا۔ گندے پانی کے تعفن اور ممکنہ بیماریوں کے خدشات نے اہل علاقہ کی پریشانی میں اضافہ کر دیا ہے۔ مکینوں نے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور مین ہول کی مرمت سمیت نکاسی آب کا نظام درست کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلسل تاخیر مزید نقصان اور عوامی مشکلات میں اضافے کا باعث بن رہی ہے۔

کوئٹہ، سیکرٹری جنگلات عمران گچکی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

کوہ چلتن پر اسپرنگ پلانٹیشن ڈرائیو کامیابی سے منعقد

یہ ماحول دوست سرگرمی پروگریسو کلائمیٹ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقد کی گئی

انہیں محکمہ جنگلات اور گلوبل ٹریکنگ کا تعاون حاصل تھا، سینکڑوں رضا کار شریک

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے خوبصورت اور قدرتی حسن سے مالا مال چلتن پہاڑ پر ماحول دوست سرگرمی کے تحت اسپرنگ پلانٹیشن ڈرائیو کامیابی کے ساتھ منعقد کی گئی، جس میں بڑی تعداد میں نوجوانوں، رضا کاروں اور مقامی افراد نے شرکت کر کے نہ صرف پودے لگائے بلکہ ایک سرسبز مستقبل کی امید بھی روشن کی۔ یہ شجرکاری مہم 14 اپریل 2026 کو پروگریسو کلائمیٹ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام محکمہ جنگلات بلوچستان اور گلوبل ٹریکنگ کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ پروگرام کا مقصد ماحولیاتی تحفظ، موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے کم کرنا اور عوام میں درختوں کی اہمیت کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا تھا۔ مہم کے دوران مختلف اقسام کے پودے لگائے گئے جبکہ شرکاء کو ماحولیات کے تحفظ اور درختوں کی دیکھ بھال کے حوالے سے آگاہی بھی فراہم کی گئی۔ پروگریسو کلائمیٹ فاؤنڈیشن حکام کا کہنا تھا کہ موجودہ دور میں ماحولیاتی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیاں سنگین چیلنج بن چکی ہیں جن سے نمٹنے کے لیے اجتماعی اقدامات ناگزیر ہیں ہر لگایا گیا درخت ایک بہتر، صحت مند اور پائیدار مستقبل کی ضمانت ہے۔ انہوں نے نوجوانوں اور رضا کاروں کے جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسی طرح کی مشترکہ کاوشیں ملک کو ماحولیاتی بحران سے نکالنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

مسلم لیگ (ن) کے منتخب رہنماء عوامی خدمت پر کمربستہ ہیں

ولی محمد نورزئی اور زرک مندوخیل بلا امتیاز کوئٹہ کے عوام کی خدمت کر رہے ہیں

ماضی میں ایسی کوئی نظیر نہیں ملتی، سید جہانگیر شاہ، نور احمد محمد حسنی، عبدالمالک سالانی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سید جہانگیر شاہ، نور احمد محمد حسنی، رفیق بنگلزئی، عبدالمالک سالانی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل بلا رنگ و نسل کوئٹہ کے عوام کی خدمت کر رہے ہیں دونوں رہنماؤں نے دو سال کے دوران اپنے حلقہ انتخاب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں جس کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنما پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی عام انتخابات میں قوم پرست جماعتوں کے گڑھ پشتون آباد سے کامیاب ہوئے جس کے بعد انہوں نے حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کام کرائے ہیں جس حلقے کے عوام مستفید ہو رہے ہیں اور پشتون آباد اور گردونواح اب مسلم لیگ (ن) کا گڑھ بن چکا ہے جس کا سہرا پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی کے سر جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کوئٹہ سٹی سے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کی اور کامیابی کے بعد انہوں نے دو سال کے دوران کوئٹہ شہر اور حلقہ انتخاب میں بہت زیادہ ترقیاتی کام کروائے اور اب بھی اربوں روپے کے ترقیاتی کام جاری ہیں جس سے کوئٹہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو گا اور عوام کو بنیادی سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی اور رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل کی کارکردگی مسلم لیگ (ن) کے کارکن اور حلقے کے عوام مطمئن ہیں اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کا مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر و گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل سے مطالبہ ہے کہ رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل کو وزارت دی جائے تاکہ وہ مزید بہتر طریقے سے عوام کی خدمت کر سکیں۔

کوئٹہ، تحصیلدار سب ڈویژن سٹی پولیو قطرے پلانے سے انکاری والدین کو آمادہ کر کے ریفوزل بچوں کو کور کر رہے ہیں

حاجی عبدالواحد صدیقی کی کارکردگی تاریخ کا حصہ ہے، محب اللہ کاکڑ

انہوں نے تحصیل نانا صاحب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے، مخالفین بوکھلا گئے ہیں

موجودہ نمائندوں نے کاریزات اور بوستان کو عناد کی بنیاد پر فنڈز سے محروم رکھا ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام صوبائی کونسل کے رکن محب اللہ خان کاکڑ نے ایک بیان میں سابق رکن صوبائی اسمبلی حاجی عبدالواحد صدیقی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے اپنے دور اقتدار میں تحصیل نانا صاحب میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے، جن کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ حاجی عبدالواحد صدیقی کی کارکردگی روز روشن کی طرح عیاں ہے اور تحصیل کے تقریباً ہر گاؤں میں ان کے مکمل کردہ منصوبے ان کی عوامی خدمت کی گواہی دے رہے ہیں۔ محب اللہ کاکڑ نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ سابق ایم پی اے نے پسماندہ علاقوں کی محرومیاں ختم کرنے کے لیے سڑکوں کی تعمیر، صاف پانی کی فراہمی، واٹر سپلائی اسکیموں، نئے اسکولوں کے قیام اور صحت کی سہولیات کی فراہمی جیسے اہم منصوبے ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروائے۔ انہوں نے پی ایس ڈی پی کے تحت تحصیل نانا صاحب کو برابری کی بنیاد پر فنڈز فراہم کیے، جس سے بجلی اور دیگر بنیادی ڈھانچے میں نمایاں بہتری آئی۔ انہوں نے حاجی عبدالواحد صدیقی پر ہونے والی تنقید کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ کچھ عناصر اپنی سیاست چمکانے کے لیے ایک خدمت گزار شخصیت کو نشانہ بنا رہے ہیں، جو کہ انتہائی افسوسناک ہے۔ محب اللہ کاکڑ نے موجودہ نمائندوں پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ تین سالوں سے کاریزات اور بوستان جیسے علاقوں کو ترقیاتی فنڈز سے مسلسل محروم رکھا گیا ہے، مگر تنقید کرنے والے ان حقیقی مسائل پر خاموش ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ حقائق کو نظرانداز کر کے منفی پروپیگنڈا کرنے والوں کو عوام کے سامنے بے نقاب کیا جائے گا۔

مرانگی ڈیم منصوبہ کی بروقت تکمیل حکومتی ترجیح ہے، اریگیشن حکام

غیر معیاری کام کرنیوالے ٹھیکیداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہو گی

اسپل وے کی تعمیر اور رسائی سڑک کی کٹائی کا کام تیزی سے جاری ہے، بریفنگ

کوئٹہ (این این آئی) سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن سرکل لورالائی انجینئر نور محمد مندوخیل نے کہا ہے کہ مرانگی ڈیم منصوبہ کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے ترقیاتی منصوبوں میں کسی بھی قسم کے ناقص میٹریل کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا غیر معیاری کام میں ملوث ٹھیکیداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی، مرانگی ڈیم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی کوششوں سے تقریباً 5 ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے سپرنٹنڈنگ انجینئر، اریگیشن سرکل لورالائی کا چارج سنبھالنے کے فوری بعد فیلڈ اسٹاف کے ہمراہ مرانگی ڈیم منصوبے سمیت علاقے میں جاری محکمہ اریگیشن کے منصوبوں کے معائنے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ کنسلٹنٹ ٹیم بھی اس موقع پر موجود تھی جو تکنیکی نگرانی اور کام کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ قریبی رابطے میں ہے۔ دورے کے دوران سپرنٹنڈنٹ انجینئر نور محمد مندوخیل کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے کے اہم حصے، بالخصوص اسپل وے کی تعمیر اور رسائی سڑک کی کٹائی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس موقع پر انجینئر نور محمد مندوخیل نے کہا کہ مرانگی ڈیم منصوبہ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ایک اہم اسکیم ہے جسے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل کی کاوشوں سے تقریباً 5 ارب روپے کی لاگت سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل سے لورالائی شہر کو پینے کے صاف پانی کی مستقل فراہمی ممکن ہو سکے گی اور علاقے میں پانی کی شدید قلت کے مسئلے میں نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیم کی تکمیل نہ صرف شہری آبادی کے لیے پینے کے پانی کی دستیابی کو بہتر بنائے گی

ڈائریکٹر جنرل زرعی تحقیق ڈاکٹر محمد قاسم کاکڑ کا بلوچستان (کوئٹہ کیمپس) کے دورے کے موقع پر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایڈووکیٹ شجاعت حسین کی بیٹی اور خالد جاوید کے بیٹے کی شادی کی تقریب میں معززین کا گروپ فوٹو

غلام مصطفیٰ گزگی انتقال کر گئے

خضدار (آن لائن) گزگی قبیلے کے رہنما رئیس غلام مصطفیٰ گزگی طویل علالت کے بعد گزشتہ روز انتقال کر گئے۔ مرحوم خیر جان بلوچ کے ہمسفر رہنے والے ساتھی تھے اور سوشل ایکٹیوسٹ سیاسی و سماجی رہنما بی این پی خضدار کے ضلعی انفارمیشن سیکرٹری عالم فراز مینگل کے والد تھے۔ جبکہ رئیس نثار احمد مینگل، رئیس علی حیدر گزگی کے چچا زاد بھائی تھے۔

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق صوبائی صدر و سابق وفاقی وزیر میر چنگیز خان جمالی، سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ، سینئر صوبائی رہنما ملک عبدالحمید کاکڑ، ندا محمد ترین، اجمل خان کاکڑ، تحصیل کچلاک کے صدر محمد صادق کاکڑ، عبدالرحمن و دیگر نے ہفتہ کو شہید عثمان خان کاکڑ کی والدہ کی وفات پر انکی رہائش گاہ پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین و رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

بی این پی کے رہنماؤں کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ملک نصیر شاہوانی، مرکزی کابینہ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل، سردار زادہ مرحوم ضیاء اللہ مینگل کی اہلیہ، پارٹی قائد سردار اختر جان مینگل کی چچی، رکن بلوچستان اسمبلی میر جہانزیب مینگل کی والدہ کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ایم ایم ایل کے صوبائی صدر عقیل احمد لغاری کی میر عارف محمد حسنی سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے صدر عقیل احمد لغاری نے وفد کے ہمراہ میر عارف محمد حسنی سے ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور صوبے کی بہتری کے لیے مشترکہ کاوشوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ عوامی فلاح و بہبود کے لیے مل کر کام کیا جائے گا۔ اس موقع پر عقیل احمد لغاری کے ہمراہ صدر مسلم یوتھ لیگ انجینئر طارق حسین، ترجمان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان حنظلہ عماد، سینئر نائب صدر کوئٹہ بابر مغل، جبران اور مومن سرمستانی بھی موجود تھے۔

قلات: اے ڈی سی نے انٹرمیڈیٹ امتحانی سینٹر کا دورہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر انٹرمیڈیٹ (ایف اے، ایف ایس سی) کے سالانہ امتحانات کے شفاف انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات پر عملدرآمد شروع ہو گیا ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج قلات میں جاری امتحانی مرکز کا اچانک دورہ کیا کالج پرنسپل پروفیسر شکیل بلوچ نے اے ڈی سی کو امتحانی سینٹر کا دورہ کرایا اور سیکیورٹی انتظامات سے متعلق آگاہ کیا امتحانی مرکز میں صرف ایک پولیس اہلکار کی موجودگی کا نوٹس لیکر فوری طور پر تحصیلی پولیس افسر سے رابطہ کیا اور امتحانی عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ نقل کی روک تھام کے لیے زیرو ٹالرینس کی پالیسی اپنائی جائے اے ڈی سی شاہنواز نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان ہمارا مستقبل ہیں اور وزیراعلیٰ کی ہدایت پر امتحانات میں شفافیت برقرار رکھنا ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ حقدار طلبہ کی حوصلہ شکنی نہ ہو انہوں نے امتحانی مراکز کی حدود میں غیر متعلقہ افراد کے رش پر پابندی کی ہدایت کی اور سکیورٹی اہلکاروں کو الرٹ رہنے کا حکم دیا۔

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں روڈ کی توسیع اور پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ کے تحت ترقیاتی کام کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 19 اپریل کو بروز اتوار کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جناح ٹاؤن، شہباز ٹاؤن، بروری، دیبہ، جی او آر کالونی اور ملک پلانٹ فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے صاحبزادہ، نواں کلی بائی پاس، زرغون ون اور زرغون ٹو فیڈرز اور انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے عاصم آباد، انڈسٹریل بولان فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان روڈ، حالی روڈ، سٹی فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے پی ٹی وی، اسٹیڈیم، مارک فیکٹری، پی اے ایف اور سریاب گرڈ کے بی ایم سی فیڈرز دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ دریں اثناء 19 اپریل کو بروز اتوار سریاب گرڈ اسٹیشن میں نصب برقی تنصیبات کی ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جا رہے ہیں اس سلسلے میں سریاب گرڈ اسٹیشن سے منسلک 11kv چلتن، اولڈ لیاقت بازار، سمنگلی ایکسپریس، انڈسٹریل، سریاب ون، سریاب ٹو، جوائنٹ روڈ، منی مارکیٹ، جز سا، نیو جان محمد، اولڈ جان محمد، کراچی ایکسپریس، ہزارہ ٹاؤن، بی ایم سی، غازی، کالونی، سرکی روڈ، اے ون سٹی، خیر بخش مری، دلدار کاریز، اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن فیڈرز صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے مرمتی کاموں اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو ریئر ایڈمرل سہیل احمد عظمی کمانڈر نیشنل وار کالج شیلڈ پیش کر رہے ہیں

نوجوانوں کو سیاسی شعور کے ساتھ آگے بڑھنا ہو گا، دارا خان جوگیزئی

قومی سیاست ہی اپنی سرزمین و وسائل کے تحفظ اور حقوق کے حصول کی ضمانت ہے

عوامی مسائل کے حل کیلئے پارٹی کی تشکیل کردہ کمیٹیاں اپنے فرائض انجام دیں گی

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام تحصیل تلاقہ حیدرزئی میں ملک شائستہ خان حیدرزئی کی نمائندگی میں 43 افراد نے پارٹی میں شمولیت اختیار کر لی۔ اس موقع پر ضلعی صدر حاجی درا خان جوگیزئی کی صدارت میں ایک باوقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حاجی درا خان جوگیزئی نے کہا کہ قومی سیاست کے بغیر نہ تو ہم اپنے قدرتی وسائل کا تحفظ کر سکتے ہیں اور نہ ہی بکھرے ہوئے عوام کو منظم کر کے ان کے بنیادی حقوق کے حصول کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارٹی قیادت نے ہمیشہ قوم کی خاطر قربانیاں دی ہیں، جیلیں کاٹیں، گرفتاریاں برداشت کیں اور شہادتیں پیش کیں تاکہ عوام کے حقوق کی جدوجہد جاری رہے۔ ڈسٹرکٹ ڈپٹی چیئرمین احسان اللہ کاکڑ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ڈی سی کمپلیکس اور دیگر سرکاری دفاتر میں عوامی مسائل کے حل کے لیے ان کی ٹیم ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی اور پارٹی پلیٹ فارم کے ذریعے لوگوں کی رہنمائی کی جائے گی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ظریف سبا نے قومی سیاست میں نوجوانوں کے کردار کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان ہی قوم کا روشن مستقبل ہیں اور انہیں سیاسی شعور کے ساتھ آگے بڑھنا ہو گا۔ سیکرٹری اطلاعات عزیز اللہ کاکڑ اور تحصیل صدر عزیز احمد نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنی صفوں میں اتحاد پیدا کریں، اختلافات کو ختم کریں اور اس اتحاد کو سیاسی قوت میں بدل کر اپنے بنیادی حقوق — امن، تعلیم، صحت، سڑکوں، روزگار اور کاروباری مواقع — کے حصول کے لیے بھرپور جدوجہد کریں۔ تقریب کے اختتام پر نئے شامل ہونے والے کارکنان نے پارٹی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی حقوق کی جدوجہد میں ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے۔

کوئٹہ، جے آئی کے صوبائی صدر و دیگر معتبرین مقامی اسکول کا افتتاح کر رہے ہیں

پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کو تباہ کیا جا رہا ہے، نگہت درانی

کونسل میں غیر نرسز کو بزور طاقت عہدوں پر مقرر کر کے کونسل کی ساکھ کو مجروح کیا گیا

بیوروکریٹک اور سیاسی مداخلت نے کونسل کو مچھلی بازار بنا دیا ہے، افشاں، طارق بھٹی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان نرسز فیڈریشن کی صدر نگہت درانی، جنرل سیکرٹری افشاں نازلی سینئر رہنما طارق حسین بھٹی و دیگر رہنماؤں نے اپنے ایک بیان میں پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کی تباہی پر نہایت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عرصہ دراز سے پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل کے ساتھ کھلواڑ کھیلا جا رہا ہے اور غیر نرسز کو کونسل میں نمائندگی کے ذریعے صدر و نائب صدر بزور طاقت مقرر کر کے کونسل کی ساکھ کو مجروح کر دیا گیا ہے آج کونسل تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے۔ جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے بھی بیوروکریسی کی مداخلت بھی سیاسی مداخلت نے کونسل کو مچھلی بازار بنا دیا ہے پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل نرسز اینڈ مڈوائفری کا ادارہ اور ان کی پہچان رکھتا ہے اور الحمدللہ نرسز اس قابل ہیں کہ کونسل کو بہتر طریقے سے سنبھال سکتی ہیں بلاوجہ غیر نرسز کی بے جا مداخلت سے کونسل کے ساتھ کھلواڑ کی پاکستان نرسز فیڈریشن بھرپور مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ کونسل کو با اختیار ادارہ بنا کر نرسز کو تمام اختیارات و نمائندگی سپرد کی جائے آج نرسز میں گریجویٹ، ماسٹر نرسز کے ساتھ ساتھ پی ایچ ڈی نرسز موجود ہیں جو کہ نرسنگ پیشہ کو تکنیکی بنیادوں پر استوار کرنے کا بہتر علم و شعور رکھتے ہیں نان نرسز کو ذرہ برابر بھی نرسز و مڈوائفری پیشہ کا ادراک نہیں ہے وہ اپنی نان نرسز قابلیت کو نرسز پر زبردستی تھوپ کر اس حساس اور ٹیکنیکل پیشہ اور کونسل کو زبردستی پیچھے کی طرف دھکیل رہے ہیں ضرورت اس امر کی ہے نرسز کو بدلتی ہوئی ترقی یافتہ دنیا کی موجودہ جدید خطوط پر مہارت کے ذریعے استوار کر کے بہتر پلاننگ کی جائے جو اج کی تعلیم یافتہ نرس ہی بہتر ادراک رکھتی ہے خدارا اس کھلواڑ کو بند کیا جائے حکومت کے اس اقدام سے نرسز میں احساس کمتری ابھر رہا ہے اور اج کی تعلیم یافتہ نرس اور اس کے مقدس پیشے کے ساتھ کھلواڑ سے نرسز کو جدید خطوط پر استوار کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے تاریخ گواہ ہے کہ محکمہ صحت میں نرسز کو ایک مخصوص طبقہ ڈاکٹرز کے ہاتھوں کے زیر اثر رکھا جاتا رہا ہے اور اب ستم ظریفی یہ ہے کہ اب مزید نان ٹیکنیکل طبقے کو بھی اس میں شامل کر لیا گیا ہے دنیا نرسز کے کام اور ان کی کارکردگی پر فخر کر رہی ہے لیکن یہاں بیوروکریسی کے ساتھ ساتھ سیاسی مداخلت بھی نرسنگ پیشے کی ترقی میں رکاوٹیں پیدا کرنے کی کوشش میں مصروف عمل نظر آ رہی ہیں جو قابل مذمت اقدام ہے انہوں نے وزیراعظم جناب شہباز شریف اسلامی جمہوریہ پاکستان اور صدر جناب آصف علی زرداری اسلامی جمہوریہ پاکستان وزیر صحت جناب مصطفیٰ کمال اور متعلقہ حکام بالا سے مطالبہ کیا کہ کونسل کے ساتھ کھلواڑ ختم کر کے پورے پاکستان کی نرسز میں پائی جانے والی بے چینی کو ختم کر کے کونسل کے تمام تر اختیارات نرسز کے سپرد کئے جائیں اور پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل میں صدر اور نائب صدر کی پوزیشن پر سینئر نرسز کو منتخب ہونے کا حق دیا جائے۔

کوئٹہ، زرغون روڈ پر جاری ترقیاتی کام مکمل نہ ہو سکا

بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور لسبیلہ چیمبر کے حکام کا مشترکہ اجلاس

بی ڈبلیو ڈبلیو ایف کی ادائیگی اور بی ایس ٹی ایس ایکٹ کے تحت تعمیل کے امور پر غور

غیر رجسٹرڈ کمپنیوں اور نل ریٹرنز جمع نہ کرانے کے مسئلے کو بھی اجاگر کیا گیا

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) اور لسبیلہ چیمبر آف کامرس کے درمیان ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ٹیکس اور تعمیل (کمپلائنس) سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت چیئرپرسن عبدالملک خان نے کی، جبکہ ان کے ہمراہ مینیجنگ ڈائریکٹر لیڈا لیاقت علی کاشانی، محکمہ خزانہ کے ریونیو و فسکل پالیسی کے سربراہ سعد اللہ خان کاکڑ، اور BRA کے اسسٹنٹ کمشنر عبیداللہ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیمبر کے سابق صدر و ممبر بورڈ لیڈا اسماعیل ستار اور سیکرٹری جنرل انجم رفعت اللہ خان سمیت حب کے صنعتی نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان ورکرز ویلفیئر فنڈ (بی ڈبلیو ڈبلیو ایف) کی ادائیگی اور بی ایس ٹی ایس ایکٹ 2015 کے تحت تعمیل کے امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ BRA حکام نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان ورکرز ویلفیئر فنڈ (بی ڈبلیو ڈبلیو ایف) کی ادائیگیاں بلوچستان ورکرز ویلفیئر فنڈ ایکٹ 2022 کے مطابق حکومت بلوچستان کو ہی کی جائیں۔ اجلاس میں غیر رجسٹرڈ کمپنیوں اور نل ریٹرنز جمع نہ کرانے کے مسئلے کو بھی اجاگر کیا گیا۔ چیمبر آف کامرس نے یقین دہانی کرائی کہ تمام غیر رجسٹرڈ اداروں کی رجسٹریشن اور ٹیکس قوانین کی مکمل تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور تعاون کیا جائے گا۔ لیڈا نے بھی اپنے دائرہ اختیار میں آنے والی کمپنیوں اور فیکٹریوں کی رجسٹریشن میں سہولت فراہم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

کوئٹہ، وفا روڈ پر سڑک کے بیچوں بیچ ٹوٹا ہوا مین ہول آٹھ ماہ سے مرمت کا منتظر

بزرگوں اور قائدین کا احترام ہماری ثقافت کا حصہ ہے، فرحان جمالی

روایتی احترام کو غلامی کا نام دینا حقیقت کے برعکس ہے، قبائلی اقدار کی توہین ہے

بے جا تنقید کرنیوالے سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی بجائے معاشرتی آداب سیکھیں

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما رئیس فرحان جمالی نے اپنے ایک جاری بیان میں صوبائی وزیر اور جمالی اقوام کے سربراہ سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کی صدر پاکستان آصف علی زرداری کے ساتھ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی تصویر پر جاری تنقید کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کا صدر مملکت سے ادب و احترام کے ساتھ جھک کر ملنا کسی غلامی کی علامت نہیں بلکہ یہ جمالی اقوام کی اعلیٰ روایات اور قدیم قبائلی اقدار کا آئینہ دار ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کچھ لوگ قبائلی روایات سے ناواقفیت کی بنا پر اس باوقار عمل کو غلط زاویے سے دیکھ کر تنقید کر رہے ہیں رئیس فرحان جمالی نے تاریخی حقائق کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ خود صدر پاکستان آصف علی زرداری، میر فیصل خان جمالی کے والد محترم مرحوم سردار یار محمد خان جمالی سے ہمیشہ اسی طرح نہایت ادب و احترام کے ساتھ ملتے تھے انہوں نے یاد دلایا کہ ایک موقع پر جھل مگسی میں اسٹیج پر بھی آصف علی زرداری نے سردار یار محمد خان جمالی کو جھک کر سلام کیا تھا جو دونوں خاندانوں کے درمیان باہمی عزت و تکریم کا ثبوت ہے انہوں نے مزید کہا کہ بزرگوں اور قائدین کا احترام ہماری ثقافت کا حصہ ہے اس روایتی احترام کو غلامی کا نام دینا نہ صرف حقیقت کے برعکس ہے بلکہ ہماری قبائلی اقدار اور بزرگوں کی توہین کے مترادف ہے۔ تنقید کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ قبائلی اور سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے بجائے معاشرتی آداب اور تاریخ کا مطالعہ کریں۔

محکمہ صحت کی بھرتیاں اور ٹھیکہ جات شفافیت کی متقاضی ہیں، نقیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ اسپنی روڈ ٹراما سینٹر میں بھرتیوں کے پروسس میں شفافیت مفقود دکھائی دی، مبینہ طور پر بدترین اقرباء پروری کی گئی

محکمہ میں سفارش کلچر عام ہے، تمام دفاتر سے جاری ہونے والے ٹھیکہ جات بھی بھانجوں اور بھتیجوں کو دیے جا رہے ہیں

سنڈیمن صوبائی ہسپتال اور ٹراما سنٹر پولیس لائن کی پوسٹوں اور مشینری میں ہونیوالی دھاندلی بابت جلد پریس کانفرنس کرینگے

کوئٹہ (پ ر) ٹراما سنٹر سپنی روڈ میں بھرتیوں کے پروسس اور تعیناتی نے بلوچستان کے قابل ذہین اور تعلیم یافتہ جوانوں کو مایوس کیا اور یہ تو صرف ایک ٹراما اینڈ ایمرجنسی سنٹر اسپنی روڈ میں اقرباء پروری اور سفارش کا حال ہے۔ باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ہسپتالوں اور دفاتر میں جو ترقیاتی کام ہو رہے ہیں وہ ٹھیکیدار بھی بھانجوں اور بھتیجوں میں سے ہیں۔ اب ٹھیکیدار اور سفارشی ملازمین بھتیجے اور بھانجے ہوں گے۔ ایپکا محکمہ صحت کے ترجمان نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ ٹراما سنٹر سپنی روڈ میں سفارش کلچر اور محکمہ صحت کے تمام دفاتر میں ٹھیکہ جات بھی بھانجوں اور بھتیجوں کو دیے جا رہے ہیں۔ کب تک یہ سفارشی کلچر اور رشتہ داری کلچر چلے گا بلکہ محکمہ صحت کے اپنے دفاتر ہونے کے باوجود محکمہ صحت کے متعلق تمام تر ٹھیکیداری سسٹم اور سفارشی سسٹم سرکاری آفس کے بجائے پرائیوٹ بنگلوں کام چل رہی ہے۔ پھر یہ سرکاری دفاتر کس مقصد کے لیے بنے ہیں اور یہ ملازمین کس مقصد کے لیے کام کر رہے ہیں۔ جہاں محکمے کے ملازمین کے رولز ریگولیشن محکمہ صحت نے 84 کے بعد اپڈیٹ تک نہیں کر سکتی لیکن پھر ٹھیکیداری اور سفارشی بھرتیوں کے لیے شہر کے اچھے علاقے میں بنگلہ کرایے پر لیکر کسی پروجیکٹ کے نام سے یا نام دے کر پورے ہیلتھ کو اس بنگلے سے چلایا جا رہا ہے ایپکا محکمہ صحت اب ہر چیز اور تمام غلط پالیسیاں سفارشی کلچر کو محکمہ صحت کے ملازمین کے سامنے اور عوام کے سامنے لائیں گے اور ہر وہ ملازم جو تنخواہ سے زیادہ کام کر رہے ہیں ان کے کرپشن کمیشن اور اقرباء پروری کو بے نقاب کریں گے ایپکا محکمہ صحت ہر اس ملازم کی دفاع کے لیے میدان میں رہیں گے جو محکمہ صحت کے ملازم کیساتھ اچھا ہو اور کرپشن اقرباء پروری جیسے ناسور کے خلاف کھڑا ہو۔ ایپکا نے محکمہ صحت کو بہت نزدیکی سے دیکھا یہاں کوئی قانون نہیں سوائے دھمکی آمیز لہجے کی۔ اب عدالتوں کے ذریعے بھی غلط پالیسوں کو چیلنج کرتے ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ سنڈیمن صوبائی ہسپتال کوئٹہ اور ٹراما سنٹر پولیس لائن کوئٹہ کے پوسٹوں اور مشینری میں کیا ہوا ہے اور کیا ہو رہے ہیں جلد پریس کانفرنس کے ذریعے پورے بلوچستان کے جوانوں کو آگاہ کریں گے۔

کوئٹہ، اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری و دیگر پی کے نیپ کے چیئرمین خوشحال کاکڑ سے ان کی دادی کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

تعلیمی زبوں حالی سے نجات کیلئے بھرپور مہم چلائیں گے، احمد گران

قلعہ سیف اللہ (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع قلعہ سیف اللہ کے ضلعی سیکرٹری حمد گران اور دیگر ممبران نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں بند سکولوں کو فعال بنانا حکومت اور محکمہ تعلیم کی ذمہ داری ہے، سکولوں میں اکثر اساتذہ غیر حاضر رہتے ہیں دور دراز علاقوں کے اساتذہ کی حاضری کا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں، سکولوں میں بنیادی سہولیات موجود نہیں۔ گھوسٹ ملازمین کی صورت میں محکمہ تعلیم کو نہ صرف تباہی سے دو چار کیا جا رہا ہے بلکہ بچوں اور طالب علموں کے مستقبل سے بھی کھیلا جا رہا ہے جو کہ ایک سنگین جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی زبوں حالی سے نجات کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنا ہو گا۔ اپنے اپنے علاقوں میں موجود پرائمری، مڈل، ہائی سکولوں کی دیکھ بھال کرنا، وہاں اساتذہ کی حاضری، طلباء کی حاضری، اساتذہ و طلباء کے مسائل کو اجاگر کرنا، بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے محکمہ تعلیم کو آگاہ کرنا ہماری ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن تعلیمی مہم کے دوران ان تمام مسائل کو اپنے عوام، میڈیا، محکمہ تعلیم کے سامنے پیش کرے گی اور مطالبہ کرے گی کہ وہ ضلع قلعہ سیف اللہ میں بہتری نظام تعلیم کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں۔

تختانی بائی پاس سے کچروں کے ڈھیر اٹھائے جائیں، پی کے میپ (کوئٹہ)

گنجائش ختم ہونے کے باوجود کچرہ ڈمپ کیا جا رہا ہے، اہل علاقہ کی زندگی اجیرن ہو گئی ہے

کچرے کے ڈھیر اردگرد کی آبادی اور گلیوں تک پھیل چکے ہیں، تعفن اور بیماریاں پھیل رہی ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل سریاب کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ بکرا منڈی کے علاقے تختانی بائی پاس پشتونستان علاقائی یونٹ کے حدود میں میٹرو پولیٹن کی زمین، جو عارضی طور پر کچرا ڈالنے کے لیے استعمال ہو رہی تھی، اب مکمل طور پر بھر چکی ہے۔ اس جگہ کی گنجائش ختم ہو چکی ہے، مگر اس کے باوجود یہاں مسلسل کچرا پھینکا جا رہا ہے، صورتحال اس حد تک خراب ہو چکی ہے کہ کچرے کے ڈھیر اردگرد کی آبادی اور گلیوں تک پھیل چکے ہیں۔ بدبو، گندگی اور تعفن نے اہل علاقہ کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ یہاں سے مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں، بچوں، بزرگوں اور خواتین کی صحت شدید خطرے میں ہے۔ اب اس مقام پر مزید کچرا ڈالنے کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی اور اگر یہ عمل نہ روکا گیا تو حالات مزید تباہ کن ہو جائیں گے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن، صفا پروجیکٹ کوئٹہ کی انتظامیہ فوری طور پر یہاں مزید کچرا پھینکنے کا سلسلہ بند کر کے موجودہ کچرے کو ہنگامی بنیادوں پر یہاں سے منتقل کرنے کے لیے اقدامات کرے اور صفائی کے مستقل اور مؤثر انتظامات کیے جائیں اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو اہل علاقہ اپنے حقوق کے لیے سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہو گی۔

تاجروں کا معاشی قتل عام بند کیا جائے، کاشف حیدری

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ ایک جانب سمارٹ لاک ڈاؤن کے نام پر رات 8 بجے کاروباری مراکز اور دکانیں بند کرا دی جاتی ہیں جبکہ دوسری جانب لاک ڈاؤن سے قبل ہی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے تاجروں اور عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں اور تاجر برادری کو شدید معاشی نقصان کا سامنا ہے، یہ بات انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گرمی کے آغاز کے ساتھ ہی پورا دن بجلی کی بندش معمول بن چکی ہے اور شام کے اوقات میں بھی کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے جس سے تاجروں کو کاروبار کیلئے دستیاب محدود وقت بھی میسر نہیں آ رہا، پہلے بجلی بند کی جاتی ہے اور اس کے بعد سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت رات 8 بجے دکانیں بند کرا دی جاتی ہیں

موسیٰ خیل میں طلباء اور نوجوانوں کی منظم تنظیم بنائیں گے، وارث افغان

پشتونخوا ایس او طلباء و نوجوانوں کی بہترین رہنمائی اور شعور اجاگر کرنے کا ذریعہ ہے

ضلعی ممبران موسیٰ خیل تنظیم کو فعال تر بنانے میں کردار ادا کریں، مزمل وطنیار، سنزر خان

موسیٰ خیل (پ ر) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع موسیٰ خیل کی ضلعی آرگنائزنگ باڈی کا اجلاس زیر صدارت سنزر موسیٰ خیل منعقد ہوا۔ اجلاس میں زونل آرگنائزر وارث افغان، سینئر آرگنائزر مزمل وطن یار، ہارون موسیٰ خیل، زبیر ترین، ظفیر ترین، عطاء محمد ناقر ارشریک تھے۔ اجلاس میں گزشتہ تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور ضلعی کانفرنس کے لیے تیاری کی گئی اور تنظیمی حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اور تمام ضلعی ممبران کو ہدایت کی گئی کہ وہ ضلع موسیٰ خیل تنظیم کو فعال تر بنانے میں کردار ادا کرے۔ اجلاس سے رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پشتونخوا وطن کے طلباء کی نمائندہ تنظیم ہے جس نے پشتونخوا وطن کے نوجوانوں، طلباء کی بہترین رہنمائی اور ان میں قومی سیاسی جمہوری شعور اجاگر کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موسیٰ خیل میں طلباء اور نوجوانوں کی منظم تنظیم بنائیں گے اور اپنی جدوجہد کے ذریعے تعلیمی اداروں کو فعال بنانے، تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی حاضری، ٹرانسپورٹ اور دیگر مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔

ایڈووکیٹ شجاعت حسین کی بیٹی اور خالد جاوید کے بیٹے کی شادی کی تقریب میں معززین شریک ہیں

ایران کا آبنائے ہرمز کھولنا خطے کیلئے اہم پیش رفت ہے، سردار برات درانی

کوئٹہ (اے این این) سیاسی و قبائلی رہنماء سردار برات خان درانی نے ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کو کھولنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے اسے خطے کے لیے ایک مثبت اور اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے ایران کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف عالمی تجارت بلکہ خطے کے معاشی استحکام کے لیے بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے یہ بات انہوں بیان جاری کرتے ہوئے کہی سردار برات خان نے ایران کو حالیہ کشیدگی کے دوران حاصل ہونے والی کامیابیوں پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے خطے میں توازن اور استحکام کو فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بحالی سے توانائی کی ترسیل اور تجارتی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی جس کے مثبت اثرات پاکستان سمیت دیگر ممالک پر بھی مرتب ہوں گے انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں خطے کے ممالک کو باہمی تعاون، برداشت اور مفاہمت کو فروغ دینا ہو گا تاکہ عوام کو درپیش معاشی مشکلات میں کمی لائی جا سکے انہوں نے پاکستان اور افغانستان سے اپیل کی کہ وہ انسانی ہمدردی اور علاقائی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے پاک افغان سرحد کو فوری طور پر کھولیں سردار برات خان کا کہنا تھا کہ پاک افغان بارڈر کی بندش سے دونوں ممالک کے عوام، بالخصوص سرحدی علاقوں کے رہائشی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ روزگار، تجارت اور بنیادی ضروریات کی فراہمی متاثر ہو رہی ہے جس کے باعث عوامی پریشانیوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سرحدی گزرگاہوں کی بندش کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے انہوں نے حکومت پاکستان اور افغانستان کی قیادت سے مطالبہ کیا کہ تجارت کے راستے میں حائل تمام رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے اور آزاد تجارت کو بحال کیا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیاں بحال ہوں اور معیشت کو سہارا ملے۔ ان کا کہنا تھا کہ بارڈر کھلنے سے نہ صرف تاجروں کو ریلیف ملے گا بلکہ دونوں ممالک کے درمیان اعتماد اور تعلقات میں بھی بہتری آئے گی سردار برات خان نے کہا کہ خطے کے امن و استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ ممالک باہمی روابط کو مضبوط بنائیں اور ایسے فیصلے کریں جو براہ راست عوام کے مفاد میں ہوں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ متعلقہ حکام جلد مثبت اقدامات اٹھائیں

یو-او-بی اساتذہ کیلئے بائیومیٹرک حاضری باعث تشویش ہے

ان کی بنیادی ذمہ داری تدریس اور تحقیق ہے، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن

اساتذہ کی توانائیاں مؤثر تدریس اور علمی سرگرمیوں پر صرف ہونی چاہئے

کوئٹہ (آن لائن) جامعہ بلوچستان کی انتظامیہ کی جانب سے اساتذہ کے لیے روزانہ صبح و شام دو مرتبہ بائیومیٹرک حاضری لازمی قرار دینے کے فیصلے نے اساتذہ کرام میں گہری تشویش اور بے چینی پیدا کر دی ہے۔ اس تناظر میں آج اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے کابینہ اراکین نے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا، جہاں اساتذہ نے کھل کر اپنے تحفظات اور خدشات کا اظہار کیا۔ اساتذہ کا مؤقف تھا کہ ان کی بنیادی ذمہ داری تدریس اور تحقیق ہے، اور انہیں اپنی توانائیاں کلاس روم میں مؤثر تدریس اور علمی سرگرمیوں پر مرکوز رکھنی چاہئیں۔ ان کے مطابق طلبہ کو معیاری تعلیم فراہم کرنا، تحقیق میں حصہ لینا اور دیگر پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی ہی دراصل ان کی حقیقی حاضری ہے، جس کا باقاعدہ ریکارڈ وہ متعلقہ چیئرمین اور ڈین کو فراہم کرتے ہیں۔ اسی دوران اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن نے اساتذہ سے واضح طور پر کہا کہ وہ بائیومیٹرک حاضری بالکل نہ لگائیں اور اس کی بجائے اپنی کلاسز کی حاضری کو یقینی بنائیں، نیز اس کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کر کے متعلقہ چیئرمین کے پاس جمع کروائیں۔ اساتذہ نے اس امر پر شدید تحفظات کا اظہار کیا کہ روزانہ دو مرتبہ بائیومیٹرک مشین پر حاضری دینا انکے پیشہ تدریس کے وقار اور عزت کے خلاف ہے۔ ان کے نزدیک یہ عمل معلم کے مقام اور اس کی عزت نفس کو مجروح کرتا ہے۔ اساتذہ نے یونیورسٹی انتظامیہ اور وائس چانسلر سے پرزور مطالبہ کیا کہ اس غیر مناسب اور غیر منطقی فیصلے پر فوری نظرثانی کی جائے، اور اساتذہ کو ان کی اصل ذمہ داریوں یعنی تدریس و تحقیق تک محدود رکھا جائے، تاکہ وہ اپنی پیشہ ورانہ خدمات کو بہتر اور مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔

دیدار علی جمالی کا علاقائی مسائل کے حل کے عزم کا اعادہ

مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہو چکا ہے

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) گنداخہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت میر دیدار علی خان جمالی نے کہا ہے کہ گزشتہ روز صوبائی وزیر لائیو سٹاک بلوچستان سردار زادہ میر فیصل خان جمالی کی گنداخہ شہر میں بنگلہ الحاج میر جبل خان جمالی آمد ہوئی جس کا تہہ دل سے خیر مقدم کرتا ہوں اور میں اپنی ذاتی مصروفیات کی وجہ سے کوئٹہ میں ہونے کی وجہ سے سردار زادہ میر فیصل خان جمالی سے نہ مل سکا مگر میں امید کرتا ہوں کہ انشاء اللہ اگلی دفعہ جب وہ ہمارے ہاں تشریف لائیں گے تو میں انشاء اللہ موجود رہوں گا وہ علاقے کے عوام کی خدمت، بنیادی مسائل کے حل اور پائیدار امن و امان کے قیام کے لیے دن رات محنت جاری رکھوں گا یہ بات انہوں نے اے پی پی نیوز ایجنسی کے بیورو چیف نظر محمد سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہی میر دیدار علی جمالی نے کہا کہ گنداخہ اور گردونواح کے علاقوں کو اس وقت مختلف مسائل کا سامنا ہے جن میں پینے کے صاف پانی کی کمی، صحت اور تعلیم کی ناکافی سہولیات، سڑکوں کی خستہ حالی اور بے روزگاری جیسے اہم مسائل شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ عوامی نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر ان مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں گے تاکہ علاقے میں ترقی کا نیا دور شروع کیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس حوالے سے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ میر دیدار علی جمالی نے امن و امان کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام مکاتب فکر کو مل کر کردار ادا کرنا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ معاشرے کا مفید حصہ بن سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ علاقے کے معتبرین، قبائلی عمائدین اور نوجوانوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں

جمعیت ضلع کوئٹہ کے رہنما مولانا محمد طاہر توحیدی بجلی بحران کے سلسلے میں علماء کرام، قبائل مشران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول سردار عیسیٰ خان کے پرنسپل اور اساتذہ طلبہ میں یونیفارم تقسیم کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

اسٹیٹ بینک کے برطرف ملازمین کی بحالی کے خلاف اپیلیں مسترد

لاہور (آئی این پی) لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس عابد حسین نے سرکاری ملازمین سے متعلق اہم فیصلہ سناتے ہوئے اسٹیٹ بینک کے برطرف ملازمین کی بحالی کے خلاف اپیلیں مسترد کر دیں اور اسٹیٹ بینک و ایس بی پی بینک سروسز کی 10 درخواستیں خارج کر دیں۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس عابد حسین کا 8 صفحات کا فیصلہ عدالتی نظیر قرار دیا گیا، عدالت نے لیبر کورٹ اور این آئی آر سی کے ملازمین کی مستقلی اور بحالی کے فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے قرار دیا کہ نو ماہ سے زائد کام کرنے والے ملازمین مستقل ہونے کے اہل ہیں۔

پولیو کے خاتمے کیلئے ہر گھر تک رسائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ڈی سی کوئٹہ

پولیو مہم کے انکاری والدین سے براہ راست ملاقاتیں کر کے ان کے تحفظات دور کیے جا رہے ہیں

آگاہی دینے کے ساتھ انہیں مطمئن کر رہے ہیں کہ پولیو ویکسین بچوں کو معذوری سے بچانے کے لیے ناگزیر ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر شہر اور مضافات میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوران ضلعی انتظامیہ کے افسران نے متحرک کردار ادا کرتے ہوئے انکاری والدین سے براہ راست ملاقاتیں کیں اور انہیں قائل کر کے ریفوزل کیسز کور کیے۔ مہم کے دوران گھر گھر جا کر والدین کے تحفظات دور کیے گئے اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے۔ اس حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی، زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ثناء اللہ اور تحصیلدار کریم بلیدی نے یو سی کوتوال اور کلی عمر میں جاری مہم کے دوران گھر گھر دورے کیے۔ انہوں نے والدین کو آگاہی دے کر ان کے خدشات ختم کیے اور موقع پر موجود ریفوزل بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے۔ جبکہ تحصیلدار ہمایون خان کاکڑ نے پشتون آباد کے مختلف علاقوں میں پولیو سے انکار کرنے والے والدین کے گھروں کا دورہ کیا۔ انہوں نے والدین سے مؤثر بات چیت کرتے ہوئے پولیو ویکسین سے متعلق آگاہی فراہم کی اور ان کے تحفظات دور کیے۔ اس کے نتیجے میں متعدد ریفوزل کیسز کور کرتے ہوئے بچوں کو قطرے پلانے کو یقینی بنایا گیا اس کے علاوہ اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار نے سرہ غڑگئی اور ملحقہ علاقوں میں گھر گھر جا کر انکاری والدین سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے والدین کو پولیو ویکسین کی اہمیت سے آگاہ کیا اور انہیں مطمئن کیا، جس کے بعد ریفوزل بچوں کو بھی کامیابی کے ساتھ قطرے پلا دیے گئے۔ اسپیشل مجسٹریٹ عزت اللہ نے ولی جیٹ، کلی جیو، شاہ جی چوک اور دیگر مقامات پر جاری پولیو مہم میں متحرک کردار ادا کیا۔ انہوں نے گھر گھر جا کر انکاری والدین سے مؤثر انداز میں بات چیت کی اور انہیں قائل کیا، جس کے نتیجے میں ریفوزل بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مکمل طور پر کور کیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق پولیو کے خاتمے کے لیے ہر گھر تک رسائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ افسران والدین کو آگاہی دینے کے ساتھ ساتھ انہیں مطمئن کر رہے ہیں کہ پولیو ویکسین بچوں کو معذوری سے بچانے کے لیے ناگزیر ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ مہم کو مؤثر بنانے کے لیے انکاری کیسز پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اور یہ عمل مہم کے اختتام تک جاری رہے گا۔

مسلم لیگ ن مزدور دوست جماعت ہے، فرید افغان

بی (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات بلوچستان ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر کے مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے مسلم لیگ ن نے ہمیشہ اول دستے کا کردار ادا کیا مسلم لیگ ن کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی ولولہ انگیز قیادت میں پاکستان ترقی خوشحالی کی جانب گامزن ہو چکا ہے ایران امریکہ جنگ بندی میں پاکستان کا کردار نمایاں طور پر پوری دنیا کے سامنے عیاں ہے چیف آف آرمی جنرل سید حافظ عاصم منیر کی کامیاب حکمت عملی وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی کامیاب سفارت کاری ملک و قوم کے لئے نیک شگون ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر صوبائی جنرل سیکرٹری لیبر ونگ خان موسیٰ خان اچکزئی، سینئر صحافی ظہور احمد بگٹی بھی موجود تھے قبل ازیں صوبائی صدر لیبر ونگ منیر احمد مسوری بگٹی نے بلوچستان میں مزدوروں کو درپیش مسئلہ مسائل کے حوالے سے مرکزی رہنما فرید افغان کو تفصیلی آگہی فراہم کی جبکہ ایران امریکہ جنگ بندی کی کوششوں پر بھی بات چیت ہوئی اس موقع پر مرکزی رہنما ایڈووکیٹ فرید افغان نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن نے ہمیشہ مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے گرانقدر خدمات سرانجام دی مزدوروں کی مشکلات کے ازالے کے لئے وفاقی حکومت نے اول دستے کا کردار بھی ادا کیا۔۔

کوئٹہ ایڈووکیٹ شجاعت حسین کی صاحبزادی اور خاور جاوید کے بیٹے کی شادی کی تقریب میں مہمانوں کا گروپ فوٹو

ایس پی جویریہ محمد جمیل کو گریڈ 19 میں ترقی دے دی گئی

ان کا شمار محنتی، دیانتدار شہرت کی حامل خاتون آفیسرز میں کیا جاتا ہے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) پنجاب پولیس کی ذہین اور ہونہار آفیسر، ایس پی جویریہ محمد جمیل کو گریڈ 19 میں ترقی دے کر ایس ایس پی اسپیشل برانچ راولپنڈی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ان کا شمار پولیس کی محنتی، دیانتدار اور بہترین شہرت کی حامل خاتون آفیسرز میں کیا جاتا ہے۔

گڈانی کی صنعتوں میں سفارشی کلچر کا راج قائم ہوگا

مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے دروازے بند کیے جا رہے ہیں

گڈانی (یو این اے) تحصیل گڈانی کی صنعتوں میں مقامی، غریب اور بغیر سفارش کے بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع روز بروز ختم ہوتے جا رہے ہیں، جس سے علاقے کے نوجوانوں میں شدید تشویش اور مایوسی پائی جا رہی ہے۔ مقامی نوجوانوں اور غریب کاروباری حضرات کا کہنا ہے کہ گڈانی میں قائم صنعتوں میں اب بیوپار ہو یا مزدوری، ہر جگہ سفارشی کلچر اور سیاسی اثر و رسوخ کی اجارہ داری قائم ہو چکی ہے۔ بے روزگار نوجوانوں کے مطابق، وہ روزانہ گھنٹوں صنعتوں کے گیٹ پر اس امید میں بیٹھے رہتے ہیں کہ انہیں مزدوری ملے گی، لیکن شام کو مایوس ہو کر گھر لوٹ آتے ہیں۔ اس کے برعکس، سیاسی اثر و رسوخ رکھنے والے اور سفارشی افراد کے لیے کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ نوجوانوں کا کہنا ہے کہ موجودہ ہوشربا مہنگائی کے دور میں دو وقت کا کھانا حاصل کرنا بھی ناممکن ہو گیا ہے، اور روزگار کی فراہمی میں اس قسم کا امتیازی سلوک غیر انسانی ہے۔

بلوچستان ترقی اور سرمایہ کاری کیلئے اہم مرکز بن رہا ہے، بلال خان کاکڑ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان تبدیل ہو رہا ہے، وائس چیئرمین

بلوچستان پاکستان کے معاشی مستقبل کی سمت کے عنوان سے منعقدہ سیمینار کے شرکاء سے خطاب

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان صنعتی ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے اگلا اہم مرکز ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان تبدیل ہو رہا ہے، سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کر رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے زیر اہتمام، چینی قونصل خانہ کراچی، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور پاک چین اقتصادی تعاون کونسل کے اشتراک سے چینی قونصل خانہ کراچی میں "بلوچستان پاکستان کے معاشی مستقبل کی سمت" کے عنوان سے سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل تھے۔ بلال خان کاکڑ نے پاکستان اور چین کے تجارتی اداروں کے درمیان روابط بڑھانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس سے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھلیں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان کو سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنانے کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ سیمینار سے خطاب میں چین کے قونصل جنرل "یانگ یون ڈونگ" نے پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے چین کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر پاک چین اقتصادی تعاون کونسل (PCECC) کے صدر بایزید کاسی نے پاکستان اور چین کے مضبوط معاشی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس کے چیئرمین پالیسی ایڈوائزری بورڈ میاں زاہد حسین، پیٹرن انچیف ایس ایم تنویر، پاک چین اقتصادی تعاون کونسل کے نائب صدر میر محمد امید بلوچ، سیکرٹری جنرل رائے لونے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعاون کے مزید فروغ اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کے نئے امکانات تلاش کرنے کی اہمیت پر زور دیا، انہوں نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری جامع معاشی ترقی اور دوطرفہ تجارتی تعلقات کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے واجد حبیب نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مختلف مواقع کا تفصیلی جائزہ پیش کیا، جس میں معدنیات، توانائی، بنیادی ڈھانچے اور تجارتی سہولیات کے شعبوں میں موجود امکانات کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر بلوچستان کے قدرتی حسن، کاروباری سہولت مراکز، اور معدنی وسائل پر مبنی معلوماتی دستاویزی فلمیں بھی پیش کی گئیں۔ سیمینار میں رکن بلوچستان اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علاؤالدین مری، کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر حاجی ایوب مریانی سمیت سرکاری حکام، سفارت کاروں، سرمایہ کاروں اور کاروباری شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی، یہ تقریب بلوچستان کو بین الاقوامی سرمایہ کاری اور معاشی تعاون کے ایک اہم مرکز کے طور پر اجاگر کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ثابت ہوئی۔

کراچی، مشکوک گاڑی روکنے والا پولیس اہلکار گاڑی کی ٹکر سے شہید

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے معمار موڑ کے قریب گاڑی کی ٹکر سے پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ ڈی ایس پی سہراب گوٹھ کے مطابق افسوسناک واقعہ کراچی کے علاقے معمار موڑ کے قریب پیش آیا جہاں گاڑی کو مشکوک سمجھ کر پولیس نے روکنے کی کوشش کی۔ ڈی ایس پی نے بتایا کہ کار سواروں نے پولیس اہلکار کو ٹکر ماری اور فرار ہو گئے

قوم کے سوداگروں کو پچھتاوے کے سوا کچھ نہیں ملے گا، اے کیو ایم

قومی موومنٹ کی مقبولیت کا گراف دن بدن بڑھتا جا رہا ہے، صورت خان

کوئٹہ (پ ر) اے کیو ایم کے مرکزی سیکرٹریٹ میں ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے پارٹی کے مرکزی رہنما صورت خان افغان نے کہا ہے کہ اے کیو ایم کے قائد تحریک صدر احمد خان کی پشتون افغان قوم کے لا محدود بلا تفریق مدبرانہ سوچ و افکار کی وجہ سے پارٹی کی مقبولیت میں اضافہ ہو رہا ہے پارٹی کی آواز ہر پشتون افغان کے گھر تک پہنچنے کیلئے پارٹی کا ہر کارکن دن رات کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی مہم کے دوران توبہ اچکزئی اور دیگر علاقوں سے سینکڑوں افراد کا پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ مقبولیت کی گراف بڑھتا جا رہا ہے

مچھ کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے واقعہ کی عدالتی انکوائری کرائی جائے، عبدالستار خان

دو سگے بھائیوں سمیت تین کان کنوں کی شہادت ناقابل افسوس ہے، شاہ علی بگٹی، سفر محمد مری، ساجد کھوکھر

کائن مالکان، ٹھیکیداروں اور متعلقہ سرکاری اہلکاروں کا کڑا احتساب کیا جائے، پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین عبدالستار، آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صوبائی چیئرمین شاہ علی بگٹی، پی ایم ڈی سی شاہرگ کے لیبر لیڈر نور شاہ، ڈیگاری سے سفر محمد مری اور پی ایم ڈی سی ایمپلائیز اینڈ ورکرز یونین کے جنرل سیکرٹری ساجد کھوکھر نے گزشتہ دنوں بلوچستان کے ضلع بولان کی تحصیل مچھ میں واقع کوئلے کی ایک کان کے اندر زہریلی گیس بھر جانے کی وجہ سے دو سگے بھائیوں سمیت تین کان کنوں کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے واقعے کی تحقیقات اور ذمہ داروں کی نشاندہی کیلئے شفاف عدالتی انکوائری یا مشترکہ تحقیقاتی ٹیم (جے آئی ٹی) تشکیل دینے سمیت مائن مالکان، ٹھیکیداروں اور متعلقہ سرکاری اہلکاروں کا کڑا احتساب کرنے کا مطالبہ کیا ہے، علاوہ ازیں شہید کانکنوں کی فیملی کو مناسب مالی معاوضہ، روزگار کے مواقع، سماجی تحفظ سمیت کانکنوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنانے کیلئے تمام مائن ورکرز کی فوری رجسٹریشن کی جائے۔ پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین عبدالستار نے کہا ہے کہ بلوچستان میں موجود کوئلے کی مائنز میں آئے روز ہونے والے حادثات کے نتیجے میں کان کنوں کی قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں، حکومت اور متعلقہ ادارے مائنز میں حفاظتی قوانین پر عملدرآمد کرانے میں ناکام ہیں، کوئلہ کی کانیں موت کی کانیں بن چکی ہیں، غریب کان کن اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر کان کنی کرتے ہیں ناقص انتظامات کے سبب دو وقت کی روٹی کیلئے موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں۔ پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین عبدالستار نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے فقدان اور صحت و سلامتی کی ضروری سہولتوں کی عدم دستیابی کی وجہ سے کوئلے کی کانوں میں حادثات معمول بن چکے ہیں، ہزاروں فٹ گہری کوئلہ کانوں میں کان کن جدید آلات، مشینری، سانس لینے کیلئے ماسک، آکسیجن سلنڈر اور گیس کی مقدار ناپنے والے آلات کے بغیر کام کرنے پر مجبور ہیں، کوئلے کی کانوں میں وینٹیلیشن کا مناسب انتظام نہیں ہوتا، مائنز میں میتھین گیس اور کاربن مونو آکسائیڈ گیسیں ہوتی ہیں لیکن ان کی مناسب مانیٹرنگ کا نظام موجود نہیں، اگر وینٹیلیشن اور گیسوں کی مانیٹرنگ کا مناسب انتظام ہو تو گیسوں کے جمع ہونے کی وجہ سے جو حادثات ہوتے ہیں انہیں روکا جا سکتا ہے، مائنز میں گیسوں کی موجودگی کا پتہ لگانے کیلئے ڈیجیٹل ڈیٹیکٹرز ہوتے ہیں لیکن بلوچستان کی کانوں میں ان کے استعمال کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کرنے کی بجائے پرانے طریقوں کو استعمال کیا جا رہا ہے لہٰذا اب پرانے طریقے چھوڑ کر جدید آلات سے مائن کی انسپکشن یقینی بنائی جائے۔ پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے خزانچی عبدالستار جونیئر نے کہا کہ کوئلے کی کان میں ہونے والا حادثہ چیف مائن انسپکٹر اور ایریا انسپکٹر سمیت اور متعلقہ محکمے کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے بھاری بھرکم تنخواہیں لینے والوں سے تحقیقات ضروری ہے جبکہ وفاقی اور صوبائی حکومت سے اپیل کی کہ قیمتی انسانی جانیں ضائع ہونے سے بچانے اور حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھیکیداری نظام فوری طور پر ختم کیا جائے، مائنز ورکرز کیلئے ہیلمٹ، حفاظتی چشمے، سانس لینے کیلئے ماسک اور آکسیجن سلنڈر کا استعمال، روزانہ کی بنیاد پر مائنز انسپکشن یقینی بنائی جائے جبکہ حفاظتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

قلعہ عبداللہ، مولانا واسع جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بڑے پیمانے پر سرچ آپریشنز جاری

85 مشکوک افراد اور 47 موٹر سائیکل مزید جانچ پڑتال کے لئے تھانہ جات منتقل

1,164 افراد، 679 گھر، 113 دوکان، 426 موٹر سائیکل، 164 گاڑیاں چیک کی گئی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی دارالحکومت میں بڑے پیمانے پر سرچ آپریشنز جاری۔ سرچ آپریشن کے دوران 1,164 افراد، 679 گھرانوں، 113 دوکانیں، 426 موٹر سائیکلوں اور 164 گاڑیوں کو چیک کیا گیا۔ 85 مشکوک افراد اور 47 موٹر سائیکل مزید جانچ پڑتال کے لئے تھانہ جات منتقل۔ پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے آئس اور ایک عدد پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشنز کئے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 1,164 افراد، 679 گھرانوں، 113 دوکانیں، 426 موٹر سائیکلوں اور 164 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ 85 مشکوک افراد اور 47 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کے لئے تھانہ جات منتقل کیا گیا۔ مزید براں منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے آئس اور ایک عدد پستول معہ ایمونیشن بھی برآمد کیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکیورٹی کو مؤثر بنانا ہے۔ سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کئے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار15" پر اطلاع دیں۔

لائیو سٹاک کا شعبہ ملکی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، کمشنر ژوب

ڈیری اور پولٹری کی پیداوار کیلئے فارمز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے

محکمہ لائیو سٹاک کے ضلعی دفاتر اور فارمز کے دورے کے موقع پر آصف علی فرخ کی ہدایت

ژوب (خ ن) کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی فرخ نے کہا ہے کہ لائیو سٹاک کا شعبہ ملکی معیشت میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے، اس کی ترقی نہ صرف دیہی معیشت کو مستحکم بناتی ہے بلکہ غذائی ضروریات پوری کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ ڈیری اور پولٹری فارمز کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ پیداوار میں اضافہ اور عوام کو براہ راست فائدہ یقینی بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ لائیو سٹاک کے ضلعی دفاتر اور فارمز کے دورے کے موقع پر کیا۔ اس دوران انہوں نے ڈیری اور پولٹری فارمز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر علاؤالدین اور ڈپٹی ڈائریکٹر پولٹری فارم ڈاکٹر محمد طاہر مندوخیل نے کمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے محکمہ کی کارکردگی، درپیش مسائل، دستیاب وسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وسائل کی کمی، جدید سہولیات کا فقدان اور تربیت یافتہ عملے کی کمی جیسے مسائل کارکردگی کو متاثر کر رہے ہیں، تاہم بہتری کے لیے مختلف اقدامات جاری ہیں۔ کمشنر نے ڈیری فارم میں مویشیوں کی صحت، خوراک، صفائی کے انتظامات اور دودھ کی پیداوار کا جائزہ لیا، جبکہ پولٹری فارم میں افزائش نسل، ویکسینیشن اور حفظان صحت کے اقدامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے بعض شعبوں میں اطمینان کا اظہار کیا، تاہم مجموعی نظام میں مزید بہتری کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مویشی پال حضرات کو جدید طریقہ کار، بیماریوں سے بچاؤ، ویکسینیشن اور بہتر افزائش نسل کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جائے تاکہ وہ اپنی پیداوار اور آمدن میں اضافہ کر سکیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت لائیو سٹاک کے شعبے میں اصلاحات اور سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ کمشنر نے مزید کہا کہ دیہی علاقوں میں چھوٹے کسانوں اور مویشی پال افراد کی معاونت کے لیے خصوصی پروگرام شروع کیے جائیں گے، جن کے تحت مفت ویکسینیشن، موبائل ویٹرنری سروسز اور تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ لائیو سٹاک ژوب ڈویژن میں بہتری کے لیے جلد نئی اسکیمیں متعارف کرائے جانے کا امکان ہے، جن میں جدید ڈیری ٹیکنالوجی کا فروغ، پولٹری انڈسٹری کی ترقی اور مویشیوں کی بہتر نسل کشی کے منصوبے شامل ہیں۔

ٹریفک روٹس کی آگاہی کیلئے ذرائع ابلاغ کا بھرپور استعمال کیا جائے، محمد ہارون جوئیہ

ٹریفک پولیس افسران کو ہدایت جاری کی کہ وہ چوبیس گھنٹے فیلڈ میں موجود رہیں، اجلاس میں ہدایت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی آئی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت سیف سٹی اسلام آباد میں اہم اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں موجودہ اور ممکنہ ملکی صورتحال کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں وفود کی آمد و رفت کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹریفک اور سیکورٹی مینجمنٹ کے لئے ایک بہترین اور جامع لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی/ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت سیف سٹی اسلام آباد میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام ڈی آئی جیز، ایس ایس پیز اور ایس پیز سمیت پنجاب پولیس کے سینئر پولیس افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں موجودہ اور ممکنہ ملکی صورتحال کے تناظر میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں آنے والے ملکی و غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹریفک اور سیکورٹی مینجمنٹ کے لیے ایک جامع اور مؤثر حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس موقع پر شہر کے داخلی و خارجی راستوں، اہم شاہراہوں، حساس مقامات اور ریڈ زون کی سیکورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کو اس دوران ٹریفک کی تازہ ترین صورتحال سے بروقت آگاہ رکھنے کے لیے ایف ایم ریڈیو، سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع ابلاغ کا بھرپور استعمال کیا جائے تاکہ عوام کو متبادل راستوں اور ممکنہ ڈائیورژنز کے بارے میں پیشگی معلومات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ شہریوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرنا اور ٹریفک کی بلاتعطل روانی کو یقینی بنانا اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ انہوں نے ٹریفک پولیس افسران کو ہدایت جاری کی کہ وہ چوبیس گھنٹے فیلڈ میں موجود رہیں، اہم چوراہوں اور شاہراہوں پر نفری میں اضافہ کیا جائے جبکہ غیر ضروری پارکنگ، تجاوزات اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ مزید برآں، خصوصی ٹریفک پلان کے تحت متبادل روٹس، کنٹرول روم کی مؤثر مانیٹرنگ اور فوری رسپانس کو یقینی بنانے کی ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک نے سیکورٹی انتظامات کے حوالے سے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کیمروں کے ذریعے شہر بھر کی کڑی نگرانی کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اہم مقامات پر اضافی نفری تعینات کی جائے اور داخلی راستوں پر چیکنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پولیس افسران کے ساتھ تعاون کریں اور ٹریفک قوانین کی پابندی کو یقینی بنائیں۔ مزید برآں شہری کسی بھی پریشانی کی صورت میں "پکار15" یا ٹریفک پولیس ہیلپ لائن 1915 پر رابطہ کریں۔

راولپنڈی غیر ملکی وفود کی آمد، سیکورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی

سید خالد محمود ہمدانی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس میں سیکورٹی یقینی بنانے کا حکم

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہر بھر میں سیکورٹی ہائی الرٹ، غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے حوالے سے سیکورٹی کے غیر معمولی اقدامات، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اعلیٰ سطحی اجلاس، فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کا حکم، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ایس پی سی آئی اے، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز سمیت دیگر اضلاع سے آئے ہوئے افسران کی شرکت، سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر ڈیوٹیز کی سپرویژن کر رہے ہیں، راولپنڈی پولیس کے 10 ہزار سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں 600 سے زائد اسپیشل پکٹس سمیت شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں کی کڑی نگرانی، اہم شاہراہوں پر اضافی نفری تعینات، ایلیٹ کمانڈوز کی اسپیشل ٹیمیں اور تربیت یافتہ سنائپرز بھی ڈیوٹیز پر تعینات کیے گئے ہیں، ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس، تھانوں کی موبائلز سمیت دیگر کوئیک رسپانس یونٹس کی ٹیمیں الرٹ گشت پر مامور، شہر بھر میں سخت چیکنگ کا نظام نافذ، داخلی پوائنٹس پر سیکورٹی مزید بڑھا دی گئی، شہر بھر میں سرچ، سویپ، کومبنگ اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مزید تیزی، مشتبہ افراد کی کڑی نگرانی اور چیکنگ کا عمل جاری، فول پروف سیکورٹی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کے احکامات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے شہر بھر میں سیکورٹی ہائی الرٹ، غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے حوالے سے سیکورٹی کے غیر معمولی اقدامات، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اعلیٰ سطحی اجلاس، فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کا حکم، ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن، چیف ٹریفک آفیسر، ایس پی سی آئی اے، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز سمیت دیگر اضلاع سے آئے ہوئے افسران کی شرکت، سینئر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر ڈیوٹیز کی سپرویژن کر رہے ہیں، راولپنڈی پولیس کے 10 ہزار سے زائد افسران و اہلکار سیکورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں 600 سے زائد اسپیشل پکٹس سمیت شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں کی کڑی نگرانی، اہم شاہراہوں پر اضافی نفری تعینات، ایلیٹ کمانڈوز کی اسپیشل ٹیمیں اور تربیت یافتہ سنائپرز بھی ڈیوٹیز پر تعینات کیے گئے ہیں، ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس، تھانوں کی موبائلز سمیت دیگر کوئیک رسپانس یونٹس کی ٹیمیں الرٹ گشت پر مامور، شہر بھر میں سخت چیکنگ کا نظام نافذ، داخلی پوائنٹس پر سیکورٹی مزید بڑھا دی گئی، شہر بھر میں سرچ، سویپ، کومبنگ اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مزید تیزی، مشتبہ افراد کی کڑی نگرانی اور چیکنگ کا عمل جاری، فول پروف سیکورٹی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، حساس تنصیبات، اہم سرکاری و نجی مقامات اور قیام گاہوں کے اطراف سیکورٹی مزید سخت، کڑی نگرانی جاری، سی پی او سیف سٹی، سی سی ٹی وی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے 7/24 مانیٹرنگ، کنٹرول روم سے لمحہ بہ لمحہ صورتحال کی رپورٹس افسران چیک کر رہے ہیں، سی پی او ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان تشکیل، شہریوں کی سہولت کے لیے متبادل راستے فراہم، سی پی او راولپنڈی سید خالد محمود ہمدانی کا کہنا تھا کہ فول پروف سیکورٹی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔۔۔

کوئٹہ مغربی بائی پاس پر چنگ چی رکشہ میں خالی کین ڈالے جا رہا ہے

کاروباری ترقی کیلئے اسٹارٹ اپ پاکستان اور ایس بی کے میں معاہدہ طے پا گیا

خواتین کی معاشی خودمختاری، نوجوانوں کی رہنمائی اور انٹرپرینیورشپ کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات پر اتفاق

یونیورسٹی کے تمام کیمپسز میں مختلف پروگرامز، ورکشاپس، ٹریننگ سیشنز اور انکیوبیشن سپورٹ فراہم کی جائے گی، بشیر آغا

کوئٹہ (رپورٹ ایم اے ڈیجیٹل) بلوچستان میں کاروباری تعلیم اور سماجی و معاشی ترقی کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں بشیر آغا (بانی و پروگرام لیڈ، اسٹارٹ اپ پاکستان) اور پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق (وائس چانسلر، ایس بی کے ویمنز یونیورسٹی کوئٹہ) کے درمیان مفاہمتی یادداشت (MoU) پر باضابطہ دستخط کیے گئے۔ یہ معاہدہ بلوچستان میں نوجوانوں خصوصاً طالبات کو کاروباری مواقع فراہم کرنے، جدید مہارتوں کی تربیت دینے اور سماجی و معاشی بہتری کے لیے مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنے کے عزم کا مظہر ہے۔ اس شراکت داری کے تحت یونیورسٹی کے مرکزی کیمپس کے ساتھ ساتھ اس کے ذیلی کیمپسز میں بھی مختلف پروگرامز، ورکشاپس، ٹریننگ سیشنز اور انکیوبیشن سپورٹ فراہم کی جائے گی۔ تقریب میں ڈاکٹر مہوش ملغانی، دردانہ کھوسہ، چیئرپرسن بلوچستان وومنز بزنس ایسوسی ایشن شاہ درانی سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے اس اقدام کو بلوچستان میں مثبت تبدیلی کی جانب ایک سنگ میل قرار دیا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ اس معاہدے کے ذریعے نوجوانوں کو کاروبار شروع کرنے کے لیے نہ صرف رہنمائی فراہم کی جائے گی بلکہ انہیں مارکیٹ سے جوڑنے، سرمایہ کاری کے مواقع تک رسائی اور جدید کاروباری ماڈلز سے روشناس کرانے میں بھی مدد دی جائے گی۔ خصوصی طور پر خواتین کی شمولیت پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ یہ شراکت داری خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں قومی دھارے میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ مزید برآں، اس تعاون کے تحت ماحولیاتی ذمہ داری، سسٹین ایبل بزنس ماڈلز اور سماجی بہتری کے منصوبوں کو بھی فروغ دیا جائے گا، تاکہ بلوچستان میں پائیدار ترقی کے اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ ماہرین کے مطابق، اس نوعیت کے تعلیمی و کاروباری اشتراک نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کرتے ہیں بلکہ خطے کی مجموعی معاشی ترقی میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ معاہدہ ایک ایسے بلوچستان کی بنیاد رکھنے کی جانب اہم قدم ہے جہاں تعلیم، جدت اور کاروبار ایک ساتھ مل کر ترقی کا نیا راستہ ہموار کریں گے

سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نور محمد مندوخیل کو زیر تعمیر گنگی ڈیم کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

تنظیم اساتذہ نظام کی بہتری کے لیے کوشاں ہے، رئیس اللہ دتہ منگر

حیردین (اے این این) تنظیم اساتذہ پاکستان کی بین الصوبائی تعارفی نشستیں، تعلیمی مسائل و اصلاحات پر زور تنظیم اساتذہ پاکستان کے زیر اہتمام صوبہ بلوچستان کے اضلاع نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور اور اوستہ محمد جبکہ صوبہ سندھ کے اضلاع شکارپور، جیکب آباد اور کندھ کوٹ کے ضلعی ذمہ داران کی مشترکہ تعارفی نشستیں منعقد ہوئی۔

تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، پشتونخوا ایس او

ضلع پشین کی مختلف تحصیلوں میں داخلہ مہم کو کامیاب بنانے کیلئے ریلیوں کا انعقاد کیا گیا

حرمزئی بازار، پشین بازار، میں نکالی گی ریلیوں میں طلبا، طالبات، والدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی

پشین (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع پشین کے زیر اہتمام نئے تعلیمی سال کے آغاز پر سکول داخلہ مہم کے سلسلے میں بھرپور آگاہی مہم چلائی گئی۔ حرمزئی بازار میں پشتونخوا میپ کے تحصیل دفتر سے بچوں کی آگاہی ریلی نکالی گئی، جو شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی مین چوک پہنچ کر جلسہ عام کی شکل اختیار کر گئی۔ ریلی کے شرکاء سے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زونل سینئر ڈپٹی آرگنائزر مزمل شاہ وطنیار، زونل آفس آرگنائزر زبیر ترین، ڈپٹی آرگنائزر مطیع اللہ، پشتونخوا میپ کے ضلعی اطلاعات سیکرٹری کاکا شفیع ترین، تحصیل صدر ایڈووکیٹ عبدالمناف بادیزئی، تحصیل جنرل سیکرٹری ولی جان آغا اور پشین بچاؤ تحریک کے رہنما سید بصیر آغا نے خطاب کیا، جبکہ پی ایس او کے ضلعی صدر ایمل خان ترین نے صدارتی خطاب کیا۔ ریلی کے اختتام پر سید ولی جان کی جانب سے پی ایس او اور پارٹی رہنماؤں کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ بھی دیا گیا۔ اسی طرح پشین بازار ہیڈ کوارٹر میں بھی بچوں کی آگاہی ریلی نکالی گئی، جس سے پشتونخوا میپ کے ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی اکبر، پی ایس او کے زونل سینئر ڈپٹی آرگنائزر مزمل شاہ وطنیار اور ضلعی سیکرٹری ایمل خان ترین نے خطاب کیا۔ جبکہ تیسری ریلی خانوزئی بازار میں نکالی گئی، جس سے پشتونخوا میپ کے علاقائی سیکرٹری سید محمد افغان، پی ایس او کے ضلعی سینئر معاون رحیم کاکڑ، ضلعی اطلاعات سیکرٹری فضل فضا ترین اور ضلعی سیکرٹری ایمل خان ترین نے خطاب کیا۔ مقررین نے الگ الگ پروگراموں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے۔ تعلیم یافتہ معاشرہ ہی شعور، ترقی اور استحکام کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ بدقسمتی سے ضلع پشین میں تعلیمی سہولیات کا فقدان، سکولوں کی کمی، اساتذہ کی قلت، بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی اور حکومتی عدم توجہی کے باعث تعلیمی نظام زبوں حالی کا شکار ہے، جس کے باعث شرح خواندگی متاثر ہو رہی ہے۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن شروع دن سے تعلیمی شعور بیدار کرنے، طلبہ کے حقوق کے تحفظ اور بہتر تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے سرگرم عمل ہے۔ تنظیم نے سکول داخلہ مہم، آگاہی ریلیوں، سیمینارز اور عوامی رابطہ مہم کے ذریعے والدین اور نوجوانوں میں تعلیم کی اہمیت اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

کوئٹہ انسکمب روڈ پر رکشہ سڑک کے درمیان خراب کھڑا ہے

پنجاب میں سرکاری ملازمین کی مراعات سے متعلق معاملہ اسمبلی تک پہنچ گیا، قرارداد جمع

لاہور (آئی این پی) پنجاب میں سرکاری ملازمین کی مراعات سے متعلق اہم معاملہ صوبائی اسمبلی تک پہنچ گیا۔ لیو انکیشمنٹ کے خاتمے، پنشن میں کمی اور ڈسپیریٹی الاؤنس کی عدم فراہمی پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ مسلم لیگ ن کے رکن اسمبلی امجد علی جاوید نے اس حوالے سے پنجاب اسمبلی میں قرارداد جمع کرا دی۔

پی ایچ ای نے آکرا ڈیم کی پائپ لائن مرمت کر کے پانی کی سپلائی بحال کر دی

صوبائی وزیر نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبر کا فوری نوٹس لیتے ہوئے حکم دیا تھا

پائپ لائن کی بحالی کے بعد جیوانی، پشکان، متاثرہ علاقوں میں پانی کی فراہمی بحال ہو گئی ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران کی ہدایت پر محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی ٹیم نے آکرا ڈیم سے جیوانی جانے والی مین واٹر پائپ لائن میں پیدا ہونے والی لیکیج کو بروقت اور پیشہ ورانہ انداز میں مرمت کر دیا۔ صوبائی وزیر نے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خبر کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں، جس پر عملدرآمد کرتے ہوئے PHED کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور نقص کی نشاندہی کے بعد مرمتی کام کا آغاز کیا۔ ٹیم نے مسلسل دو راتوں اور ایک مکمل دن انتھک محنت کرتے ہوئے شدید مشکلات کے باوجود لیکیج کو کامیابی سے دور کر دیا۔ حکام کے مطابق پائپ لائن کی بحالی کے بعد جیوانی، پشکان اور دیگر متاثرہ علاقوں میں پانی کی فراہمی بحال ہو گئی ہے اور معمول کے مطابق جاری ہے۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے بروقت کارروائی پر سیکرٹری PHED اور دیگر متعلقہ حکام و فیلڈ اسٹاف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی محنت اور ذمہ داری سے کام کرنے کی بدولت مسئلہ کم وقت میں حل ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے اس موقع پر محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی مجموعی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ سال محکمہ PHED نے کارکردگی کے لحاظ سے صوبے کے تمام محکموں میں پہلی پوزیشن حاصل کی، جو اس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا ثبوت ہے۔ آکرا ڈیم کی حالیہ لیکیج کے معاملے میں بھی محکمہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف 48 گھنٹوں کے اندر مرمتی کام مکمل کیا۔ صوبائی وزیر نے آکرا ڈیم سے متعلق حالیہ ٹینڈرز کے حوالے سے بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈیم کی تعمیر، دیکھ بھال اور آپریشنل امور طویل عرصے سے محکمہ PHED کے زیر انتظام ہیں، تاہم حال ہی میں اس کی اپ لفٹنگ کے ٹینڈرز اریگیشن ڈیپارٹمنٹ کو دیے گئے ہیں، جو ایک اہم سوال کو جنم دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کو متعلقہ فورمز پر اٹھایا جائے گا تاکہ ادارہ جاتی ہم آہنگی اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے

کوئٹہ شہباز ٹاؤن میں ایک شخص سڑک کنارے تربوز فروخت کرنے کیلئے کھڑا ہے

محکمے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کو مزید مؤثر بنائیں، ڈی سی شیرانی

شیرانی (خ ن) ڈپٹی کمشنر حضرت ولی کاکڑ کی زیر صدارت BSD پراجیکٹ کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں BSD امپلیمنٹیشن ٹیم (PIU) کے ممبران، انجینئر نجیب اللہ اور انجینئر حافظ اللہ کے علاوہ ضلع بھر کے تمام متعلقہ محکموں کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران BSD کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ افسران نے منصوبوں کی موجودہ پیش رفت، درپیش چیلنجز اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ مختلف شعبوں میں جاری منصوبے مجموعی طور پر مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت کر رہے ہیں، تاہم بعض منصوبوں میں حائل رکاوٹوں کی بھی نشاندہی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر حضرت ولی کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت جاری کی کہ تمام محکمے باہمی رابطے اور ہم آہنگی کو مزید مؤثر بنائیں اور ...

یارو سانحہ کے ملزمان کو گرفتار کر کے کرار واقع سزا دی جائے، ستار کاکڑ

دھرنا 21 دن سے جاری ہے عوام کے صبر مزید امتحان نہ لیا جائے، عمر خان ترین

پشین (پ ر) یارو امن کمیٹی کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں سیاسی پارٹیوں کو رہنماؤں نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت اور صدارتی خطاب امن کمیٹی کے سربراہ ستار کاکڑ نے کی جبکہ عمر خان ترین، فضل اشناء، رضا شہداء، محمد ... امن کمیٹی نے پرامن احتجاج جاری رکھا ہے اور اس سلسلے میں پہیہ جام ہڑتال بھی کر چکے ہیں۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن، ڈی آئی جی پولیس اور دیگر حکومت و انتظامیہ کی یقین دہانیوں کے بعد اس احتجاج کو مزید وسیع نہیں کیا گیا لیکن قاتلوں کی تا حال ...

دینی اور عصری تعلیم کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، قاری نعیم اللہ

ادارے معاشرتی اصلاح اور نوجوانوں کی تربیت میں بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 19 اپریل 2026ء

معاشی اصلاحات، عالمی اعتماد کی بحالی اور عوامی خوشحالی کی منزل

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے اجلاس کے موقع پر عالمی مالیاتی اداروں، سرمایہ کاروں اور اہم حکومتی شخصیات سے ملاقاتوں کا ایک مصروف اور اہم سلسلہ مکمل کیا ہے جس میں پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی، معاشی استحکام، ڈیجیٹل اصلاحات اور سرمایہ کاری کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ان ملاقاتوں کو پاکستان کی معاشی سفارت کاری میں اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے سٹی بینک کے نمائندگان سے ملاقات کی جس میں پاکستان کی مالیاتی حکمت عملی، عالمی کیپٹل مارکیٹس میں واپسی اور بیرونی فنڈنگ کے منصوبوں پر گفتگو ہوئی۔ انہوں نے ورلڈ بینک کے زیر اہتمام ڈیجیٹل طریقے سے سماجی تحفظ کی فراہمی کے موضوع پر منعقدہ راؤنڈ ٹیبل میں بھی شرکت کی واشنگٹن میں وزیر خزانہ نے امریکی محکمہ خزانہ کی ڈپٹی سیکرٹری فرانس بروک سے ملاقات کی، ایس اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے نمائندگان اور ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک کی صدر سے ملاقات کیان تمام ملاقاتوں میں وزیر خزانہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان عالمی سرمایہ کاروں کے لئے پرکشش مواقع فراہم کرنے، مالیاتی نظم وضبط برقرار رکھنے اور اصلاحات کے تسلسل کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ مبصرین کے مطابق یہ ملاقاتیں پاکستان کی عالمی مالیاتی ساکھ میں بہتری اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی کی جانب ایک اہم پیش رفت ہیں۔ وفاقی وزیر خزانہ کی عالمی مالیاتی اداروں اور سرمایہ کار تنظیموں سے حالیہ ملاقاتیں اور اس موقع پر ہونے والی بات چیت حکومت کے معاشی اقدامات، پالیسیوں، کامیابیوں اور ممکنہ چیلنجز کی آئینہ دار ہے امر واقعی یہ ہے کہ پاکستان چار سال کے وقفے کے بعد دوبارہ عالمی مالیاتی منڈیوں میں اعتماد کے ساتھ داخل ہو رہا ہے۔ اس دوران یورو بانڈ کی ادائیگی، پانڈا بانڈ کے اجرا کی تیاری، ڈیجیٹل سماجی تحفظ کے نظام کی پیش رفت اور سعودی عرب کی مسلسل مالی معاونت جیسے عوامل پاکستان کی معاشی سمت کو مثبت اور مستحکم بنانے کے اشارے دے رہے ہیں۔ یہ تمام سرگرمیاں اس امر کا ثبوت ہیں کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے معاشی بحالی کو قومی ترجیح بناتے ہوئے عالمی اعتماد بحال کرنے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ہماری معیشت گزشتہ چند برسوں میں جس کٹھن مرحلے سے گزری، اس کی شدت اور پیچیدگی کسی سے پوشیدہ نہیں۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی، زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ غیر یقینی صورتحال اور سرمایہ کاروں کے اعتماد میں کمی جیسے عوامل نے ملکی معیشت کو ایک نازک موڑ پر لا کھڑا کیا تھا۔ موجودہ حکومت کو جب اقتدار ملا تو اسے ایک ایسی معیشت ورثے میں ملی جسے فوری اور سخت فیصلوں کی ضرورت تھی۔ ایسے حالات میں قیادت کا حوصلہ، پالیسی کا تسلسل اور عالمی سطح پر اعتماد کی بحالی ہی وہ عناصر تھے جو ملک کو بحران سے نکال سکتے تھے۔ حکومت نے مشکل فیصلوں سے گریز کرنے کے بجائے انہیں قبول کیا اور ایک جامع معاشی حکمت عملی کے تحت اصلاحات کا سفر شروع کیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ مثبت پیش رفت، عالمی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں اضافہ اور مالیاتی منڈیوں میں واپسی جیسے اشارے سامنے آ رہے ہیں۔ معاشی استحکام صرف داخلی اقدامات سے ممکن نہیں ہوتا بلکہ اس کے لئے عالمی سطح پر اعتماد بھی لازمی ہوتا ہے۔ حالیہ عالمی اجلاسوں میں پاکستان کی فعال شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت نے معاشی سفارت کاری کو اپنی حکمت عملی کا مرکزی ستون بنایا ہے۔ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اسٹاف لیول معاہدہ مکمل ہونا اور اس کی منظوری کی توقع ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ پیش رفت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان نے مالیاتی نظم وضبط، محصولات میں اضافے اور اصلاحات کے راستے پر چلنے کا عزم برقرار رکھا ہے۔ یہی وہ عنصر ہے جو عالمی سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بنیاد بنتا ہے۔ حکومت کی درمیانی مدت کی مالی حکمت عملی میں متنوع فنڈنگ ذرائع کا انتخاب ایک دانشمندانہ قدم ہے۔ حکومت کی معاشی حکمت عملی کا ایک اہم پہلو ڈیجیٹل تبدیلی ہے۔ ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور سماجی تحفظ کے نظام کی جدید کاری پاکستان کو ایک جدید معیشت کی طرف لے جا رہی ہے۔ ڈیجیٹل سبسڈیز اور مالی شمولیت کے اقدامات سے نہ صرف شفافیت بڑھے گی بلکہ مستحق افراد تک وسائل کی بروقت فراہمی بھی ممکن ہوگی۔ خواتین کو بینک اکاؤنٹس تک رسائی اور ڈیجیٹل لین دین کی سہولت دینا معاشی خودمختاری کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ یہ اقدامات طویل مدت میں غیر رسمی معیشت کو دستاویزی بنانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ پاکستان کے توانائی اور معدنی وسائل عالمی سرمایہ کاروں کے لئے کشش رکھتے ہیں۔ حکومت نے ان شعبوں کو ترجیح دے کر درست سمت کا تعین کیا ہے۔ انفراسٹرکچر کی بہتری، توانائی کی فراہمی اور سرمایہ کاری کے مواقع کو اجاگر کرنا مستقبل کی ترقی کے لئے ناگزیر ہے۔ انفراسٹرکچر منصوبوں میں پیش رفت تیز کرنے کے لئے خصوصی کمیٹیوں کا قیام اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت صرف منصوبے بنانے پر نہیں بلکہ ان پر عملدرآمد کو یقینی بنانے پر بھی توجہ دے رہی ہے۔ معاشی اصلاحات ہمیشہ آسان نہیں ہوتیں۔ ٹیکس اصلاحات، سبسڈیز کی تنظیم نو اور مالی نظم وضبط جیسے اقدامات وقتی طور پر عوام کے لئے مشکل ہو سکتے ہیں، مگر یہ طویل مدت میں استحکام کی بنیاد بنتے ہیں۔ حکومت نے مشکل فیصلوں سے گریز نہیں کیا بلکہ انہیں قومی مفاد میں ضروری سمجھتے ہوئے نافذ کیا۔ یہی وجہ ہے کہ معاشی اشارئیے بہتر ہو رہے ہیں اور عالمی سطح پر پاکستان کے بارے میں مثبت تاثر ابھر رہا ہے۔ گزشتہ برسوں میں عالمی سطح پر سیاسی اور معاشی بحران جاری رہے۔ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ، سپلائی چین میں رکاوٹیں اور جغرافیائی کشیدگی جیسے عوامل نے دنیا بھر کی معیشتوں کو متاثر کیا۔ ایسے حالات میں پاکستان کا معاشی استحکام کی طرف سفر قابل تحسین اور بلاشبہ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مضبوط قیادت، واضح وژن اور مستقل مزاجی کے ساتھ کسی بھی بحران کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ معاشی اشاریوں میں بہتری خوش آئند ہے، مگر اصل کامیابی تب ہوگی جب اس کے اثرات عام آدمی تک پہنچیں گے۔ مہنگائی میں کمی، روزگار کے مواقع میں اضافہ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ہی وہ عوامل ہیں جو عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرتے ہیں۔ حکومت کو چاہئے کہ معاشی ترقی کے ثمرات کو عام شہری تک منتقل کرنے کے لئے مزید اقدامات کرے۔ آگے بڑھنے کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ عالمی اعتماد بحال ہو رہا ہے، مالیاتی منڈیاں کھل رہی ہیں اور یہی وقت ہے کہ حکومت اسی رفتار اور عزم کے ساتھ آگے بڑھتی رہے اس وقت نہ صرف پالیسیوں میں تسلسل ناگزیر ہے بلکہ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس معاشی بہتری کے ثمرات عام آدمی تک منتقل کرنے کے لئے جامع منصوبہ بندی اور دوٹوک عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

اندھیرا اچھٹ رہا ہے روشنی پھیل رہی ہے

اس وقت بجلی کی پیداوار ضرورت کے مطابق نہیں لہٰذا لوڈ شیڈنگ کرنا پڑ رہی ہے۔ شارٹ فال پانچ ہزار میگا واٹ تک جا پہنچا ہے۔ جس سے قومی معیشت سخت متاثر ہو رہی ہے نچلی سطح پر بھی کاروبار پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ بجلی کی کمی بارے کہا جا رہا ہے کہ جنگ کی وجہ سے تیل کی ترسیل بہت کم ہو رہی ہے لہٰذا اس سے جو بجلی گھر چل رہے تھے وہ بند ہو گئے ہیں۔ توانائی کے وزیر اویس لغاری کا کہنا ہے کہ جنگ بند ہونے کے بعد اگر لوڈ شیڈنگ ہوئی تو اس کے ذمہ دار وہ ہوں گے"۔

جہاں تک ہماری معلومات ہیں ان کے مطابق ایران نے پاکستان کا تیل نہیں روکا جتنے جہاز آئے وہ منزل پر پہنچ گئے مگر جب امریکا نے گھیرا ڈالا تب شاید دو تین جہاز رکے۔ اسی لئے بجلی گھر بند ہو گئے یا وہ بجلی کم بنانے لگے سوال یہ ہے کہ گرمی کے موسم میں بھی بجلی کا تسلسل جاری نہیں رہتا بیس پچیس برس سے لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے۔ یہ گھنٹہ والی لوڈ شیڈنگ بھی اکثر ہوتی رہتی ہے۔ چلئے دیکھتے ہیں کہ جنگ بند ہونے پر یہ ختم ہوتی ہے یا نہیں ختم ہو بھی جاتی ہے تو ہو سکتا ہے غریب لوگ خود ہی لوڈ شیڈنگ کرنے لگیں کیونکہ بجلی کو اتنا مہنگا کر دیا گیا ہے کہ اب محنت مزدوری کرنے والے لوگ ایک پنکھا چلاتے وقت بھی سوچیں گے۔ عجیب حال ہے ہمارے کرتا دھرتاؤں کا کہ عوام کو ریلیف دینے کے بجائے اذیت دے رہے ہیں ہر ماہ بجلی کی قیمت میں اضافہ کر دیتے ہیں۔ تیل کے ساتھ بھی اسی طرح کیا جاتا ہے۔

عالمی منڈی میں تیل کی قیمت کم ہوتی ہے مگر یہاں بڑھا دی جاتی ہے جب حکومت سے پوچھا جائے تو وہ کہتی ہے کہ ہمیں آئی ایم ایف نے حکم دیا ہے اگر ہم اس کے احکامات کی تعمیل نہیں کرتے تو وہ قرضہ دینا بند کر دے گا جس سے معیشت کمزور ہو جائے گی عام آدمی کی زندگی ابتر ہو سکتی ہے۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ ہمارے حکمرانوں کے ہاتھ کچھ نہیں جو بھی ہو رہا ہے اس کا ذمہ دار آئی ایم ایف

ہے۔ دوسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب آئی ایم ایف نے ہی ہماری معیشت چلانی ہے تو وزیر مشیر کس لئے ہیں کہ جو اپنی مرضی سے کوئی بھی عوامی فلاح کا کام نہیں کر سکتے۔ عوام نے تو آئی ایم ایف کو نہیں کچھ کہنا انہیں تو اپنے نمائندوں سے پوچھنا ہے کہ جناب انتخابات کے وقت تو انہوں نے کہا تھا کہ بجلی تین سو یونٹس تک مفت ہوگی لوڈ شیڈنگ نہیں ہوگی تو پھر یہ سب اس کے الٹ کیوں ہے۔

بہرحال لگ یہ رہا ہے کہ ہماری حکومتیں عوام کو سچ بتانے سے قاصر ہیں ان پر ہمیشہ کوئی جانا انجانا دباؤ ہوتا ہے کیونکہ وہ اقتدار میں کسی کی آشیرباد سے آتی ہیں لہٰذا انہیں عوام کی کیا فکر ہوگی اور ان کو کیا سہولتیں دے سکیں گی مگر ہو سکتا ہے بلکہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ مستقبل قریب میں روایتی سیاست معاشرت اور معیشت کا انداز بدل جائے گا کیونکہ ایران امریکا جنگ سے وہ تصور ہوا حقیقت کہ امریکا سپر پاور ہے اور اس کے سامنے کوئی بھی ملک کھڑا نہیں ہو سکتا دھندلا چکا یا اب امریکا کے بجائے چین نے اس کی جگہ لے لی ہے کیونکہ ایران نے اسے للکارا ہے اس کے جو اڈے خلیجی ریاستوں میں تھے ان کو تباہ کر دیا ہے اس کے بغل بچے کو بھی دن میں تارے دکھائے ہیں اس کے باوجود امریکا خود کو بڑی طاقت سمجھ رہا ہے تو حیرانی ہوتی ہے۔ چین نے اس پر واضح کر دیا ہے کہ اب وہ سپر پاور نہیں رہا اگر وہ سپر پاور ہوتا تو آبنائے ہرمز میں سے گزرنے والے اس کے تیل بردار جہاز نہ گزرنے دیتا لہٰذا یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ پاکستان بہت جلد عالمی مالیاتی اداروں اور امریکی اسٹیبلشمنٹ کے چنگل سے آزاد ہو جائے گا۔ انھتر برس میں اس سے کیا حاصل ہوا ہے؟

کچھ بھی نہیں بلکہ نقصان ہی اٹھایا ہے یہ کیسی بات ہے کہ وہ ہمیں ڈکٹیٹ کرے کہ فلاں ملک سے تعلق رکھنا ہے اور فلاں سے نہیں اس سے تجارت کرنی ہے یا نہیں انداز یہ ہے کہ ہمیں یہ اجازت نہیں تھی کہ ایران سے تیل گیس لے سکیں ستم مزید یہ کہ ہم اپنے ملک میں موجود بے بہا تیل گیس نہیں نکال سکے۔ ہمیں تو خود کفیل ہونے نہیں دیا گیا صنعتوں کے قیام کی اس کے ذیلی اداروں نے بھی حوصلہ افزائی نہیں کی۔ بس ہم قرضے لیتے رہیں تیار مال خریدتے رہیں اور ان کے دست نگر رہیں۔ اس نے ایران پر جو حملہ کیا جس میں اسرائیل بھی شامل تھا اس کے ذہن میں یہی تھا کہ وہ سپر پاور ہے لہٰذا سب اس کے غلام ہیں مگر صورت حال تبدیل ہو چکی ہے۔

امریکا کو یورپ اور دیگر ممالک سب چھوڑ چکے ہیں کیونکہ انہوں نے دیکھ لیا کہ اسے صرف اپنے مفادات عزیز ہیں دوسروں کے نہیں لہٰذا وہ کیوں اس کی ہاں میں ہاں ملائیں انہوں نے یہ بھی دیکھا کہ اس کا بغل بچہ اسرائیل فلسطینیوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ رہا ہے مگر امریکا نے اسے نہیں روکا اب وہ بری طرح سے الجھ گیا ہے ہمارے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر جو امن کا پرچم لے کر اٹھے ہیں اس کے تحت وہ ایران امریکا مذاکرات کے ذریعے جنگ بندی کا معاہدہ کروانے کے لئے سر توڑ کوشش کر رہے ہیں ان کے ساتھ وزیر اعظم شہباز شریف بھی ہیں۔ اگرچہ پہلی کوشش میں وہ کامیاب نہیں ہو سکے مگر دوسرے راؤنڈ میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے لہٰذا جب یہ امن معاہدہ طے پا جاتا ہے تو پھر ہم پر امریکا کا حکم بھی نہیں چل سکتا ایران سے تیل خریدیں روس سے خریدیں یا کسی اور ملک سے ہمارے راستے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی تو پھر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ جو آج تیل کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں اور اس کی وجہ سے بجلی گھر پیداوار کم یا بالکل نہیں دے رہے چالو ہو جائیں گے لہٰذا لوڈ شیڈنگ نہیں ہوگی مگر اب آئی ایم ایف کے قرضے بھی تھوڑے بہت معاف کروائے جا سکتے ہیں اسے صاف بتا دیا جائے کہ اب ہم اور اس کی ڈکٹیشن نہیں لے سکتے نہ ہی اس کے بھاری قرضے ادا کر سکتے ہیں کیونکہ عوام کی حالت انتہائی خراب بلکہ تشویش ناک ہے وہ ایسا کروا سکتے ہیں کیونکہ طاقت کا مرکز تبدیل ہو چکا ہے امریکا کو ماننا پڑے گا نہیں بھی مانتا تو جلد مان جائے گا۔

حرف آخر یہ کہ عوام کو وزیر توانائی کی بات پر یقین کرنا ہوگا کیونکہ وہ بدلتی صورت حال کے پیش نظر کہہ رہے ہیں کہ اگر جنگ کے بعد بھی لوڈ شیڈنگ جاری رہتی ہے تو اس کے ذمہ دار وہ ہوں گے انہیں یقین ہے کہ اب پاکستان تجارت کے قریب تر پہنچ گیا ہے اور اسے کوئی ڈکٹیٹ بھی نہیں کر سکے گا ہر شرط ماننا اور اس پر عمل کرنا ممکن نہیں رہے گا کیونکہ اندھیرا اچھٹ رہا ہے، روشنی پھیل رہی ہے!

دوست آن است

دوست آن است کہ گیرد دست دوست
در پریشان حالی و درماندگی

اس شعر کا ترجمہ اردو محاورہ میں کچھ یوں ہوگا کہ دوست وہ ہے جو مصیبت میں کام آئے۔

پاکستان میں ایران کے حوالے سے صرف حکومتی و سفارتی سطح پر ہی خیالات میں تبدیلی نہیں آئی بلکہ عوامی سطح پر بھی ایران کے خلاف امریکی، اسرائیلی جارحیت کے بعد پہلے سے موجود اخوت کے جذبات میں مزید شدت آگئی ہے یہاں تک کہ سنی علما کے لیے بھی اب ایران "شیعہ" ایران نہیں رہا بلکہ ایک ایسا برادر اسلامی ملک ہے جو اسرائیل کے ناپاک وجود پر حملہ کرنے والا وہ مجاہد ہے جس کی توفیق باون اسلامی ممالک میں سے کسی کو نہیں ہو سکی۔ پاکستان کے طول و عرض میں موجود شیعہ

برادری کی تو ایران کے حوالے سے حمایت کا الفاظ میں بیان کچھ موزوں ہی نہیں لگتا۔ یہاں آگے بڑھنے سے قبل میں گلگت میں پیش آنے والے اس برادری کے اس کردار کی مذمت کرنا چاہوں گی جہاں بلاوجہ کے اشتعال اور جذباتیت میں خود اپنے پاؤں کلہاڑی مارنے کا کردار ادا کیا اور فیلڈ مارشل کے خلاف اس ناپسندیدگی کے اظہار پر مہم چلائی گئی۔ میں سمجھتی ہوں کہ وہ چند ایک کا ٹولہ تھا جو شیعہ برادری کی نمائندگی نہیں کرتی۔ بہر حال ایران پر اسرائیل اور امریکی جارحیت پر پورا پاکستان اور اہل وطن سخت افسردہ ہیں۔ حکومت پاکستان کا اس تنازعہ کو حل کرنے کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں۔

یہاں شیعہ برادری کے اس عملی کردار اور کاوشوں کو میں صد خراج تحسین پیش کرتی ہوں جو وہ ایران کے عوام کی مدد کے لیے انجام دے رہی ہے۔ خیبر پختونخوا میں جہاں جہاں شیعہ برادری رہتی ہے خاص طور پر جنوبی اضلاع کوہاٹ، ہنگو سے لے کر کرم تک جس طرح خواتین اور چھوٹی بچیاں اپنی زیورات امدادی چندے میں نچھاور کر رہی ہیں ان اطلاعات سے میری آنکھیں نم ہوئیں۔ اس جذبے کو کوئی کیسے شکست دے سکتا ہے؟ یہ ایک نہایت جذباتی صورت حال ہے اور فطری بھی ہے۔ ابھی چونکہ عوامی سطح پر پاکستان میں ایرانی بھائیوں کی امداد کے لیے کوئی عوامی مہم شروع نہیں ہوئی ہے، تاہم میں سمجھتی ہوں کہ اگر ایسی کوئی مہم شروع ہو جاتی ہے تو ایک اپیل پر پاکستان کے عوام بلاامتیاز رنگ ونسل و مذہب بالکل اسی جذبے ہی کا مظاہرہ کریں گے اور سنی برادری بھی شیعہ برادری کی عملی طور پر ہمسری کرے گی۔ یہاں سے آگے معاملہ صرف جذبات کا نہیں بلکہ قومی شعور اور فکری پختگی کا تقاضا کرتا ہے۔ ایران کے خلاف ہونے والی جارحیت نے جہاں عالمی طاقتوں کے دوہرے معیار کو بے نقاب کیا ہے، وہیں اس نے پاکستانی معاشرے کے اندر موجود زندہ ضمیر کو بھی جھنجھوڑ کر بیدار کر دیا ہے۔ یہ ردعمل وقتی نہیں بلکہ ایک گہرے تہذیبی اور دینی ربط کا مظہر ہے، جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان کے مختلف طبقات میں جس سطح کا اتحاد اس موقع پر دیکھنے میں آیا ہے، وہ غیر معمولی ہے۔ مسلکی تقسیم جو عام حالات میں نمایاں رہتی ہے، اس وقت پس منظر میں چلی گئی ہے۔ یہ ایک مثبت اشارہ ہے کہ قوم حساس مواقع پر اپنی ترجیحات درست کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

تاہم اس جذبے کو محض نعروں اور وقتی ردعمل تک محدود رکھنا دانشمندی نہیں ہوگی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس عوامی جذبے کو ایک منظم اور بامقصد سمت دی جائے۔ اگر ریاستی سطح پر ایک واضح اور شفاف امدادی مہم کا آغاز کیا جائے تو نہ صرف عوام کا اعتماد بڑھے گا بلکہ یہ جذبہ عملی نتائج میں بھی ڈھل سکے گا۔ پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ یہاں کے عوام نے ہر مشکل گھڑی میں بے مثال ایثار کا مظاہرہ کیا ہے، مگر اس ایثار کو موثر بنانے کے لیے قیادت اور تنظیم ناگزیر ہوتی ہے۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایسے مواقع پر جذباتی شدت بعض اوقات غیر ضروری تنازعات کو جنم دے دیتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ داخلی ہم آہنگی کو برقرار رکھا جائے اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کی جائے جو اختلافات کو ہوا دینے کی کوشش کرتے ہیں۔ کیونکہ اصل قوت اتحاد میں ہے، اور یہی اتحاد ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ ماضی میں اگرچہ تعلقات میں اتار چڑھاؤ اور سرد مہری کے لمحات ضرور آئے، مگر یہ وقتی دھند ثابت ہوئی۔ آج جب ایران ایک کڑے امتحان سے گزر رہا ہے، تو دکھ اور درد نے فاصلے خود بخود مٹا دیے ہیں۔ ایرانی عوام کی مشکلات نے پاکستانی دلوں کو بیقرار کر دیا ہے، جیسے اپنا ہی کوئی زخمی ہو۔ یہ منظر اس عظیم حدیث کی عملی تصویر ہے کہ مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں۔ جسم کے ایک حصے میں تکلیف ہو تو پورا وجود بے چین ہو جاتا ہے یہی کیفیت آج دیکھی جا سکتی ہے۔ انتہا یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ آج پاکستان ایک اہم اخلاقی امتحان سے گزر رہا ہے۔ اگر ہم نے اس موقع پر اپنے جذبات کو شعور کے ساتھ جوڑ لیا تو نہ صرف ہم اپنے ایرانی بھائیوں کے ساتھ حقیقی یکجہتی کا اظہار کر سکیں گے بلکہ ایک بالغ اور ذمہ دار قوم ہونے کا ثبوت بھی دیں گے یہ وقت صرف محسوس کرنے کا نہیں بلکہ درست سمت میں عمل کرنے کا ہے کیونکہ قومیں اپنے جذبات سے نہیں بلکہ اپنے فیصلوں اور کردار سے تاریخ میں جگہ بناتی ہے ایک مرتبہ پھر اسلام آباد میں مذاکرات کی بازگشت ہے جس کی کامیابی امید افزاء ہے تاہم ایرانی بھائیوں کی حمایت و دستگیری کا فریضہ ہم پر پھر بھی قرض ہے۔ جس کے لئے بھرپور عوامی مہم کا آغاز جلد ہونا چاہئے۔

بے برکتی اور جہانگیر مخلص کا مکالمہ

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے مالا مال اس ملک میں ہر طرف پھیلی ہوئی بے برکتی کا ذمہ دار ہیں حکمرانوں کو ٹھہرانے کے بجائے یہ کہوں گا کہ یہ ہماری شامت اعمال ہے کہ ہم پر اس طرح کے حکمران مسلط کر دیے گئے کہ برکت نامی شے اس ملک سے کوچ کر گئی ہے۔ اس ملک کی اشرافیہ عوام کی جیب کاٹ کر اپنی جیبیں بھرنے کی کوشش کر رہی ہے لیکن افسوس صرف اس بات کا نہیں کہ حکمران عوام کو لوٹ رہے ہیں 'یہ دکھ الگ تکلیف دے رہا کہ اس ساری لوٹ مار کے باوجود ہم فقرے کے فقرے ہیں اور ملک قرضوں پر چل رہا ہے۔ ملال تو یہ ہے کہ عوام کے کپڑے اتارنے کے باوجود حکومت کے اپنے تن پر بھی کچھ نہیں۔ نہ عوام کے پاس کچھ باقی بچا ہے اور نہ ہی سرکار کی جیب میں کچھ دکھائی دے رہا ہے۔ بے برکتی اسی کو کہتے ہیں کہ کسی کا بھی کچھ نہیں بن رہا۔ لٹنے والے تو خیر سے لٹ ہی رہے ہیں 'لوٹنے والوں کا بھی حال کچھ کم برا نہیں۔ حکمرانوں سے میری مراد ان کی ذات نہیں بلکہ ریاست کے نمائندگان ہیں۔ وگرنہ ذاتی طور پر حکمران اشرافیہ اور مافیاز کے پو بارہ ہیں۔ یعنی پانچوں گھی میں اور سر کڑاہی میں ہے۔ میں نے اپنے اس کالم کا یہ ابتدائی حصہ دو نشستوں میں لکھا ہے اور ابھی معلوم نہیں کہ مکمل ہونے تک بجلی کتنی بار جائے گی۔ گزشتہ ایک گھنٹے کے دوران بجلی دو مرتبہ گئی ہے اور اللہ جانے ابھی مزید کتنی بار جائے گی۔ ابھی کالم لکھنا شروع ہی کیا تھا کہ بجلی چلی گئی۔ کاغذ قلم کو ایک طرف رکھا اور بجلی کی آمد کے انتظار میں بیٹھ گیا۔ آدھ گھنٹے بعد بجلی آئی تو سکھ کا سانس لیا مگر یہ بہرحال میری ہی حماقت تھی کہ میں یہ تصور کرتے ہوئے کہ اب بجلی کم از کم دو چار گھنٹے تو رخ روشن دکھاتی رہے گی 'کافی بنا کر پینے بیٹھ گیا۔ اس کے بعد کالم مکمل کرنے کا ارادہ تھا مگر کالم مکمل کرنا تو رہا ایک طرف 'کافی کا آدھا کپ اندھیرے میں پینا پڑا۔ یہ صرف ملتان کا حال نہیں۔ کسی نے کیا خوب تبصرہ کیا ہے کہ اس وقت ساری دنیا کی نظریں اسلام آباد پر ہیں اور اسلام آباد ہے کہ اس وقت اندھیرے میں ہونے کی وجہ سے کسی کو دکھائی نہیں دے رہا۔ بات بے برکتی کی ہو رہی تھی 'صورتحال یہ ہے کہ ملک کی ہر چھوٹی بڑی

سڑک پر چالیس پچاس کلو میٹر کے بعد سرکار کا ٹول پلازہ سڑک سے گاڑی گزارنے کا عوضانہ وصول کر رہا ہے۔ موٹروے پر کار سے لے کر ٹرالر تک ہر سفر پر سینکڑوں نہیں ہزاروں روپے ٹول ٹیکس دے رہے ہیں۔ لاہور، اسلام آباد اور پشاور وغیرہ کے ٹول پلازوں پر ٹیکس ادا کرنے والی گاڑیوں کی طویل قطاریں ظاہر کر رہی ہیں کہ سرکار کو اس مد میں کتنی رقم روزانہ وصول ہو رہی ہے۔ لیکن بے برکتی کا یہ عالم ہے کہ یہ سارا ٹیکس وصول کرنے والا ادارہ این ایچ اے یعنی نیشنل ہائی وے اتھارٹی پاکستان کے سرکاری اداروں میں سب سے زیادہ نقصان میں جانے والا ادارہ ہے۔ این ایچ اے کا نقصان پی آئی اے، ریلوے، سٹیل ملز، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں، پی ایس او اور اسی طرح کے دیگر سرکاری اداروں میں سب سے زیادہ ہے۔ پی آئی اے اس ملک میں دیگر ہوائی کمپنیوں کے مقابلے میں زیادہ کرایہ لینے کے باوجود خسارے میں ہے۔ پاکستان میں چلنے والی نجی ہوائی کمپنیاں نسبتاً کم کرایہ لینے کے باوجود نفع کما رہی ہیں۔ پاکستان میں بجلی خطے کی سب سے مہنگی بجلی ہے لیکن بے برکتی کا یہ عالم ہے کی گو واٹ جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ قیمت وصول کرنے کے باوجود تقسیم کار کمپنیاں نقصان میں ہیں۔ دس روپے میں سولر یونٹ خرید کر پچاس روپے میں بیچنے کے باوجود کمپنیاں خسارہ اور عوام لوڈ شیڈنگ بھگت رہے ہیں۔ دنیا بھر میں سٹیل بے پناہ منافع بخش کاروبار تصور کیا جاتا ہے۔ بھارت میں جندل فیملی نے سٹیل کی صنعت سے اربوں روپے کی بزنس ایمپائر کھڑی کر لی ہے۔ سارے ملک کی فولاد کی ضروریات پوری کرنے کیلئے صرف ایک سٹیل ملز تھی جو چلتی تھی تو محض ہاتھی تھی اب بند پڑی ہے تو سفید ہاتھی بن گئی ہے۔ خطے میں سب سے مہنگا تیل ہم پاکستانی خریدتے ہیں اور سرکاری آئل کمپنی ریکارڈ نقصان کر رہی ہے۔ کسی نے کیا خوب سوال کیا کہ ساری دنیا کے ممالک عالمی معاشی اداروں کے قرضدار ہیں۔ ہر ملک اپنا خسارہ قرضے لے کر پورا کر رہا ہے۔ دنیا کی تمام بڑی بڑی معیشتیں قرض پر چل رہی ہیں۔ امریکہ، جاپان، جرمنی، فرانس، برطانیہ، اٹلی، بھارت، سنگاپور، تائیوان اور کوریا تک قرضوں سے کام چلا رہے ہیں۔ ہم تو رہے ایک طرف، صنعتی اور اقتصادی طور پر دنیا کے مضبوط ترین ممالک بھی قرضدار ہیں۔ سوال یہ ہے کہ سب ملک قرضدار ہیں، تمام کا بجٹ خسارے میں ہے تو آخر پیسہ کہاں جا رہا ہے؟

ہمارا سوال بھی یہی ہے کہ ٹول ٹیکس سب سے زیادہ ہے وصول کرنے والا ادارہ خسارے میں ہے۔ جہاز کی ٹکٹ سب سے مہنگی ہے اور ہوائی کمپنی گھاٹے میں ہے۔ بجلی سب سے مہنگی ہے مگر تقسیم کار کمپنیاں نقصان میں جا رہی ہیں۔ تیل سب سے مہنگا ہے اور تقسیم کار کمپنی دیوالیہ ہونے کے قریب ہے۔ کپڑے عوام کے بھی اتر رہے ہیں اور سرکار کے تن پر بھی کچھ نہیں۔ عوام لٹ رہے ہیں لیکن حکومت کی جیب میں پھوٹی کوڑی بھی نہیں تو پھر یہ بے برکتی نہیں تو اور کیا ہے؟ حکمرانوں کی نااہلی، نالائقی اور بدنیتی اپنی جگہ لیکن آخر کیا وجہ ہے کہ ہمیں گزشتہ 78 سال سے مسلسل اسی قسم کے حکمران نصیب ہو رہے ہیں؟ ایمانداری کی بات ہے کہ ایسے حکمرانوں کا مسلط ہونا ہمارے شامت اعمال کا نتیجہ ہے۔ ہم پر ویسے ہی حکمران مسلط کر دیے گئے ہیں جیسے ہمارے کرتوت تھے۔ ہمیں ہماری حرکتوں کی سزا اسی دنیا میں مل رہی ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا ہے کہ عوام بھی لٹ رہے ہیں اور حکومت کا بھی کچھ نہیں بن رہا۔ ہمارا بھی نقصان ہو رہا ہے اور حکومت بھی فائدے میں نہیں جا رہی۔ اس ساری صورتحال کے تناظر میں نامور سرائیکی شاعر جہانگیر مخلص کا اپنے ایک دوست کے ساتھ ہونے والا مکالمہ یاد آ رہا ہے۔ پہلے یہ مکالمہ اس کی اصل زبان یعنی سرائیکی میں اور پھر اس کا ترجمہ۔ سعید خان آکھے: مخلص فلانڑاں بندہ میں کنوں ہیڈی کتاب گھن گئے تے ولا نسی ڈتی۔ میں آکھیم: سعید خان! او کتاب کیوں گھن گئے ناں او توں کتاب پڑھن دی عادت ہے تے نہ ہی او کتاب پڑھ سگدے۔ سعید خان کوڑیج تے آکھیس: مخلص! کاں جو صابن چا ونجے تے دھمدا تاں نئیں 'بس نامراد نیں نقصان جو کرناں تھیا۔ (سعید خان نے کہا: مخلص فلاں آدمی مجھ سے تمہاری کتاب لے گیا ہے اور پھر اس نے واپس نہیں کی۔ میں نے کہا: سعید خان وہ کتاب کیوں لے گیا ہے؟ نہ تو اسے کتاب پڑھنے کی عادت ہے اور نہ ہی وہ کتاب پڑھ سکتا ہے۔ سعید خان آگے سے جل کر بولا: مخلص! کوا جو ہمارا صابن اٹھا کر لے جاتا ہے نہاتا تو نہیں۔ بس نامراد نے ہمارا نقصان کرنا ہوتا ہے)۔

میں نے اس مکالمے کو سرائیکی میں کئی بار پڑھا ہے اور ہر بار الگ لطف لیا ہے۔ حالانکہ مجھے علم ہے کہ میں نے ترجمہ درست کیا ہے لیکن سچ تو یہ ہے کہ اس کا مزہ اصل مکالمے کا عشر عشیر بھی نہیں۔ زمین سے جڑی ہوئی زبانوں کا لفظی ترجمہ تو ہو سکتا ہے لیکن اس لطف کا ترجمہ ممکن نہیں جو اندر تک محسوس ہوتا ہے۔

کرپشن اور احتساب کے نعروں کی شراب کہن

پاکستان کے ریاستی نظام کی دوسری طاقتور شخصیت وزیر داخلہ محسن نقوی نے تسلیم کیا ہے کہ پچھلے تین سال میں ایک سو ارب ڈالر سے زیادہ رقم بیرون ملک منتقل کی گئی یہ رقم کس طریقے سے باہر گئی اس پر بات نہیں کرتے یہ پتہ چلانا مشکل نہیں۔ کراچی میں ایک دو لوگوں کو اٹھانے کی دیر ہے پتہ چل جائے گا کہ رقم کیسے باہر گئی۔ انہوں نے بزنس کمیونٹی کو متنبہ کیا کہ بجٹ سے پہلے دس ارب ڈالر

واپس لائے جائیں۔ محسن نقوی کو تین سال بعد جن حالات کا اندازہ ہوا ملک کا ہیرو جواں ان سے آگاہ تھا۔ آخری سانسیں لیتا ہوا آزاد میڈیا بھی ان حالات واقعات کی نشاندہی کر رہا تھا۔ گاہے گاہے ایسی رپورٹس سامنے آ رہی تھیں کہ ایس آئی ایف سی کے خوف سے نہ صرف برسوں سے موجود بیرونی سرمایہ کاری واپس جا رہی تھی بلکہ خود پاکستان کے سرمایہ کار بھی قریبی ملکوں کا رخ کر رہے تھے۔ تب رپورٹس کے محرکین کو مایوسی پھیلانے والے اور انتشاری سمیت نجانے کیا کیا نام دیئے جا رہے تھے۔ اس کے باوجود اصرار تھا کہ ملک اوپر سے اوپر جا رہا ہے۔ بیرونی سرمایہ کاری آنے کے جو حسین خواب تین برس پہلے دکھائی جا رہے تھے وہ آج تک پورے نہیں ہو سکے۔ بیرونی سرمایہ کار اور سیاح جس ملک میں نہ آئیں وہاں ترقی کے دعوے محض سراب ثابت ہوتے ہیں۔ بیرونی سرمایہ کار اور سیاح اس ملک میں آتے ہیں جہاں قانون کی حکمرانی اور امن ہوتا ہے۔ جہاں آزاد عدلیہ انتظامیہ کا بازو پکڑنے اور ہاتھ روکنے کی طاقت رکھتی ہے۔ جہاں سرمایہ کار اور سیاح کو اپنی کمائی لٹ جانے کا خوف ہو وہاں آنے سے وہ کتراتے ہیں بلکہ ایسے ملک کا نام سن کر ہی ان کے بدن میں خوف کی جھرجھری سی آتی ہے۔ پاکستان میں قانون کی حکمرانی کا تصور معدوم ہو رہا ہے اور امن وامان کی صورت حال بھی خراب ہے۔ محسن نقوی کی دو افراد کو اٹھانے کی بات کا جواب انہی کے حکومتی ہم سفر رانا ثناء اللہ نے یہ کہہ کر دیا ہے کہ اگر دو افراد کو اٹھانے سے مسئلہ حل ہوتا ہے تو ان دو بندوں کو اٹھانے کے بعد بات کرنی چاہئے۔ محسن نقوی نے چند برس پہلے بلکہ چند دہائیاں پہلے والے پاکستان کی یاد دلا دی جب منی لانڈرنگ کرپشن اور احتساب سیاست اور سوسائٹی کے موضوعات ہوتے تھے۔ پہلے احتساب پھر انتخاب کے نام پر احتساب کی کہانی تو جنرل ضیاء الحق کی آمد کے ساتھ ہی اس وقت شروع ہوئی تھی جب ضیاء الحق نوے دن میں انتخابات کے وعدے سے اس لئے راہ فرار اختیار کرنا چاہتے تھے کہ انتخابات کے نتیجے میں ذوالفقار علی بھٹو اقتدار میں واپس آ سکتے تھے۔ جنرل ضیاء الحق کے دور میں نہ تو انتخابات ہوئے نہ احتساب ہوا۔ احتساب بھی کیا ہوتا جنرل ضیاء الحق پورے ریاستی سسٹم اور اداروں کو کرپشن کی لت ڈال کر دنیا سے رخصت ہوئے۔ انہوں نے ہر شخص کی اس کی حیثیت کے مطابق قیمت لگائی۔ جنرل ضیاء کے بعد بحال ہونے والی جمہوریت میں آئی ایم ایف کی آمد کے زیر سایہ سیاسی اور حکومتی کرپشن عروج کو پہنچی۔ نوے کی پوری دہائی کرپشن اور احتساب کے نعروں میں گزر گئی۔ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف کی حکومتیں انہی الزامات میں برطرف ہوتی رہیں۔ یہاں تک جنرل مشرف نے عزیز ہم وطنوں کو سلام کرنے کے بعد کرپشن اور احتساب کا راگ شروع کر دیا۔ انہوں نے دو بڑی جماعتوں کو سیاسی منظر سے غائب کر کے اپنے اقتدار کے دنوں کو سکون اور عافیت سے گزارنے کی حکمت عملی اختیار کی۔ جنرل مشرف ایک طرف پرانے اور کرپشن زدہ نظام پر تنقید کرتے رہے تو دوسری طرف وہ نیب زدہ سیاست دانوں کو اپنے ساتھ ملا کر اپنے اقتدار کی بنیادیں مضبوط اور وسیع کرتے رہے۔ سیاسی کشمکش سے بھرپور یہ وہ ماہ وسال تھے جب ملکی اسٹیبلشمنٹ کے ترجمان جن میں ریٹائرڈ جرنیل پیش پیش تھے دو باتیں وضاحت کے ساتھ کرتے تھے۔ اول یہ کہ جب پاکستان میں کوئی کرپشن فری اور دیانت دار شخصیت اقتدار میں آئے گی تو اسٹیبلشمنٹ اس سسٹم پر اعتماد کرتے ہوئے اپنا سیاسی اثر رسوخ کم کرے گی۔ دوئم یہ کہ جب اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھ کر امریکہ کی ڈکٹیشن پر نو کہنے کی جرات رکھنے والی کوئی شخصیت سامنے آئے گی تو بھی اسٹیبلشمنٹ اس کے پیچھے کھڑی ہو جائے گی۔ محسن نقوی پاکستان کی کنٹرولڈ اور ہائبرڈ سیاست میں اپنا مستقبل تلاش کر رہے ہیں۔ انہیں وزیر اعظم شہباز شریف کا متبادل بھی سمجھا جا رہا ہے۔ موجودہ سسٹم کی طویل العمری کا خواب اور عزم وارادہ کامیاب ہوتا ہے تو محسن نقوی کا خوب پورا ہونا بھی ناممکن نہیں۔ اس نئے سفر کے لئے انہیں اپنے ایک نئے امیج کی ضرورت ہے۔ یوں لگتا ہے وہ کرپشن اور احتساب جیسے بھولے بسرے موضوعات کو دوبارہ موضوع بحث بنا کر اپنا ایک نیا سراپا تراشنا چاہتے ہیں۔ تین سال تک ملکی رقوم ان حکمرانوں کی ناک کے نیچے سے بیرونی دنیا میں منتقل ہوتی رہیں جن کا دعویٰ رہا کہ ان کی مرضی کے بغیر کوئی شخص نہ باہر جا سکتا ہے

امن معاہدہ کی امید، اندیشے اب بھی موجود ہیں

ایران کی طرف سے آبنائے ہرمز کھولنے کے اعلان کے بعد امریکہ اور ایران کے درمیان امن معاہدے اور مستقل جنگ بندی کے امکانات روشن ہو گئے ہیں۔ تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مزاج اور ایرانی قیادت کے درمیان فیصلہ سازی میں ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے آخری مرحلے تک کوئی حتمی دعوی کرنا ممکن نہیں ہے۔ ایران اور امریکہ، دونوں ہی جنگ سے نڈھال ہیں اور کسی بھی طرح جنگ ختم کر کے کسی باعزت معاہدے تک پہنچنا چاہتے ہیں۔ البتہ ڈونلڈ ٹرمپ کی طرح ایرانی لیڈروں کی خواہش بھی یہی ہے کہ امن معاہدے کے متن اس طرح تحریر کیا جائے جس میں فریق ثانی شکست خوردہ دکھائی دے۔ حالانکہ امن کا مقصد ایک دوسرے کو مکمل احترام دیتے ہوئے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ شاید یہ طریقہ شائستہ اور مہذب بھی ہوتا۔ تاہم ڈونلڈ ٹرمپ اپنے مسلسل اور اشتعال انگیز بیانات کے ذریعے معاملہ اس حد تک آگے لے جا چکے ہیں کہ اس جنگ سے نکلنے کی شدید خواہش کے باوجود وہ اسے اپنی فتح کی دستاویز بنانے پر مصر ہیں۔ گزشتہ دو روز کے دوران ان کے بیانات اور انٹرویوز کا جائزہ لیا جائے تو یہ سمجھنا مشکل نہیں ہونا چاہیے کہ معاہدہ کی طرف بڑھتے ہوئے وہ خود کو برتر پوزیشن میں ثابت کرنے سے باز نہیں آتے۔ حالانکہ اس جنگ نے یہ واضح کیا ہے کہ صرف تباہی مچانے یا اسلحہ کے بے دریغ استعمال سے ہی کسی جنگ کے حتمی مقاصد حاصل نہیں ہو سکتے بلکہ اس کے لیے پوری صورت حال کا جائزہ لینے اور یہ دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ زمینی حالات کیسے رہے اور جنگ سے پہلے اور بعد میں فریقین کی اسٹریٹیجک پوزیشن کس سطح پر ہے۔ کسی مبالغے کے بغیر جائزہ لیا جائے تو اس حوالے سے ایران بلاشبہ فائدے میں رہا ہے۔ اگرچہ اسے امریکہ و اسرائیل کی شدید بمباری کی وجہ سے شدید نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ کئی ہزار لوگوں کی ہلاکت کے علاوہ متعدد اہم لیڈر مارے گئے اور ملک کا صنعتی وعسکری ڈھانچہ بری طرح تباہ ہوا۔ البتہ اس نتیجہ کا پہلے سے علم تھا کہ اگر امریکہ نے ایران پر حملہ کیا تو ایران کو شدید نقصان پہنچے گا۔ تاہم دیکھا جا سکتا ہے کہ امریکہ نے یہ جنگ جن اہداف کے حصول کے لیے شروع کی تھی، وہ پورے نہیں ہو سکے۔ وہ تہران میں ملا رجیم کا خاتمہ چاہتا تھا لیکن اب اسی حکومت



کے ساتھ بات چیت کے بعد اپنی کامیابی کا اعلان کرنے کے لیے بے چین ہے۔ تہران میں حکومتی ڈھانچے میں متعدد اہم سیاسی و عسکری لیڈر ہلاک ہوئے لیکن ان کی جگہ لینے والے لوگ زیادہ سخت گیر اور شدت پسند ثابت ہوئے۔ پاسداران انقلاب کی قیادت ہر قسم کے نقصان کے باوجود مسلسل جنگ جاری رکھنے پر مصر رہی۔ البتہ پاکستان کی شبانہ روز محنت اور دانشمندانہ سفارت کاری کی وجہ سے ایرانی لیڈروں کو جنگ بندی پر مائل کیا گیا اور اب حتمی امن معاہدہ کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ اس کے برعکس امریکہ کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو وہ ایران کی جوہری صلاحیت حاصل کرنے کی خواہش پر ضرور پابندیاں تسلیم کرانے میں کامیاب ہو رہا ہے لیکن یہ ایک ایسا مقصد ہے جو کسی جنگ اور تباہی کے بغیر بھی حاصل کیا جا سکتا تھا۔ 28 فروری کو ایران پر شروع ہونے والے حملہ سے قبل عمان میں ہونے والی بات چیت کے دوران ایران ایٹمی پروگرام کو تقریباً رول بیک کرنے پر متفق تھا لیکن اسرائیل کے بہکاوے میں آ کر ٹرمپ نے فوجی طاقت آزمانے کا افسوسناک فیصلہ کیا۔ اس طرح ایران کو آبنائے ہرمز بند کر کے اسے ایک معاشی ٹیکٹیکل ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کا موقع ملا جس سے اس کے اعتماد میں بے پناہ اضافہ ہوا۔ اب امریکہ اس آبی راستے کو کھولنے پر بے حد خوشی کا اظہار کر رہا ہے حالانکہ جنگ سے پہلے اس آبی گزرگاہ پر کوئی پابندی نہیں تھی۔ امریکہ کو مستقبل میں ہمیشہ یہ سبق یاد رکھنا ہوگا کہ غلط فیصلوں کے نتیجے میں اس نے ایران کے ہاتھ میں ایک ایسا غیر معمولی ہتھیار دے دیا ہے جو ہمیشہ کے لیے عالمی معیشت کے لیے خطرے کی گھنٹی بنا رہے گا۔ ایران نے عرب ممالک میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنانے کے نام پر امریکی حملوں کا جواب عرب ممالک کی تنصیبات و معیشت کو شدید نقصان پہنچا کر دیا ہے۔ اس جنگ سے پہلے ایران کو اپنی اس طاقت کے اثرات کا بھی اندازہ نہیں تھا۔ دوسری طرف دہائیوں تک امریکی چھتری میں پناہ لینے اور کھربوں ڈالر امریکی اسلحہ پر صرف کرنے والے عرب ممالک کو اندازہ ہو گیا ہے کہ مشکل وقت میں امریکہ ان کی مکمل حفاظت نہیں کر پائے گا بلکہ انہیں امریکہ کے ساتھ دوستی کی بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی۔ آنے والے وقت میں اس امکان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ متعدد عرب ممالک امریکہ کی بجائے کوئی متبادل دفاعی میکنزم اختیار کرنے کی کوشش کریں۔ پاکستان اور سعودی عرب دفاعی معاہدے اور اس شدید بحران میں پاکستان کی طرف سے ثالثی کی کوششوں کے باوجود اسلام آباد نے ریاض کے ساتھ اپنے دفاعی معاہدے کو آنچ نہیں آنے دی۔ اس طرح یہ ڈیفنس پیکٹ عرب ممالک کے لیے ایک متبادل دفاعی منصوبہ کی صورت اختیار کر سکتا ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ مل کر پہلے ہی کسی ایسے اتحاد کے لیے کام کر رہا ہے جس میں مسلمان ممالک ایک دوسرے کا ہاتھ تھام سکیں اور کسی مشکل میں ایک دوسرے کی مدد کریں۔ البتہ ایسے انتظامات کو عملی شکل دینے میں کچھ وقت ضرور درکار ہوگا۔ لیکن یہ واضح ہو رہا ہے کہ اب اس جنگ کے خاتمہ کے بعد امریکہ کے لیے مشرق وسطیٰ میں عسکری تسلط جمائے رکھنا آسان نہیں رہے گا۔

صدر ٹرمپ نے اپنے پہلے دور صدارت میں ابراہم اکارڈ کے نام سے ایک معاہدہ متعارف کرایا تھا جس کے تحت عرب ممالک کو اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات استوار کر کے درحقیقت علاقے میں اس کی بالادستی قبول کرنے کی ترغیب دی جا رہی تھی۔ متعدد عرب ممالک نے اس معاہدے کو مان لیا تھا۔ ٹرمپ اپنے دوسرے دور میں سعودی عرب سمیت دیگر ممالک کو بھی اسرائیل کے قریب لانا چاہتے تھے۔ البتہ اسرائیل کے ساتھ مل کر مشرق وسطیٰ میں ایک طرف تباہ کن جنگ کے بعد عرب ممالک کو یہ سمجھنے میں دشواری نہیں ہونی چاہیے کہ امریکہ درحقیقت اسرائیل کے ذریعے اس پورے علاقے پر کنٹرول مسلط کرنا چاہتا تھا۔ ایرانی مزاحمت سے ابراہم اکارڈ کا مستقبل مشکوک ہو گیا ہے۔ اب اسرائیلی لیڈر جس عظیم ریاست کے منصوبے پر عمل کرنا چاہتے تھے، اسے عملی جامہ پہنانا آسان نہیں ہوگا۔ آسان طریقے سے اسے یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ ایران نے حماس کے ذریعے 7 اکتوبر 2023 کو اسرائیل پر حملہ کرانے کی جو غلطی کی تھی، ویسی ہی غلطی اسرائیل نے 28 فروری 2026 کو امریکہ کے ساتھ مل کر ایران پر حملہ کر کے کی۔ جیسے اکتوبر 2023 میں علاقائی تسلط کا ایرانی خواب پورا نہیں ہوا، ویسے ہی ایران پر حملہ کر کے مشرق وسطیٰ کا نمبردار بننے کا اسرائیلی خواب بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکا۔ اسرائیل کی پوزیشن اس جنگ کے بعد بہت کمزور ہوئی ہے۔ اس پر معاشی دباؤ میں اضافہ ہوگا، سفارتی تنہائی بڑھے گی اور اس کے توسیع پسندانہ عزائم کے خلاف زیادہ سخت عالمی موقف سامنے آئے گا۔ البتہ پاکستان کی شبانہ روز محنت اور دانشمندانہ سفارت کاری کی وجہ سے ایرانی لیڈروں کو جنگ بندی پر مائل کیا گیا اور اب حتمی امن معاہدہ کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ اس کے برعکس امریکہ کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو وہ ایران کی جوہری صلاحیت حاصل کرنے کی خواہش پر ضرور پابندیاں تسلیم کرانے میں کامیاب ہو رہا ہے لیکن یہ ایک ایسا مقصد ہے جو کسی جنگ اور تباہی کے بغیر بھی حاصل کیا جا سکتا تھا۔ 28 فروری کو ایران پر شروع ہونے والے حملہ سے قبل عمان میں ہونے والی بات چیت کے دوران ایران ایٹمی پروگرام کو تقریباً رول بیک کرنے پر متفق تھا لیکن اسرائیل کے بہکاوے میں آ کر ٹرمپ نے فوجی طاقت آزمانے کا افسوسناک فیصلہ کیا۔

ایران عرب معاہدہ کب ہوگا؟

اصل آزمائش باقی ہے اور وہ ہے عرب و ایران کو ایک میز پر بٹھانا۔ اہل عرب اور اہل فارس میں پرامن بقائے باہمی کا معاہدہ 'مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن کی ضمانت ہے۔ کیا پاکستان اس گھاٹی کو عبور کرنے میں فریقین کا مددگار بن سکتا ہے؟

یہ کام امریکہ اور ایران کو ایک معاہدے پر متفق کرنے سے کہیں زیادہ مشکل ہے۔ اس کی جڑیں معاصر سیاست ہی میں نہیں تاریخ میں بھی بہت گہری ہیں۔ امریکہ اور ایران کا اختلاف چند عشروں کو محیط ہے۔ عرب و فارس کا جھگڑا صدیوں پر پھیلا ہوا ہے۔ ابتدا میں دونوں جس اسلام کو مانتے تھے 'اس کے خدوخال ایک جیسے تھے۔ پھر اختلاف نے امتیازات کو نمایاں کرنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ 'دو اسلام' کا تاثر گہرا ہو گیا۔ غالی گروہوں نے ان امتیازات کو تشخص بنا لیا۔ بات تکفیر تک جا پہنچی۔ یہ سب ایک دن میں نہیں ہوا۔ پہلے جو کچھ کتابوں میں تھا 'بعد میں چوکوں اور چوراہوں میں آ گیا۔ آغاز 21 ہجری کو ہوا جب سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فارس پر حملے کا فیصلہ کیا۔ کہتے ہیں یہی فیصلہ ان کی شہادت کا باعث بنا۔ امام شبلی نعمانی نے 'الفاروق' میں 21 ہجری کے واقعات بیان کرتے ہوئے لکھا: "اس وقت تک حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایران کی عام تسخیر کا ارادہ نہیں کیا تھا۔ اب تک جو لڑائیاں ہوئیں وہ صرف اپنے ملک کی حفاظت کے لیے تھیں۔ عراق البتہ ممالک محروسہ میں شامل کر لیا گیا تھا لیکن وہ در حقیقت عرب کا ایک حصہ تھا کیونکہ اسلام سے پہلے اس کے ہر حصہ میں عرب آباد تھے۔ عراق سے آگے بڑھ کر جو لڑائیاں ہوئیں وہ عراق کے سلسلہ میں خود بخود پیدا ہوتی گئیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود فرمایا کرتے تھے کہ "کاش ہمارے اور فارس کے بیچ میں آگ کا پہاڑ ہوتا کہ نہ وہ ہم پر حملہ کر سکتے نہ ہم ان پر چڑھ سکتے"۔ لیکن ایرانیوں کو کسی طرح چین نہ آتا تھا۔ وہ ہمیشہ نئی فوجیں تیار کر کے مقابلے پر آتے تھے اور جو

ممالک مسلمانوں کے قبضے میں آ چکے تھے 'وہاں غدر کروا دیا کرتے تھے۔ نہاوند کے معرکے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس پر خیال ہوا اور اکابر صحابہ کو بلا کر پوچھا کہ ممالک مفتوحہ میں بار بار بغاوت کیوں ہو جاتی ہے؟' لوگوں نے کہا: جب تک یزدگرد ایران کی حدود سے نکل نہ جائے یہ فتنہ فرو نہیں ہو سکتا کیونکہ جب تک ایرانیوں کا یہ خیال رہے گا کہ تخت کیان کا وارث موجود ہے' اس وقت تک ان کی امیدیں منقطع نہیں ہو سکتیں۔ اس بنا پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عام لشکر کشی کا ارادہ کیا۔

ایرانی تاریخ کا دوسرا دور تب شروع ہوا جب صفوی برسر اقتدار آئے۔ اس نے سارا منظر بدل ڈالا۔ اسلام کے دائرے میں رہتے ہوئے 'ایران نے عربوں سے مختلف تشخص اپنا لیا۔ ایک کا ہیرو دوسرے کا ولن قرار پایا۔ یہ معمولی فرق نہیں تھا۔ قائد اعظم نے جب دو قومی نظریے کی وضاحت کی تو اس کی ایک دلیل یہ دی کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے ہیرو الگ الگ ہیں۔ مسلمان کا ہیرو ہندو کا ولن ہے۔ مرور زمانہ کے ساتھ اختلافات نمایاں ہوئے۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد سعودی عرب میں آنے والے تبدیلی کا مذہبی رنگ گہرا تھا۔ ریاستی سطح پر امام محمد ابن عبدالوہاب کی تعبیرات اور شدت کو اپنا لیا گیا۔ ایران میں انقلاب آیا تو آتش کدہ فارس کی تپش سارے عالم عرب میں محسوس ہونے لگی۔ عراق اور ایران کے مابین ہونے والی جنگ اس اختلاف کا ایک مظہر تھی جو آٹھ برس جاری رہی۔ اس پر مستزاد وہ فرقہ وارانہ جنگ و جدل، پاکستان بھی جس سے متاثر ہوا۔ ایران اور امریکہ کے تعلقات میں اس طرح کی تاریخ حائل نہیں۔

دونوں اطراف سے اختلافات کی اس خلیج کو پاٹنے کی کوششیں بھی ہوئیں۔ ڈاکٹر علی شریعتی نے اہل ایران کو توجہ دلائی کہ وہ علوی اور صفوی شیعیت میں امتیاز کریں۔ شیعہ علما نے تحریف قرآن کی نسبت کو اعلانیہ مسترد کیا۔ آیت اللہ علی خامنہ ای نے صحابہ اور امہات المومنین کی توہین کو حرام کہا۔ دوسری طرف اہل سنت کے سواد اعظم نے اہل تشیع کی تکفیر کو رد کیا اور عملاً یہ اقلیت کا موقف بن کر رہ گیا۔ ان کاوشوں کے باوصف 'امتیازات پر اصرار باقی ہے بلکہ میرا مشاہدہ ہے کہ ان میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ مجھے پندرہ بیس برس بعد ایک مختلف منظر نامہ دکھائی دیتا ہے' جس کی تفصیل بیان کرتے ہوئے خوف آتا ہے۔ آج اتنی توجہ دلا سکتا ہوں کہ اتحاد کی کوششوں کے باوجود زیر زمین پھیلی 'فالٹ لائنز' کسی وقت زلزلہ برپا کر سکتی ہیں۔ سطح زمین پر ان کے اثرات آج بھی محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ ان اسباب کی وجہ سے 'میں یہ رائے رکھتا ہوں کہ مشرق وسطیٰ کا پائیدار امن عرب و ایران کے باہمی تعلقات پر منحصر ہے۔ ان کے درمیان پرامن بقائے باہمی کا معاہدہ ناگزیر ہے تا کہ عربوں اور ایرانیوں کو ایک دوسرے سے کوئی خطرہ نہ ہو اور انہیں ایک دوسرے سے بچاؤ کیلئے کسی خارجی قوت کی ضرورت نہ رہے۔ اسامہ بن لادن کی حکمت عملی سے عدم اتفاق کے باوجود ان کا یہ مطالبہ درست تھا کہ امریکہ مشرق وسطیٰ سے نکل جائے۔ تاہم انہوں نے اس پہلو کو نظر انداز کیا کہ یہ مطالبہ اسی وقت پورا ہو سکتا ہے جب مشرق وسطیٰ میں داخلی سطح پر اتفاق ہو۔ یہی اتفاق آج بھی پائیدار امن کا ضامن ہے۔

اس کے لیے چار کام ناگزیر ہیں۔ ایک یہ کہ ایران اپنی تمام پراکسیز بند کرے۔ یہ اسی وقت ممکن ہے جب ایران کی سیاسی قیادت ان ہاتھوں میں ہو جن کے سیاسی شعور کی جڑیں ماضی کی تاریخ کے بجائے عصر حاضر اور مذہبیات کے بجائے مذہبی اخلاقیات میں ہوں۔ ایران عراق کے ماڈل کو اپنا لے جہاں دینی و سیاسی قیادت کو عملاً الگ رکھا گیا ہے۔ اہل مذہب کی طاقت کا انحصار ان کی اخلاقی قوت میں ہے اور یہ ریاستی قوت سے زیادہ ہے۔ سیاسی معاملات اہل سیاست کے حوالے ہیں۔ یہ دوسرا کام ہے۔ تیسرا کام یہ ہے کہ عرب امریکہ کے دفاعی حصار سے نجات پائیں۔ پاکستان انہیں ضمانت دے کہ وہ کسی خارجی جارحیت کے خلاف ان کا دفاع کرے گا۔ پاک سعودی دفاعی معاہدے کو پھیلایا جائے اور اس میں ترکیہ اور ایران شامل ہوں۔ چوتھا یہ کہ سب مل کر فلسطینیوں کی خودمختار ریاست کے قیام اور گریٹر اسرائیل کے منصوبے کی ناکامی کے لیے متفقہ حکمت عملی اپنائیں۔

ایران کے حالات اور تاریخ سے باخبر میرے ایک محترم دوست کی رائے ہے کہ ایران دونوں باتوں پر آمادہ نہیں ہوگا۔ وہاں کے سیاسی نظام کی بنیادیں ولایت فقیہ کے تصور میں پیوست ہیں۔ اس نظام کو اب کم وبیش پچاس برس ہونے کو ہے اور یہ جڑ پکڑ چکا۔ اس میں قیادت کی دوئی کے خیال کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ دوسرا یہ کہ ایران حزب اللہ کو کسی صورت میں نہیں چھوڑ سکتا۔ اس موقف میں وزن ہے۔ میرا تاثر یہ ہے کہ عربوں اور ایرانیوں کے مابین اعتماد کی بحالی کے بغیر اس خطے میں پائیدار امن نہیں آئے گا۔ اگر رویوں میں بنیادی تبدیلی نہیں آتی تو حالات بھی تبدیل نہیں ہوں گے۔

کیا امریکہ سمجھوتا چاہتا ہے؟

اپریل کے پہلے ہفتے میں اسلام آباد میں ایران اور امریکہ کے مذاکرات کے بعد خدشہ ظاہر کیا جا رہا تھا کہ 21 اپریل کو پندرہ روزہ جنگ بندی کی میعاد ختم ہونے پر فریقین میں جنگ دوبارہ شروع ہو جائے گی مگر صدر ٹرمپ کے اس بیان کے بعد کہ مذاکرات کا دوسرا راؤنڈ جلد شروع ہو سکتا ہے 'خطے میں امن کی ٹوٹتی ہوئی امیدوں کو کچھ سہارا ملا ہے۔ اگرچہ اس بارے میں کوئی باضابطہ تاریخ اب تک سامنے نہیں آئی مگر ایران اور امریکہ 'دونوں کی جانب سے آئندہ چند دنوں میں دوبارہ اسلام آباد میں مذاکرات کا عندیہ دیا گیا ہے۔ دوسری جانب لبنان اور اسرائیل میں بھی 10 دن کیلئے جنگ بندی کا معاہدہ ہو چکا ہے۔ ادھر امریکی بحریہ نے 13 اپریل سے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کر رکھی ہے۔ (گزشتہ روز ایران نے جنگ بندی کی باقی مدت کے لیے آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھولنے کا اعلان کر دیا ہے) مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ پر فریقین کی طرف سے آمادگی کو خوش آمدید کہا جا رہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان 40 روزہ جنگ نے عالمی معیشت خصوصاً تیل اور گیس کی مارکیٹ کو شدید متاثر کیا ہے۔ اگر جنگ بندی میں توسیع نہ ہو سکی اور دوبارہ جنگ چھڑ گئی تو عالمی معیشت کو 1930ء کی کساد بازاری سے بھی بدتر صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ چین 'جاپان اور جنوبی کوریا جیسے بڑے صنعتی ممالک جو اپنی توانائی کی ضروریات کا بیشتر حصہ خلیج فارس اور مشرق وسطیٰ سے تیل اور گیس درآمد کر کے پورا کرتے ہیں' کو زیادہ مشکلات در پیش ہوں گی۔ چین اپنی توانائی کی ضروریات کا 50 سے 60 فیصد ایران اور خلیج فارس کے دیگر ممالک قطر 'کویت' متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب سے آبنائے ہرمز اور باب المندب کے راستے درآمد کرتا ہے۔ چین نے مشرق وسطیٰ کے ممالک کے ساتھ طویل المیعاد بنیادوں پر تجارتی اور معاشی تعلقات کو دیرپا اور مستحکم بنانے کے لیے 200 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کر رکھی ہے۔ چین ایران کا سب سے بڑا تجارتی پارٹنر ہے اور ایران



کے خام تیل کے 90 فیصد حصے کا خریدار ہے۔ اس لیے وہ امریکہ اور ایران کے مابین جنگ بندی اور متنازع مسائل کے حل کیلئے خاموش مگر غیر معمولی مستعدی سے سرگرم ہے۔ بعض حلقوں کی جانب سے یہ بھی دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کیلئے چین نے ہی ایران کو پاکستان کے ذریعے خصوصی طور پر پیغام بھیجا تھا۔ مذاکرات پر آمادگی کے ساتھ امریکہ کی طرف سے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کا بھی فیصلہ سامنے آیا جس کا ایک مقصد یہ بتایا جاتا ہے کہ صدر ٹرمپ کی رائے میں اس طرح چین امریکہ کی شرائط پر سمجھوتا کرنے کیلئے ایران پر دباؤ ڈالے گا۔ لیکن یہ قیاس آرائی حقیقت پر مبنی معلوم نہیں ہوتی۔ چین ان ممالک میں شامل ہے جنہوں نے 28 فروری کو ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملے کو غیر قانونی اور بین الاقوامی قانون کے منافی قرار دیا۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں آبنائے ہرمز کو کھلوانے کیلئے طاقت کے استعمال کا مینڈیٹ حاصل کرنے کیلئے خلیجی ممالک کی طرف سے پیش کردہ قرارداد کو چین اور روس کی جانب سے ویٹو کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ چین ایران کی طرف سے مزاحمتی کارروائیوں کو حق بجانب سمجھتا ہے۔

ایران امریکہ تنازع کے بارے میں امید کی کرن باقی رہنے کی ایک وجہ یہ ہے کہ فریقین نے اسلام آباد مذاکرات کے پہلے راؤنڈ کے بے نتیجہ رہنے کے باوجود روابط منقطع نہیں کیے۔ اس کی تصدیق امریکی اور ایرانی حلقوں نے کی ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ ان روابط کو قائم رکھنے میں پاکستان نے بطور ایلچی کلیدی کردار ادا کیا ہے' جس کی ایران اور امریکہ دونوں نے تحسین کی ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب اور چیف آف دی ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورہ ایران اس کا واضح اشارہ ہے کہ پاکستان ایران امریکہ مذاکراتی دور کو حتمی اور نتیجہ خیز بنانے کیلئے کوشاں ہے۔ بعض خبریں یہ بھی بتاتی ہیں کہ اس سے فریقین کے درمیان خفیہ بات چیت جسے بیک چینل ڈپلومیسی کہتے ہیں' کی راہیں کھلی ہیں۔ باخبر حلقوں کے مطابق اس وقت تک امریکہ اور ایران کے درمیان سب سے اہم مسئلہ جوہری ہتھیاروں کی تیاری میں کام آنے والی افزودہ یورینیم پر سمجھوتے کی طرف کافی پیشرفت ہو چکی ہے۔ کچھ فاصلہ اگر باقی ہے تو اسے ختم کرنے کیلئے پاکستان کی خدمات حاصل کی جا رہی ہیں۔ فیلڈ مارشل کے دورہ ایران کو اسی سلسلے کی ایک کڑی قرار دیا جا رہا ہے۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود باہمی سمجھوتے کیلئے سب سے ضروری چیز یعنی "اعتماد" ابھی تک مفقود ہے' اور اس کی وجوہات کسی سے پوشیدہ نہیں۔ گزشتہ آٹھ نو ماہ میں ایران دو بار مذاکرات کے دوران امریکہ اور اسرائیل کے مشترکہ حملوں کا نشانہ بن چکا ہے۔ 28 فروری کو سلطنت عمان کی وساطت سے جنیوا میں امریکہ اور ایران کے مابین جو بالواسطہ مذاکرات ہو رہے تھے' عمانی وزیر خارجہ بدر بن حمد البوسعیدی کے مطابق ان میں فریقین معاہدے کے بہت قریب پہنچ چکے تھے۔ ایران نے معاہدے کی خاطر ٹرمپ کی ان شرائط کو بھی مان لیا تھا جو اس نے 2015ء میں صدر اوباما کے دور میں ہونے والے معاہدے میں تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ یہاں تک کہ ایران کے پاس 65 فیصد تک افزودہ یورینیم پر بھی مفاہمت ہو چکی تھی۔ انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ڈائریکٹر جنرل رافیل ایم گروسی کے ایک امریکی ٹی وی چینل کے ساتھ انٹرویو کے مطابق اگلے دن اٹامک انرجی ایجنسی کے ٹیکنیکل ایکسپرٹس کا ایک اجلاس بھی ہونے والا تھا مگر امریکہ اور اسرائیل نے اچانک حملہ کر کے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور عسکری رہنماؤں کو شہید کر دیا۔ 40 روز کی شدید بمباری کے بعد جب ٹرمپ نے محسوس کیا کہ مزید حملے امریکہ کو مہنگے پڑیں گے تو پندرہ روز کیلئے جنگ بندی قبول کر لی۔

اسلام آباد مذاکرات کے پہلے دور میں امریکہ نے جو وفد بھیجا تھا' اس کی کمپوزیشن سے بہت سے حلقے واشنگٹن کو مذاکرات میں غیر سنجیدہ قرار دے رہے تھے۔ اس کے برعکس ایران پوری تیاری کے ساتھ ایک ایسے وفد کے ہمراہ مذاکرات میں شریک ہوا جس میں امریکہ' ایران تنازع کے تمام پہلوؤں کی جانکاری رکھنے والے ماہرین موجود تھے۔ ایک اور مسئلہ جس کی وجہ سے ایران کی بدگمانی میں اضافہ ہوتا ہے' وہ صدر ٹرمپ کی بدلتی ہوئی ترجیحات ہیں۔ کبھی ان کے نزدیک امریکہ کا سب سے اہم مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ایران کبھی بھی ایک ایٹمی طاقت نہ بن سکے۔ کبھی کہتے ہیں کہ ایران میں رجیم چینج اصل مقصد تھا۔ کبھی وہ کہتے ہیں کہ ایران کے تیل اور گیس کے کنویں 'ریل انفراسٹرکچر' پلوں اور بجلی گھروں کو تباہ کر کے ایران کو واپس پتھر کے زمانے میں دھکیل دیا جائے گا۔ اب آبنائے ہرمز کو ایران کے خلاف حکمت عملی میں مرکزی حیثیت دی جا رہی ہے۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایات درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

بورنگ کی مرمت وصفائی
ہر قسم کے پرانے بورنگ کی مرمت، ہائی کمپریسر سے بورنگ کی صفائی، کیمرے سے بورنگ کو چیک کیا جاتا ہے نیز گھروں کے خراب چھوٹے سرسبل بھی نکالنے کا کام کیا جاتا ہے رابطہ نمبر 03469187798
R.No...........62994

گمشدگی کاغذات
موٹر سائیکل نمبر MU-6999 انجن نمبر 9478350 چیسز نمبر JH254900 کے کاغذات بنام محمد سعید جو کہ تین دن پہلے ایئر پورٹ سے عالمو چوک کے درمیان میں گم ہو گئے ہیں ملنے پر فون نمبر 03468341413 مطلع کریں۔
R.No...........62993

گمشدگی شناختی کارڈ
میرا شناختی کارڈ نمبر 5420256423209 بنام ولی خان ولد حاجی عبدالرزاق کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03108030522 مطلع کریں۔
میزئی اڈہ.......

گمشدگی موٹر سائیکل وچیر
چیسز نمبر EC 772554 ماڈل 2024 انجن نمبر ZO 92220 عبدالہادی ولد عبدالباقی کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر 03008747264 مطلع کریں۔
میزئی اڈہ.......

خضدار میں منشیات کا پھیلتا ناسور، لمحہ فکریہ

تحریر: وسیم انور دہوار

یوں تو منشیات کا ناسور بلوچستان بھر اور مجموعی طور پر پورے ملک میں پھیل رہا ہے مگر بات بلوچستان کے ضلع خضدار کی کریں تو یہاں انتہائی تشویشناک حد تک منشیات اور نشہ آور ادویات کا استعمال تیزی سے پھیل رہا ہے اور زیادہ تشویشناک بات یہ ہے کہ پندرہ پندرہ سولہ سولہ سال کے نوجوان اس لت میں مبتلا ہو رہے ہیں منشیات کی لت میں مبتلا میں مبتلا زیادہ تر تعداد نوجوان ہیں جن کی عمریں 15 سے 30 سال کے مابین گزشتہ برس نشہ آور ادویات استعمال کرنے سے کپتان کے رہائشی ناصر ولد عبدالحق کی موت واقع ہوئی تھی بتایا جاتا ہے کہ وہ ٹھیک ٹھاک سوئے تھے صبح مرے ہوئے پائے گئے بعد میں پتہ چلا کہ موت کی وجہ نشہ آور ادویات ہیں اسی طرح خضدار کے ایک اور علاقے جو کہ زندہ پیر ایریا کے نام سے منسوب ہے سے تعلق رکھنے والے دو کم سن نوجوان علی جان ولد محمد اسلم اور آفاق احمد ولد نثار احمد نے خضدار میں واقع ایک کمپلیکس کے میڈیکل سٹور سے نشہ آور ادویات خریدی تھیں ان دونوں نوجوانوں نے ایک ساتھ ان ادویات کا استعمال کیا جس سے دونوں نوجوانوں کی حالت ابتر ہوئی جنہیں فوراً ٹیچنگ ہسپتال خضدار منتقل کیا گیا جس سے وہ کافی دیر تک زندگی اور موت کے کشمکش میں مبتلا رہے بعد ازاں علی جان ولد محمد اسلم کی حالت ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں بھی بہتر نہ ہو سکی جنہیں ٹیچنگ ہسپتال خضدار سے سی ایم ایچ ریفر کر دیا گیا سی ایم ایچ لے جاتے ہوئے راستے میں وہ جان کی بازی ہار گئے جبکہ آفاق احمد ولد نثار احمد کے مضبوط اعصاب نے ان کا ساتھ دیا اور وہ صحت یاب ہو گئے، بعد ازاں آفاق احمد سے ان کے خاندان کے افراد نے متعلقہ ممنوعہ ادویات کے خریداری سے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے اس میڈیکل سٹور کا پتہ دیا جس سے انہوں نے گولیاں خریدی تھیں معلومات حاصل کرنے کے بعد خاندان کے افراد نے ضلعی انتظامیہ کو متعلقہ میڈیکل سٹور کے ان غیر ذمے دارانہ خرید و فروخت سے متعلق بذریعہ درخواست آگاہ کیا انتظامیہ کی جانب سے کارروائی کر کے متعلقہ میڈیکل سٹور کو سیل کر دیا گیا، جبکہ علاقے کے قبائلی عمائدین اور ضلعی انتظامیہ نے اس مسئلہ کے سنگین نتائج کے پیش نظر مفاہمت کی راہ ہموار کر کے دونوں فریقین کے مابین صلح کے بعد اس مسئلہ کو ختم کر دیا حالیہ برس مارچ کے مہینے میں خضدار سے تعلق رکھنے والے اختر علی نتھوانی کی موت بھی اسی ناسور سے ہوئی یہ فقط وہ واقعات ہیں جو رپورٹ ہوئے ورگرنہ کون جانے کتنے چراغ منشیات کی وجہ سے روزانہ کی بنیاد پر بجھ رہے ہیں منشیات کا استعمال ایک وباء کی طرح پھیل رہا ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ مزید ایک بھی لمحہ ضائع کئے بغیر اس ناسور کے خلاف دوٹوک اقدامات کئے جائیں خرید وفروخت میں ملوث لوگوں کو پکڑ کر قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور ایسے اقدامات کئے جائیں جن کی بدولت نوجوان نسل کو اس ناسور سے دور اور محفوظ رکھا جا سکے اس حوالے سے والدین، سول سوسائٹی اور میڈیا کا کردار بھی انتہائی اہم ہے اگر ہم سب مل کر اپنی ذمہ داریاں نبھائیں تو اس ناسور کا خاتمہ ممکن ہے ورگرنہ یہ بلا ایک ایک کر کے ہمارے نگلنے ہم سے چھینتی رہے گی اور ہم بے بسی سے دیکھتے رہیں گے۔

وارڈ 38 ٹرانسفارمر جلنے سے بجلی بند، شدید بحران پیدا
ڈیرہ مراد جمالی میں آٹھ روز سے متعدد محلے بجلی سے محروم ہیں
شدید گرمی میں شہری، خواتین، بچے اور بزرگ شدید مشکلات کا شکار ہیں
بجلی بندش سے پانی کی شدید قلت، روزمرہ زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر 38 کا ٹرانسفارمر جلنے سے متعدد ایریاز میں بجلی بند شہری شدید گرمی سے تڑپ اٹھے بجلی بند ہونے سے پانی کی شدید قلت خواتین بچے بوڑھے سرگرداں ٹرانسفارمر کی فوری مرمت کرنے کی اپیل وارڈ نمبر 38 نوجوان اتحاد کے صدر زاہد حسین بھٹو کامران کھسی شوکت علی بھٹو اسرار احمد بھٹو استاد اللہ ڈتہ ونس استاد نذیر احمد مزار خان دیدار حسین خان محمد سمیت دیگر نے کہا ہے کہ گزشتہ آٹھ روز سے ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر 38 شہید شاہنواز بھٹو آباد علاقے کا ٹرانسفارمر جلا ہوا ہے متعدد محلات جن میں بھٹو محلہ کھو محلہ سامت محلہ جھنڈیر محلہ سونگی محلہ ونیس محلہ کھسی محلہ و دیگر ارد گرد کی گنجان آبادی اس وقت بجلی سے محروم ہے شدید گرمی سے اہلیان علاقے کا جینا حرام ہو چکا ہے بجلی نہ ہونے کی وجہ سے پانی کی شدید قلت اور روزمرہ انسانی زندگی اذیت سے دوچار ہے اس علاقے میں بسنے والے تمام تر آبادی غریب محنت کشوں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں جن کی ساکت ٹرانسفارمر بنوانے کی نہیں رکھتے منتخب عوامی نمائندوں سمیت چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر علی عمرانی سے اپیل کرتے ہیں

ایم ایس ڈاکٹر مشتاق مہیم کا خاران ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ
ایمرجنسی، او پی ڈی، لیبارٹری اور میٹرنٹی وارڈ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا
مریضوں اور لواحقین سے ملاقات، سہولیات سے متعلق شکایات اور تجاویز سنی گئیں

خاران (آئی این پی) عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے خاران ٹیچنگ ہسپتال خاران کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر مشتاق مہیم نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا اچانک اور تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہسپتال میں جاری طبی خدمات، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، صفائی کے انتظامات اور عملے کی کارکردگی کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر مشتاق مہیم نے ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی، لیبارٹری، میٹرنٹی وارڈ اور دیگر اہم شعبوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور ان سے فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں براہ راست آگاہی حاصل کی۔ مریضوں نے بعض شعبوں میں بہتری کی ضرورت کی نشاندہی کی جس پر ایم ایس نے فوری اقدامات کی یقین دہانی کروائی۔ ایم ایس ڈاکٹر مشتاق مہیم نے ہسپتال کے عملے کو ہدایت کی کہ وہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں اور انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مریضوں کے علاج میں کسی قسم کی تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دیں۔ صفائی کے حوالے سے انہوں نے خصوصی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال کے تمام شعبوں میں صفائی کا اعلیٰ معیار برقرار رکھا جائے، کیونکہ صاف ستھرا ماحول مریضوں کی جلد صحتیابی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے صفائی کے عملے کو متنبہ کیا کہ کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور اس سلسلے میں باقاعدہ مانیٹرنگ کا نظام مزید سخت کیا جائے گا۔ مزید برآں، ڈاکٹر مشتاق مہیم نے ادویات کی دستیابی، مشینری کی فعالیت اور دیگر سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(738)/1133-35 مورخہ 12 مارچ 2026 درخواست گزار میسرز روستم زئی مائننگ کمپنی، صبرہ روستم زئی (شراکت داران: عبدالمنان اور خان محمد) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1733.28 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس (Easting/Northing) درج ذیل ہیں Point A(3081928.260/762894.760) B(3084318.198/762135.515), C(3085948.150/762437.652), D(3086106.503/760368.121), E(3082228.340/760202.455) کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(742)1149-51 مورخہ 12 مارچ 2026 درخواست گزار میسرز روستم زئی مائننگ کمپنی (شراکت داران: عبدالسلام اور عبدالمالک) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1511.98 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس درج ذیل ہیں

POINTS	EASTING (YARDS)	NORTHING (YARDS)
A	3085948.150	762437.652
B	3089147.915	763897.105
C	3090602.933	763026.410
D	3086106.503	760368.121

کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(722)865-67 مورخہ 27 فروری 2026 درخواست گزار میسرز عبدالحنان اینڈ کمپنی (شراکت داران: عبدالحنان ولد حاجی محمد یونس) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1975.34 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس درج ذیل ہیں

POINTS	EASTING (YARDS)	NORTHING (YARDS)
A	3082855.920	759054.240
B	3081600.760	761350.670
C	3081928.260	762894.760
D	3084147.150	763342.340
E	3084706.498	759395.875

کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

اطلاع عام

مسمی گل شیر ولد ابراہیم خان قوم پرکانی قلندرزئی ساکن محلہ کلی کرک غنڈک تحصیل کچلاک ضلع کوئٹہ کا رہائشی ہوں اور حلفاً بیانی ہوں یہ کہ میں خود ایک ان پڑھ شخص ہوں اور تقریباً 2018/2019 سے بلوچستان میں کافی عرصہ کے بعد سیٹلمنٹ ہو رہا ہے اور خصوصاً بلیلی تحصیل کوئٹہ میں سائنیل تا حیدرزئی خشکابہ کرک میں کچھ غیر متعلقہ ارتقبہ مافیا ان علاقوں میں اپنا قبضہ ظاہر کر کے مالکان کے علم میں لائے بغیر لوگوں سے رقم وصول کر رہے ہیں جو کہ ان لوگوں کی ملکیت نہیں ہے اور نہ ہی میرے جائیداد کے حدود میں کسی کا کوئی تعلق ہے یہاں تک کہ میرے علاوہ میرے کسی قریبی رشتہ دار کا بھی اس اراضی سے کوئی تعلق نہیں ہے لہذا خصوصاً DHA کے ایل پی وغیرہ خریدار حضرات کو باخبر کیا جاتا ہے (دستاویزات جائیداد کے بغیر کسی غیر متعلقہ سے کوئی لین دین نہ کریں) یہ کہ اگر کسی نے بھی کسی غیر اشخاص سے لین دین کیا تو وہ شخص اپنا خود ذمہ دار ہوگا اس میں مالکان جائیداد کا کوئی عمل دخل نہیں ہوگا اور نہ ہی اس عمل کیلئے مالکان جائیداد ذمہ دار ہوں گے

منجانب: گل شیر ولد حاجی ابراہیم خان مرحوم قوم قلندرزئی ساکن محلہ کلی کرک غنڈک تحصیل کچلاک ضلع کوئٹہ

62995

حب، ڈی سی جمعہ داد مندوخیل سرکاری ملازمین کی فزیکل ویریفکیشن کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

لورالائی، ڈی سی کے زیر صدارت تاجران کے نمائندوں کا اجلاس منعقد
تجارتی مسائل، کاروباری فروغ اور عوامی سہولیات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا
ڈپٹی کمشنر نے تاجروں کے مسائل سن کر فوری حل کے احکامات جاری کیے
انجمن تاجران نے انتظامیہ سے مکمل تعاون اور قانون کی پاسداری کا یقین دلایا

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی زیر صدارت انجمن تاجران کے نمائندوں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر کو درپیش تجارتی مسائل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی سہولیات کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل مینگل اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نور علی کاکڑ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے تاجر برادری کے مسائل کو بغور سنا اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ اداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور تاجر برادری کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون ہی پائیدار ترقی اور معاشی استحکام کی ضمانت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کاروبار دوست پالیسیوں کے تحت تاجروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انجمن تاجران کے عہدیداران نے ضلعی انتظامیہ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وہ قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں گے اور شہر کی ترقی و خوشحالی کے لیے انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھیں گے۔ شہر میں صفائی اور تجاوزات کے خلاف مہم تیز کرنے کا فیصلہ اجلاس کے دوران شہر میں صفائی کی صورتحال اور تجاوزات کے مسئلے پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی کو ہدایت دی کہ صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور اہم شاہراہوں و بازاروں میں جاری تجاوزات کے خاتمے کے لیے فوری اور بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہریوں کو صاف ستھرا اور منظم ماحول فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

سرسبز نوکنڈی مہم کے تحت درختوں کی تقسیم جاری
زیتون اور انجیر کے پودے تقسیم، شہریوں کو شجرکاری کی اہمیت سے آگاہی فراہم کی گئی
بڑھتی گرمی کی شدت کم کرنے میں شجرکاری مہم اہم کردار ادا کرے گی، شہریوں کا مؤقف

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) گرین نوکنڈی یوتھ الائنس کی جانب سے سرسبز نوکنڈی مہم کے تحت درختوں کی تقسیم کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ الائنس کے رضاکاروں جہانگیر ریکی، شفیق اللہ، عبدالباسط خلجی اور ابرار الحق ساسولی و دیگر ساتھیوں نے نوکنڈی کے مختلف گلیوں میں زیتون اور انجیر کے پودے تقسیم کیے اور شہریوں کو شجرکاری کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر مقامی لوگوں نے گرین نوکنڈی یوتھ الائنس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرسبز نوکنڈی مہم ایک مثبت اور قابل تحسین اقدام ہے، جو نہ صرف علاقے کے ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ بڑھتی ہوئی گرمی کی شدت میں کمی لانے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ شہریوں نے مزید کہا کہ الائنس کے چیئرمین میر اعجاز خان سنجرانی اور ان کی ٹیم کی مسلسل محنت قابل قدر ہے، جو نوکنڈی کو سرسبز اور خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے لیے ایک کامیاب مشن کے طور پر شجرکاری مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔

اوستہ محمد، پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ اور دوائی ایم ایس ای ایس ڈی او کے زیر اہتمام خواتین کو دستکاری سلائی کڑھائی کا کام سکھایا جا رہا ہے

استامحمد: ڈی سی پی سی بی اسٹیڈیم دورہ، سہولیات اور مسائل کا جائزہ لیا

استامحمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال نے ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس فیروز علی کے ہمراہ میر عبدالنبی خان جمالی پی سی بی اسٹیڈیم استامحمد کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اسٹیڈیم میں دستیاب سہولیات، موجودہ صورتحال اور درپیش مسائل کا جامع جائزہ لینا تھا تاکہ کھیلوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کو یقینی بنایا جا سکے دورے کے دوران اسٹیڈیم میں پانی کی شدید کمی اور بجلی کی عدم دستیابی جیسے اہم مسائل سامنے آئے، جس پر ڈپٹی کمشنر نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت جاری کی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ اسٹیڈیم کو فعال بنایا جا سکے اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس فیروز علی اور ایس ڈی او بلڈنگ عاشق علی بوہڑ بھی موجود تھے، جنہوں نے اسٹیڈیم کی موجودہ حالت اور درپیش چیلنجز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے ہدایت کی کہ اسٹیڈیم کی مکمل بحالی اور بہتری کے لیے ایک جامع اور قابل عمل کنسپٹ پیپر تیار کیا جائے، جسے آئندہ ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی DCC اجلاس میں پیش کر کے منظوری حاصل کی جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اسٹیڈیم کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے

اوستہ محمد: ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام کھلی کچہری کا انعقاد
شہریوں، معتبرین اور افسران کی بھرپور شرکت، مختلف مسائل تفصیل سے پیش کیے گئے
سیوریج، پینے کے پانی اور صفائی کے ناقص نظام پر شہریوں نے شکایات درج کرائیں

استامحمد (خ ن) صوبائی حکومت بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ استامحمد کی جانب سے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈگری کالج میں عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقائی معتبرین، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے شہریوں اور تمام متعلقہ سرکاری محکموں کے افسران نے بھرپور شرکت کی کھلی کچہری کے دوران شرکاء نے شہر کو درپیش اہم مسائل جن میں سیوریج سسٹم کی ابتر صورتحال، پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، مختلف پیٹرول پمپس پر غیر یکساں نرخ، صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات اور دیگر شہری مشکلات شامل ہیں، کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے موقع پر موجود افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ جن مسائل کا حل ضلعی سطح پر ممکن ہے انہیں ترجیحی بنیادوں پر فوری طور پر حل کیا جائے جبکہ دیگر پیچیدہ نوعیت کے مسائل کو اعلیٰ حکام تک پہنچا کر ان کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ عوام کے مسائل سننا اور ان کا بروقت حل نکالنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے اور کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کو براہ راست موقع فراہم کرنا ہے تاکہ وہ بلا جھجک اپنے مسائل پیش کریں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل میں مکمل طور پر سنجیدہ ہے اور جلد مثبت تبدیلی کے لیے مؤثر حکمت عملی کے تحت اقدامات کیے جائیں گے۔

بعدالت جناب شازیہ زہری فیملی جج I سریاب کوئٹہ

مثل نمبر 3/2026 آئندہ تاریخ ساعت 20/4/2026

بی بی آمنہ دختر لشکری خان سکنہ ریسانی سکنہ ریسانی روڈ کوئٹہ بنام میر محمد سمیع اللہ ولد سردار دوا خان زہری سکنہ فلیٹ نمبر A-1 بلاک A پام بیچ نزد بلاول ہاؤس کلفٹن کراچی

اشتہار بنام ہر خاص وعام:۔ میر محمد سمیع اللہ ولد سردار دوا خان سکنہ فلیٹ نمبر A-1 بلاک A کلفٹن کراچی

ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے ایک درخواست عدالت ہذا میں بہ حصول گارڈین سرٹیفکیٹ نابالغان 1۔ نور بی بی 2۔ میر محمد حمدان 3۔ محمد داؤد گزاری ہے جس کی آئندہ تاریخ ساعت 20/4/2026 مقرر ہو چکی ہے لہذا بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو تاریخ ساعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 18/4/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

JKT سٹاف

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(724)/849-51 مورخہ 27 فروری 2026 درخواست گزار میسرز المدینہ ٹریڈرز (شراکت دار: عبدالسلام ولد حاجی محمد یونس) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1998.12 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس (Easting/Northing) درج ذیل ہیں Point A(3090717.727/765054.419), B(3092936.358/764435.020) C(3094252.378/764808.028)D,(3095814.628/764432.608), E(3092057.952/762155.715), F(3089147.915/763897.105) کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(723)/860-63 مورخہ 27 فروری 2026 درخواست گزار میسرز عبدالحنان اینڈ کمپنی (شراکت دار: عبدالحنان ولد محمد یونس) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1998.74 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس (Easting/Northing) درج ذیل ہیں Point A(3088025.768/759715.261), B(3087578.103/762739.790) C(3084318.198/762135.515), D(3084706.498/759395.875) کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(741)1145-47 مورخہ 12 مارچ 2026 درخواست گزار میسرز روستم زئی مائننگ کمپنی (شراکت داران: مسٹر عبدالمنان، مسٹر احسان اللہ) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1951.39 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس درج ذیل ہیں

POINTS	EASTING (YARDS)	NORTHING (YARDS)
A	3089001.295	763987.333
B	3091040.430	764793.660
C	3094304.171	766713.265
D	3095491.397	765002.091
E	3090602.933	763026.410

کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

حیردین: پانی کی بندش اور آلودگی سے شہری شدید مشکلات کا شکار

حیردین (اے این این) صحبت پور عوامی شکایات کے مطابق شہر کے مختلف محلوں میں پانی کی ترسیل مکمل یا جزوی طور پر بند ہے، جس کے باعث شہری شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ دوسری جانب وارڈ نمبر "1" کے ڈاکٹر الہی بخش بنگولزئی محلہ صحبت پور میں صورتحال انتہائی تشویشناک رخ اختیار کر گئی ہے، جہاں گزشتہ 6 ماہ سے واٹر سپلائی لائن میں نالیوں کا آلودہ پانی شامل ہو کر گھروں تک پہنچ رہا ہے۔ مقامی مکینوں کا کہنا ہے کہ نلکوں سے آنے والا پانی بدبودار، گدلا اور انسانی صحت کے لیے خطرناک بن چکا ہے، مگر متعلقہ حکام کی جانب سے مسلسل غفلت اور خاموشی اختیار کی گئی ہے۔ بارہا شکایات کے باوجود مسئلہ جوں کا توں برقرار ہے، جس پر شہریوں میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر فوری طور پر پانی کی فراہمی بحال نہ کی گئی اور آلودہ پانی کا مسئلہ حل نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا۔ پی ایچ ای صحبت پور کے ایکسین سمیت اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لے کر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی اور شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ زور پکڑ گیا ہے۔

اوستہ محمد، ڈی سی نے تحصیل آفس گنداخہ بحالی کام کا جائزہ لیا

استامحمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال نے تحصیل آفس گنداخہ کی مرمت و بحالی کے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر تحصیلدار گنداخہ محمد ابراہیم پلال بھی ان کے ہمراہ موجود تھے ڈپٹی کمشنر نے موقع پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کرتے ہوئے کام کی رفتار، معیار اور درپیش مسائل کا بغور جائزہ لیا انہوں نے متعلقہ حکام اور ٹھیکیداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ تعمیراتی کام کو مقررہ معیار کے مطابق اور طے شدہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو جلد از جلد بہتر اور جدید سہولیات میسر آ سکیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعمیراتی کام میں کسی قسم کی غفلت یا معیار پر سمجھوتہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، اور تمام مراحل کی باقاعدہ نگرانی کو یقینی بنایا جائے واضح رہے کہ تحصیل آفس گنداخہ کی عمارت 2022 کے تباہ کن سیلاب سے شدید متاثر ہوئی تھی، جس کے باعث دفتری امور بری طرح متاثر ہوئے اور عوام کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اب بلوچستان سوشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI کے تحت اس اہم سرکاری عمارت کی بحالی کا کام تیزی سے جاری ہے، جس کا مقصد انتظامی نظام کو بحال اور مضبوط بنانا ہے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے اس موقع پر کہا کہ سرکاری دفاتر کی بحالی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ ان اداروں کے مؤثر طریقے سے فعال ہونے سے عوام کو بروقت اور معیاری خدمات کی فراہمی ممکن بنتی ہے انہوں نے مزید کہا کہ حکومت دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے نہ صرف متاثرہ انفراسٹرکچر کی بحالی کو یقینی بنا رہی ہے بلکہ عوامی سہولیات میں بہتری کے لیے بھی عملی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تحصیل آفس گنداخہ کی بحالی سے نہ صرف سرکاری امور میں بہتری آئے گی

سرسبز نوکنڈی مہم کے تحت پودوں کی تقسیم کا سلسلہ جاری

نوکنڈی (این این آئی) گرین نوکنڈی یوتھ الائنس کی جانب سے سرسبز نوکنڈی مہم کے تحت درختوں کی تقسیم کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ الائنس کے رضاکاروں جہانگیر ریکی، شفیق اللہ، عبدالباسط خلجی اور ابرار الحق ساسولی و دیگر ساتھیوں نے نوکنڈی کے مختلف گلیوں میں زیتون اور انجیر کے پودے تقسیم کیے اور شہریوں کو شجرکاری کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر مقامی لوگوں نے گرین نوکنڈی یوتھ الائنس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سرسبز نوکنڈی مہم ایک مثبت اور قابل تحسین اقدام ہے، جو نہ صرف علاقے کے ماحول کو آلودگی سے پاک کرنے میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ بڑھتی ہوئی گرمی کی شدت میں کمی لانے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ شہریوں نے مزید کہا کہ الائنس کے چیئرمین میر اعجاز خان سنجرانی اور ان کی ٹیم کی مسلسل محنت قابل قدر ہے، جو نوکنڈی کو سرسبز اور خوشگوار ماحول فراہم کرنے کے لیے ایک کامیاب مشن کے طور پر شجرکاری مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(721)/869-71 مورخہ 27 فروری 2026 درخواست گزار میسرز عبدالحنان اینڈ کمپنی (شراکت دار: عبدالحنان ولد حاجی محمد یونس) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 2003.04 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس (Easting/Northing) درج ذیل ہیں Point A (3088025.766/759715.261), B(3087578.103/762739.790) C(3089147.915/763897.105), D(3092057.952/762155.715) کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(725)/853-55 مورخہ 27 فروری 2026 درخواست گزار میسرز المدینہ ٹریڈرز (شراکت داران: عبدالسلام اور حاجی محمد یونس) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1733.23 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس (Easting/Northing) درج ذیل ہیں Point A (3081648.700/764598.960) B(3081610.640/765264.690), C)3087037.280/767936 330) D(3087128.124/765310.729), E(3086346.370/764994 350) کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(740)/1141.43 مورخہ 12 فروری 2026 درخواست گزار میسرز روستم زئی مائننگ کمپنی، صبرہ روستم زئی (شراکت داران: عبدالمنان اور نعمت اللہ) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1998.30 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس (Easting/Northing) درج ذیل ہیں Point A (3080316.980/758494.890), B(3078947.948/762057 565) C(3081928.260/762894.760) D,(3081600.760/761350.670) E(3082855.920/759054.240) کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(739)1137-39 مورخہ 12 مارچ 2026 درخواست گزار میسرز روستم زئی مائننگ کمپنی (شراکت داران: عبدالمنان اور فضل محمد) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1327.35 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس درج ذیل ہیں

POINTS	EASTING (YARDS)	NORTHING (YARDS)
A	3078947.948	762057.565
B	3081928.260	762894.760
C	3082228.340	760202.455
D	3079632.464	760276.228

کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

لورالائی: ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر کھلی کچہری، مسائل پر عملدرآمد شروع
ایم ڈی ڈی انجینئر گل محمد خروٹی کی نگرانی میں ہنگامی بنیادوں پر کام مکمل
آبادی کو ممکنہ سیلابی خطرات سے بچانے کیلئے نکاسی آب نظام بہتر بنایا گیا
عوامی شکایات کے فوری حل کیلئے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رکھنے کا فیصلہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ نے عوامی مسائل کے حل کے لیے فوری اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ گزشتہ روز منعقدہ کھلی کچہری میں شہریوں کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل پر عمل درآمد کرتے ہوئے ایم ڈی ڈی انجینئر گل محمد خان خروٹی نے کوٹی ندی، لتی اور مرتت کے علاقوں میں ہنگامی بنیادوں پر کام مکمل کیا۔ تفصیلات کے مطابق ندی کے اندر بننے والی غیر ہموار سڑک اور رکاوٹوں کو ہٹا کر سیلابی پانی کے بہاؤ کو آبادی سے دور موڑ کر دوبارہ ندی کے قدرتی راستے کی جانب بحال کر دیا گیا ہے، جس سے ممکنہ سیلابی خطرات میں نمایاں کمی متوقع ہے۔ اس اقدام سے نہ صرف قریبی آبادی کو تحفظ فراہم ہوگا بلکہ نکاسی آب کے نظام میں بھی بہتری آئے گی۔ علاقہ مکینوں نے ضلعی انتظامیہ کی اس بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ آئندہ بھی ایسے عملی اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر شہر کے دیگر ندی نالوں اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے بھی سروے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق حساس مقامات کی نشاندہی کر کے وہاں فوری بنیادوں پر صفائی اور بحالی کے کام کیے جائیں گے تاکہ مون سون سیزن کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے مؤثر انداز میں نمٹا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔

حب، اے سی مہیم خان لکھی امتحانی سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

شیرانی: صحت کے شعبے میں بہتری کیلئے جامع اقدامات کا فیصلہ
ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی اجلاس ڈپٹی کمشنر حضرت ولی کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا
ضلع بھر کے بنیادی مراکز صحت اور ضلعی ہسپتال کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ
طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور ایمرجنسی سروسز پر جامع بریفنگ دی گئی
غیر حاضر عملے کے خلاف سخت کارروائی، ہر مرکز میں حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

شیرانی (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا ایک اہم اور تفصیلی اجلاس ڈپٹی کمشنر حضرت ولی کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صحت کے شعبے کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مختلف اقدامات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سیف الدین ٹکٹی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبداللہ کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر شیرانی حبیب الرحمان ناصر سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے ضلع بھر کے بنیادی مراکز صحت (BHU)، دیہی مراکز صحت (RHC) اور ضلعی ہسپتال کی کارکردگی پر جامع بریفنگ دی۔ بریفنگ میں طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، لیبارٹری سہولیات، حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) پروگرام اور ایمرجنسی سروسز سے متعلق تفصیلات پیش کی گئیں۔ اجلاس کے دوران صحت کے مراکز میں ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری یقینی بنانے، ادویات کی بلاتعطل فراہمی، زچہ و بچہ کی صحت کی سہولیات میں بہتری، ویکسینیشن مہم کی کارکردگی، ہسپتالوں میں صفائی کے نظام اور دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی رسائی جیسے اہم امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حضرت ولی کاکڑ نے ہدایت جاری کی کہ تمام طبی مراکز میں عملے کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور غیر حاضر عملے کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ کسی بھی مرکز میں ادویات کی کمی برداشت نہیں کی جائے گی اور ضروری ادویات کی مسلسل دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔ ہسپتالوں میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر شیرانی حبیب الرحمان ناصر نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے محکمہ صحت کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں میں درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ محکمہ صحت کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اور پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ہر ماہ باقاعدگی سے اجلاس منعقد کیا جائے گا۔

قلات، ترقیاتی منصوبے تیز، اے ڈی سی کا مختلف اسکیموں کا معائنہ
ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ نے BSDI اسکیمات کا قلات شہر میں تفصیلی معائنہ کیا
مختلف سرکاری اسکولوں اور کرکٹ گراؤنڈ میں جاری منصوبوں پر پیش رفت پر بریفنگ دی گئی

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری کی خصوصی دلچسپی سے قلات میں بنیادی سہولیات فراہمی کیتر قیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ نے قلات شہر میں BSDI کے تحت مختلف ترقیاتی اسکیمات کا دورہ کیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے جاری ترقیاتی اسکیمات کے کام کی رفتار اور تعمیرات میں استعمال ہونے والے میٹیریل کے معیار کا بھی جائزہ لیا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول پولیس لائن گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کوئنگ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول مغلزئی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مغلزئی کرکٹ گراؤنڈ ملکی گورنمنٹ پرائمری سکول گیاوان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی فزیکل اور فنانشل پروگریس سے متعلق متعلقہ انجینئر سے بریفنگ لی تعلیمی اداروں میں جاری نئے کمروں کی تعمیر مرمت کے کام رنگ روغن اور دیگر کاموں کا بھی بغور جائزہ لیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ نے کنٹریکٹرز کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ BSDI کے تحت ترقیاتی اسکیمات جلد از جلد مکمل کریں اور تعمیرات کے معیار میں مزید بہتری لائیں تاکہ عوام ان اسکیمات سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکے

تنظیم اساتذہ کی بین الصوبائی نشستیں، تعلیمی اصلاحات پر زور
بلوچستان اور سندھ کے اضلاع کے اساتذہ رہنماؤں کی مشترکہ تعارفی نشستیں منعقد ہوئیں

صحبت پور (نمائندہ مشرق) تنظیم اساتذہ پاکستان کی بین الصوبائی تعارفی نشستیں، تعلیمی مسائل و اصلاحات پر زور تنظیم اساتذہ پاکستان کے زیر اہتمام صوبہ بلوچستان کے اضلاع نصیر آباد، جعفر آباد، صحبت پور اور اوستہ محمد جبکہ صوبہ سندھ کے اضلاع شکار پور، جیکب آباد اور کندھ کوٹ کے ضلعی ذمہ داران کی مشترکہ تعارفی نشستیں منعقد ہوئیں۔ نشست میں مرکزی نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان رئیس اللہ ڈنہ منگریو نے خصوصی شرکت کرتے ہوئے تنظیم کے اغراض و مقاصد اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی گفتگو کی۔ اس موقع پر ضلع شکار پور کے صدر عبدالوحید کنبار نے تنظیم اساتذہ پاکستان کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے ضلع شکار پور میں درپیش تنظیمی و تحریکی مسائل پر روشنی ڈالی۔ صوبہ بلوچستان کے صدر باز محمد صابر اور صوبائی سیکرٹری اعجاز احمد ساسولی نے بلوچستان کے تعلیمی نظام، درپیش چیلنجز اور تنظیمی امور کے حل کے حوالے سے خطاب کیا۔ نشست میں مختلف اضلاع کے ذمہ داران، جن میں برکت علی سونگی، محمد رفیق سالانی، محمد آصف، عبدالصمد جتک اور عبدالرسول پٹھان شامل تھے، جنہوں نے اپنے اپنے اضلاع کے نمائندہ وفود کے ہمراہ شرکت کی۔ اس دوران حافظ عبدالمالک سونگی کو ضلع کندھ کوٹ کے مجلس فکر کے لیے ضلعی ذمہ داران کی جانب سے نامزد کرتے ہوئے ذمہ داری سونپی گئی۔ بعد ازاں مرکزی نائب صدر رئیس اللہ ڈنہ منگریو نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم اساتذہ پاکستان ملک میں امن و امان، خوشحالی اور تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نظام تعلیم میں بنیادی اصلاحات کی جائیں، کیونکہ موجودہ نظام، جو لارڈ میکالے کی پالیسیوں کا تسلسل ہے، قوم کو حقیقی ترقی سے دور رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب تک نصاب اور نظام تعلیم کو قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق استوار نہیں کیا جاتا اور اساتذہ کو حقیقی اسلامی کردار کے حامل نہیں بنایا جاتا، اس وقت تک معاشرے میں مثبت تبدیلی ممکن نہیں۔

بعدالت تحصیلدار / اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل قلعہ سیف اللہ

اشتہار برائے اطلاع عام (NOC)

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بحوالہ لیٹر ڈائریکٹوریٹ مائنز نمبر DG(MM)/PL-Fluorite(724)/849-51 مورخہ 27 فروری 2026 درخواست گزار میسرز المدینہ ٹریڈرز (شراکت داران: عبدالسلام ولد حاجی محمد یونس) نے مقام نزد کلی صبرہ روستم زئی موضع روستم زئی تحصیل و ضلع قلعہ سیف اللہ میں واقع 1995.50 ایکڑ رقبے پر معدنیات فلورائیٹ (Fluorite) کی کان کنی کیلئے این او سی کی درخواست دی ہے رقبے کے کوآرڈینیٹس درج ذیل ہیں

POINTS	EASTING (YARDS)	NORTHING (YARDS)
A	3091142.587	764946.914
B	3097199.230	768330.710
C	3095814.628	764432.608
D	3094252.378	764808.028
E	3092936.358	764435.020

کسی بھی قسم کا اعتراض اشتہار ہذا کی اشاعت کے 10 یوم کے اندر بمعہ ثبوت دفتر ہذا میں جمع کروائیں بعد از معیاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

نمائندہ قلعہ سیف اللہ

بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ

عوامی نیلامی نوٹس

ناکارہ اور ناقابل استعمال اشیاء کی نیلامی کے لیے کھلی عوامی بولی کی دعوت دی جاتی ہے۔
نیلامی کی تاریخ: 5 مئی 2026 بروز منگل وقت: 11:30 AM مقام: BICHQ بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز، کواری روڈ کوئٹہ۔ اشیاء کا معائنہ کرنے کی اجازت مورخہ 20 اپریل تا 28 اپریل 2026۔ وقت: 11:00 AM تا 1:00PM کے درمیان ہوگی۔

شرائط وضوابط:
۱: اشیاء جیسا ہے جہاں ہے کی بنیاد پر نیلام کی جائیں گی۔ ۲: دلچسپی رکھنے والے بولی دہندگان کو 25% بیعانہ (Earnest Money) نیلامی کے موقع پر جمع کروانا ہوگا۔ ۳: سب سے زیادہ بولی منظوری سے مشروط ہوگی۔ ۴: کامیاب بولی دہندہ کو تین (3) کاروباری دنوں کے اندر پوری رقم جمع کروانی ہوگی۔ ۵: خریدی ہوئی اشیاء کو 7 دنوں کے اندر وہاں سے ہٹانا لازمی ہوگا۔ ۶: اتھارٹی کے پاس کسی بھی یا تمام بولیوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ ہے۔ ۷: کیش کاؤنٹر پر 500 روپے نقد جمع کروا کے بولی کے دستاویزات انچارج ڈیڈ اسٹاک (پرسنل آفیسر) ایڈمن بلاک سے رسید دکھا کر حاصل کی جا سکتی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر حبیب اللہ بابر
چیف ایگزیکٹو آفیسر بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ سروسز کوئٹہ 081-2823705

روزنامہ مشرق کوئٹہ MASHRIQ

اسپورٹس

پاکستان سپر لیگ 11 پشاور زلمی پلے آف کیلئے کوالیفائی کرنے والی پہلی ٹیم بن گئی

اتوار 19 اپریل 2026ء

اٹک پی ایل پی الیون سیزن 11 میں 26 میچز مکمل ہونے کے بعد پوائنٹس ٹیبل انتہائی دلچسپ مرحلے میں داخل، برتری کی دوڑ جاری

اسلام آباد یونائیٹڈ 9 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے، ملتان سلطانز 8 پوائنٹ کے ساتھ تیسرے نمبر پر موجود ہے

ہوئے بلے باز ردرفورڈ نے سات چھکوں کی مدد سے 87 رنز بنائے، ان کے علاوہ ٹم ڈیوڈ نے 39 رنز کی اننگز کھیلی

لاہور (اے پی پی) اٹک پی ایل پی الیون سیزن 11 میں 26 میچز مکمل ہونے کے بعد پوائنٹس ٹیبل انتہائی دلچسپ مرحلے میں داخل ہوچکی ہے، جہاں پلے آف مرحلے کی دوڑ مزید سنسنی خیز بنتی جارہی ہے۔ تاہم ٹیبل ٹاپر کا رکردگی دکھاتے ہوئے اب پلے آف کی دوڑ سے عملی طور پر خارج ہوچکی ہے۔ پلے آف کی باقی تین نشستوں کیلئے چھ ٹیموں کے درمیان سخت مقابلہ جاری ہے۔ اسلام آباد یونائیٹڈ سات میچز میں 9 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود ہے جبکہ ملتان سلطانز چھ میچز میں 8 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر مضبوط پوزیشن میں ہے۔ مزید برآں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز، حیدرآباد کنگز میں اور کراچی کنگز چھ چھ پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب چوتھے، پانچویں اور چھٹے نمبر پر موجود ہیں اور پلے آف کی دوڑ میں شامل ہیں۔ دفاعی چیمپئن اور لگاتار تین کیلئے صوبہ حاصل کرنے والی ٹیم پشاور زلمی 6 میچز میں صرف چار پوائنٹس کے ساتھ ساتویں نمبر پر موجود ہے۔ لاہور قلندرز کو ایک میچ تک رسائی کے لیے اپنے تمام میچز جیتنے کا کڑا چیلنج درپیش ہے۔

یمن کرکٹرز کے اسکلز اینڈ فٹنس کیمپ کا تیسرا دن بھی جاری رہا

ایتھلیٹس میں فیلڈنگ پر خصوصی توجہ دی گئی، کھلاڑیوں نے گروپ ڈرلز کیں

فیلڈنگ پر خصوصی توجہ دی گئی، کھلاڑیوں نے 2 گھنٹے گروپس کی شکل میں مختلف ڈرلز کیں۔ اس کے ساتھ سٹمپ، وکٹ ریاض اور دوڑ کا چونگ اسٹاف نے کھلاڑیوں کی اسکلز پر بھی کام کیا۔ کرکٹ کوچ عثمان چن پوری نے کرکٹرز کو کچھ ٹپس بھی دیئے۔ یمن کرکٹرز کا یہ کیمپ انٹیلیجنٹ کرکٹ کرانے کی کوشش ہے، جہاں تیسرے روز کوچز کے ساتھ اسٹاف کی گفتگو میں چن پور کرکٹرز کو کچھ ٹپس دیتے بھی پائے گئے۔ ویمن اسکلز اینڈ فٹنس کیمپ 23 اپریل تک جاری رہے گا۔

آئی پی ایل میں ہارڈ ہٹنگ بلے بازی کی پہچان پر سوالات اٹھ گئے

نئی دہلی (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ میں مہنگی انویسٹمنٹ کرنے والی بلے بازوں کو آئی پی ایل 2026ء میں ہم کی خراب کارکردگی کے بعد شدید تنقید کا سامنا ہے۔ ہم نے 5 میچز میں صرف 1 کامیابی حاصل کی ہے اور پوائنٹس ٹیبل میں نچلے نمبروں پر موجود ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حال ہی میں پنجاب کنگز کے خلاف کھیلے گئے میچ میں بھارتی کرکٹر سوریا تیواری نے بلے باز کی بجائے کپتانی کو ترجیح دیتے ہوئے کہا تھا کہ 2015ء سے 2023ء تک روہت شرما کی قیادت میں ممبئی نے کئی بار ٹیبل ٹاپ کیا تھا، تبدیل کرنے کا فیصلہ درست ثابت نہیں ہو رہا۔

کامن ویلتھ گیمز میں اپنے اعزاز کا دفاع کروں گا، اولمپئن ارشد ندیم

قطر فٹبال ایک مہینہ لیٹ ہوگئی، ایشین گیمز کے لئے بھی تیاری کررہا ہوں

لاہور (آن لائن) اولمپک گولڈ میڈلسٹ جیولین تھرو ارشد ندیم کا کہنا ہے کہ آئندہ سال ہونے والے کامن ویلتھ گیمز میں اپنے اعزاز کا دفاع کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ارشد ندیم نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ’کامن ویلتھ گیمز میں اپنے اعزاز کا دفاع کرنے کے لیے پُرعزم ہیں اور اس کے لیے تیاری کر رہا ہوں‘۔ ارشد ندیم نے کہا کہ ’ہم نے ابھی تک کامن ویلتھ گیمز کے شیڈول کے بارے میں نہیں سنا، لیکن ہم اس کے لیے تیاری کر رہے ہیں‘۔ ارشد ندیم نے کہا کہ ’ہم نے ابھی تک کامن ویلتھ گیمز کے شیڈول کے بارے میں نہیں سنا، لیکن ہم اس کے لیے تیاری کر رہے ہیں‘۔ ارشد ندیم نے کہا کہ ’ہم نے ابھی تک کامن ویلتھ گیمز کے شیڈول کے بارے میں نہیں سنا، لیکن ہم اس کے لیے تیاری کر رہے ہیں‘۔

کبڈی جسمانی پھرتی اور ذہنی حکمت عملی کا بہترین امتزاج ہے، آصف چوہدری

کبڈی ہمارے خطے کا اہم کھیل اور ثقافتی ورثے کا حامل ہے، تقریب سے خطاب

فیصل آباد (آن لائن) فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) کے ڈائریکٹر جنرل محمد آصف خان چغتہ نے کہا ہے کہ کبڈی کا کھیل جسمانی طاقت، پھرتی اور ذہنی حکمت عملی کا بہترین امتزاج ہے جس سے صحت مند سرگرمیوں کو فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں مدد ملتی ہے۔ وہ ایف ڈی اے کے زیر اہتمام کبڈی ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کے موقع پر بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ڈی جی ایف ڈی اے نے کھلاڑیوں کو ٹرافیاں اور نقد انعامات بھی دیئے۔ ٹورنامنٹ میں 16 ٹیموں نے حصہ لیا۔ فائنل میں ایف ڈی اے کبڈی کلب نے ایف ڈی اے کبڈی کلب کو 45 کے مقابلے 42 پوائنٹس سے شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کی۔ اس موقع پر ڈی جی ایف ڈی اے نے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں ٹیم ورک، نظم و ضبط اور خود اعتمادی جیسی خوبیاں پیدا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مقابلے نہ صرف کھیل کی ترویج کا ذریعہ ہیں بلکہ یہ نوجوانوں کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے دور رکھنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

آئی پی ایل میں مواقع نہیں ملے، جس پر مایوسی ہوئی، معین علی

پی ایس ایل کھیلنے کی ہمیشہ خواہش رہی مگر شیڈولز کی ٹکراؤ ہوتا رہا، بات چیت میں معین علی نے کہا کہ مجھے آئی پی ایل میں کھیلنے کے مواقع ملے جس کی وجہ سے مجھے کافی مایوس ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ پی ایس ایل کھیلنے کو خواہش مند رہا مگر ٹیبل شیڈولز کی ٹکراؤ کی وجہ سے پہلے موقع نہیں مل سکا۔ انہوں نے کہا کہ اب میں اپنے کریئر کے آخری حصے میں ہوں اور زیادہ سے زیادہ کرکٹ کھیلنا چاہتا ہوں، پی ایس ایل کا حصہ بننے پر بہت خوش ہے اور میرے خاندان کے لیے بڑا موقع ہے۔

نیوزی لینڈ نے پہلے ون ڈے میچ میں بنگلہ دیش کو 26 رنز سے شکست دے دی

فاتح ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 8 کوٹوں کے نقصان پر 247 رنز بنائے، بنگلہ دیشی بیٹرز ٹارگٹ کے حصول میں ناکام

سیفٹ مین 57 اور توحید ہریدوئے 55 رنز بنا کر نمایاں رہے، نیوزی لینڈ کی جانب سے سلیئر نے 4 وکٹیں حاصل کیں

کرائسٹ چرچ (این این آئی) نیوزی لینڈ نے پہلے ون ڈے میچ میں بنگلہ دیش کو 26 رنز سے شکست دے دی۔ میزبان ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 8 کوٹوں کے نقصان پر 247 رنز بنائے، جواب میں بنگلہ دیش کی پوری ٹیم 48.3 اوورز میں 221 رنز پر آؤٹ ہوگئی۔ سیفٹ مین 57 اور توحید ہریدوئے 55 رنز بنا کر نمایاں رہے۔ بنگلہ دیش کی جانب سے شمیم حسین اور طنزیم الاسلام اور رشاد حسین نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ محمد نعیم، احمد کے 3، ہنیدل حسین اور ذیشن خان کے 2، 2 وکٹ حاصل کیں۔ بنگلہ دیش کی ٹیم کو اس کامیابی کے نتیجے میں 3 میچوں کی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل ہوگئی ہے۔

شہر شہر پیار ابلوچستان

روزنامہ مشرق کوئٹہ MASHRIQ

عالمی مارکیٹ میں کمی کے باوجود ایرانی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم نہ ہوسکیں

بھاگ، سنی، شوران اور ڈھاڈر میں تھریشنگ کے ریٹ ایک گنا بڑھ گئے

ڈیزل مہنگا ہونے کے باعث ٹریکٹر پر ریٹ پانچ سے چھ ہزار تک پہنچ گئے

بھائی کاری (اے این این) عالمی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ایرانی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی ایرانی ڈیزل مہنگا ہونے سے تھریشر اور کٹائی کے لئے ٹریکٹر آسان اور کٹائی کے لئے کمبائن ہارویسٹر مہنگا ہونے سے کسان پریشان ہیں۔ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے باعث تھریشر کٹائی کے ریٹ مقرر کرتے ہوئے انتظامیہ کٹائی کے ریٹ مقرر کرنے میں مطابق عمل کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ایرانی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ڈیزل 5000 ہزار کے 6000 ہزار تک پہنچ گئی ہے جو گزشتہ سال سے 50 سے 60 ہزار روپے زائد ہے۔ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے بعد تھریشر کٹائی کے ریٹ 5000 ہزار سے 6000 ہزار تک پہنچ گئے ہیں

بقیہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی 1

مستقبل میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سول و عسکری قیادت کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہے اور اسی اشتراک کے تحت ہم آگے بڑھ رہے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے غیر متوازن ترقی کو تشدد کی وجہ قرار دینا درست تجزیہ نہیں، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ بعض عناصر ریاست کو غیر مستحکم کرنے کے لیے نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں انہوں نے نشاندہی کی کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں تاہم ریاست ان تمام سرگرمیوں سے پوری طرح آگاہ ہے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت ان کا مقابلہ کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کو بلوچستان حکومت نے مکمل ذمہ داری کے ساتھ اون کیا ہے اور اس سلسلے میں ادارہ جاتی صلاحیت کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان پولیس کی استعداد کار بڑھانے کے لیے 40 ارب روپے جبکہ محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کو مزید 10 ارب روپے فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ امن و امان کو دیرپا بنیادوں پر مستحکم کیا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کو ریاست کا سب سے اہم سرمایہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہیں قومی دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی پالیسیوں کا محور نوجوان ہیں اور ان کے ساتھ اعتماد سازی کے لیے میرٹ، شفافیت اور ہر سطح پر بامقصد ڈائیلاگ کو فروغ دیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے کی ہر جامعہ اور ہر فورم پر نوجوانوں کو سنا جا رہا ہے تاکہ ان کے مسائل کو سمجھ کر مؤثر حل فراہم کیے جا سکیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک جامع یوتھ پالیسی متعارف کرائی گئی ہے، جس کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانے، انہیں مواقع فراہم کرنے اور ترقی کے عمل میں شریک کرنے کا عملی فریم ورک دیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ وہ نوجوان جو کسی قسم کے گلے شکوے رکھتے ہیں انہیں سنجیدگی سے سنا جا رہا ہے ان کے تحفظات و شکایات کا ازالہ کیا جائے گا اور انہیں قومی دھارے میں شامل کیا جائے گا، تاہم ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھا کر تشدد کا راستہ اختیار کرنے والوں کے لیے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت مؤثر حکمت عملی، میرٹوکریسی اور نوجوانوں کے ساتھ مسلسل مکالمے کے ذریعے بلوچستان کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن رکھے گی انہوں نے کہا کہ ریاست کو غیر مستحکم کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا اور ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال بلوچستان کے حصول کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ ٹرمپ 2

صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر پاکستان کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو زبردست شخصیات قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں پاکستانی رہنماؤں نے اہم کردار ادا کیا جس پر ان کے شکرگزار ہیں۔ امریکی صدر نے مشرق وسطیٰ کے دیگر ممالک سعودی عرب، قطر، کویت، یو اے ای اور بحرین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان ممالک نے بھرپور تعاون کیا اور غیر معمولی حوصلے کا مظاہرہ کیا۔ دوسری جانب۔ ایرانی سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ ایرانی فوج آبنائے ہرمز پر اپنا کنٹرول دوبارہ سنبھال لیا ہے۔ نشریاتی اداروں نے پاسداران انقلاب کے ایک بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اس کی اصل حالت میں واپس لایا جائے گا، جہاں مسلح افواج اس علاقے پر کنٹرول رکھیں گی۔ اس سے قبل کچھ بحری جہازوں کو اس آبی راستے سے گزرتے ہوئے دیکھا گیا تھا تاہم یہ واضح نہیں کہ اس اہم تجارتی راستے سے پابندی ہٹائے جانے کے بعد کتنی بحری آمد و رفت ہوئی ہے۔ ایران کی فوج کے بیان میں امریکہ پر 'بحری قذاقی' کا الزام لگایا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کی نام نہاد ناکہ بندی' سمندری امور پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ بی بی سی فارسی کے مطابق جنگی کارروائیوں کے ادارے خاتم الانبیاء ہیڈکوارٹر کے بیان میں بتایا گیا ہے کہ اسلامی جمہوریہ ایران نے 'پچھلے معاہدوں اور نیک نیتی پر مبنی نقطہ نظر کے ساتھ' آبنائے ہرمز کے ذریعے کچھ آئل ٹینکروں اور تجارتی جہازوں کو محدود اور منظم طریقے سے گزرنے کی اجازت دی تھی۔ خاتم الانبیاء ہیڈکوارٹر کے ترجمان نے واضح کیا ہے کہ مسلسل ناکہ بندی اور غیر قانونی امریکی بحری کارروائیوں نے صورت حال کو تبدیل کر دیا ہے اور جب تک ایران اور ایران سے بحری جہازوں کی نقل و حرکت کی آزادی پر پابندیاں ختم نہیں ہو جاتیں، آبنائے ہرمز پر سخت کنٹرول اور نگرانی جاری رہے گی۔ یاد رہے کہ ایران نے اس سے قبل کہا تھا کہ اگر امریکہ نے اس کی بندرگاہوں کی ناکہ بندی جاری رکھی تو وہ آبنائے کو بند کر دے گا۔ ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل نے امریکہ کے ساتھ جنگ اور مذاکرات کے حوالے سے تازہ پیش رفت کے حوالے سے تازہ بیان جاری کیا ہے۔ ایران کی پاسداران انقلاب سے منسلک خبر رساں ایجنسی تسنیم کے مطابق سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کا کہنا ہے کہ حالیہ دنوں میں پاکستان کے آرمی چیف کی تہران آمد کے بعد امریکہ کی جانب سے نئی تجاویز پیش کی گئی ہیں جنہیں ایران ابھی تک جانچ رہا ہے اور ان پر کوئی حتمی جواب نہیں دیا گیا۔ بیان کے مطابق سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کا کہنا ہے کہ ایران خود کو جنگ میں کامیاب سمجھتا ہے اور امریکہ کو اپنے مطالبات اس حقیقت کے مطابق تبدیل کرنے چاہئیں۔ تسنیم کے مطابق سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کا کہنا ہے کہ عارضی جنگ بندی قبول کرنے کی اس کی ایک اہم شرط یہ تھی کہ لبنان سمیت تمام محاذوں پر جنگ بندی ہو۔ ایرانی مؤقف کے مطابق، اسرائیل نے ابتدا میں لبنان اور حزب اللہ پر حملے کر کے اس شرط کی خلاف ورزی کی لیکن ایران کے دباؤ کے بعد اسرائیل نے لبنان میں جنگ بندی پر آمادگی ظاہر کی۔ 'جنگ کے مکمل خاتمے تک آبنائے ہرمز میں جہازرانی کی نگرانی کی جائے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اگر دشمن تمام محاذوں پر جنگ بندی کی پابندی کرے تو ایران آبنائے ہرمز کو عارضی طور پر صرف تجارتی جہازوں کے لیے کھولنے پر تیار ہے۔ یہ اجازت بھی ایران کی نگرانی، اس کے مقرر کردہ راستے اور صرف غیر فوجی جہازوں تک محدود ہوگی، جبکہ مخالف ممالک کے فوجی جہازوں کو اس سے استثنا حاصل نہیں ہوگا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکہ کے خطے میں موجود فوجی اڈوں کی زیادہ تر سپلائی آبنائے ہرمز سے گزرتی ہے اور یہ صورتحال ایران اور خلیج فارس کے لیے سکیورٹی خطرہ بھی بن جاتی ہے۔ بیان کے مطابق دشمن کی ناکامی اور ایرانی عوام و مسلح افواج کی مزاحمت کے بعد جنگ کے دسویں دن سے امریکہ کی جانب سے جنگ بندی اور مذاکرات کی درخواستیں موصول ہونا شروع ہوئیں۔ یہ وہی جنگ تھی جس کا آغاز خود امریکہ نے کیا تھا۔ بیان میں ایرانی عوام اور مسلح افواج کو مخاطب کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مذاکراتی ٹیم خدا پر بھروسے اور عوامی حمایت کے ساتھ سیاسی میدان میں داخل ہوئی ہے تاکہ جنگ میں حاصل ہونے والی کامیابیوں کو مضبوط بنایا جا سکے۔ بیان کے مطابق، ایرانی وفد کسی قسم کی رعایت، پسپائی یا نرمی اختیار نہیں کرے گا اور پوری قوت کے ساتھ ایران کے مفادات، قومی عزت اور جنگ میں دی گئی قربانیوں کا دفاع کرے گا۔ ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ ایران کی بحریہ دشمنوں پر نئے نقصانات پہنچانے کیلئے تیار ہے۔ اپنے بیان میں مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا کہ ایران کی بحریہ دشمنوں کو نئی اور تلخ شکست دینے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ سپریم لیڈر سید مجتبیٰ خامنہ ای نے یوم فوج کے موقع پر اپنے پیغام میں ایرانی فوج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فوج نے حالیہ مسلط کردہ جنگ میں بھی ماضی کی طرح بہادری سے وطن کا دفاع کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج نے امریکا اور اسرائیل کی جارحیت کے مقابلے میں جرات و استقامت کے ساتھ اپنی سرزمین، سمندر اور قومی پرچم کا دفاع کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی حمایت اور مضبوط صف بندی کے ساتھ ایرانی فوج نے دیگر مسلح افواج کے شانہ بشانہ دشمن قوتوں کا مقابلہ کیا اور دنیا پر ایران کی کمزوری و ذلت واضح کر دی

بقیہ واپس پہنچ گئے 3

کے دورے کی خوشگوار یادیں ساتھ لے کر جا رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا اور دونوں ممالک کے درمیان قریبی تعاون جاری رکھنے پر زور دیا۔ وزیراعظم نے خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے لیے مکالمے اور سفارتکاری کے فروغ کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شریک عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان کے مؤقف، علاقائی و عالمی صورتحال اور امن کے قیام کے لیے ملکی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اپنے دورے کے دوران وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کی قیادت سے اہم ملاقاتیں کیں اور باہمی تعاون کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ وزیراعظم کے ہمراہ پاکستانی وفد میں اسحاق ڈار، عطاء اللہ تارڑ، طارق فاطمی اور مشرف زیدی شامل تھے۔

بقیہ قالیباف 4

رہے گی۔ آبنائے ہرمز سے جہازوں کے گزرنے کا عمل مخصوص راستوں سے ہوگا اور اس کے لیے ایران کی اجازت لازم ہوگی۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر نے کہا کہ یہ بھی کہ آبنائے ہرمز کھلی ہو یا بند ہو اور اس سے متعلق جو بھی ضوابط ہوں وہ فیلڈ کی صورتحال سے طے ہوں گے، سوشل میڈیا سے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا جنگ اور عوامی رائے کو انجینئر کرنا جنگ کا اہم حصہ ہوتا ہے مگر ایرانی عوام ان حربوں سے متاثر نہیں۔ باقر قالیباف نے مزید کہا کہ مذاکرات سے متعلق اگر حقیقی اور درست خبر جاننا ہو تو ایرانی محکمہ خارجہ کے ترجمان کا انٹرویو دیکھا جائے۔

بقیہ فیلڈ مارشل 5

۔ ان ملاقاتوں میں خطے میں پائیدار امن کے قیام اور علاقائی سیکورٹی صورتحال پر بات چیت کی گئی۔ اس موقع پر سفارتی روابط اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات پر خصوصی توجہ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے ایرانی قیادت اور عوام کی جانب سے پرتپاک میزبانی پر شکریہ ادا کیا، سید عاصم منیر نے صدر پاکستان، وزیر اعظم اور پاکستانی عوام کی جانب سے نیک تمنائیں ایرانی قیادت تک پہنچائیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دورہ مشرق وسطیٰ کے تنازع کے پرامن حل کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم اور امن کے فروغ کی کوششوں کا عکاس ہے۔ 3 روزہ دورہ ایران میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ساتھ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی تھے۔

بقیہ سے اظہار تشکر 6

کہ وہ پاکستان کے عوام، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، اور اپنی طرف سے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے توصیفی اور شائستہ کلمات پر انکا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ امریکی صدر نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں وزیراعظم فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو شاندار شخصیات قرار دیتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کیلئے گریٹ پرائم منسٹر کے الفاظ ادا کرتے ہوئے انہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔

بقیہ کرنے پر اتفاق 7

ی امن اور استحکام کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ ترجمان کے مطابق وزرائے خارجہ کی ملاقات میں بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے مکالمے اور سفارتکاری کو ناگزیر قرار دے دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق چاروں ممالک نے باہمی شراکت داری کو مزید وسعت دینے اور ہم آہنگی مزید مضبوط بنانے کا عزم ظاہر کیا اور اہم شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنے پر اتفاق کیا

بقیہ ،صدر مملکت او وزیراعظم 8

عالمی اہمیت اجاگر ہوئی ہے، پاکستان قدیم تہذیبوں کا مرکز، گندھارا دور سے مغلیہ عہد تک تاریخی تسلسل ہے، موہن جو داڑو اور مہر گڑھ سمیت تاریخی مقامات قومی شناخت کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ گندھارا تہذیب اور بدھ مت کے فن پارے عالمی توجہ کا مرکز ہیں، ورثہ صرف تاریخ نہیں، روزگار اور معیشت کا بھی اہم ذریعہ ہے، سیاحت کے فروغ میں تاریخی مقامات کا کلیدی کردار ہے، نوجوانوں اور برادریوں کو ورثے کے تحفظ میں کردار ادا کرنا چاہئے۔ انہوں نے بتایا کہ جدید تکنیکوں کے ذریعے ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں، ورثے کا تحفظ قومی ذمہ داری اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ کا ذریعہ ہے۔ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے عالمی ثقافتی ورثہ کے دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان اپنے بھرپور تاریخی و ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے لیے عالمی برادری کے ساتھ کھڑا ہے اور اس ضمن میں بھرپور عزم رکھتا ہے

بقیہ ،ایس ای سی پی 9

ایس ای سی پی کے مطابق جنوری تا مارچ کے دوران 220 کمپنیوں میں غیر ملکی شیئر ہولڈرز شامل ہوئے، جبکہ غیر ملکی ڈائریکٹرز کی حامل کمپنیوں کا ادا شدہ سرمایہ 657 ملین روپے ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی ٹریڈنگ، سروسز، آئی ٹی، تعمیرات اور مائننگ کے شعبوں میں زیادہ رہی۔ اسی عرصے کے دوران 10 ہزار 318 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن ہوئی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 12.5 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہے۔ کمپنیوں کی ساخت کے حوالے سے 58.6 فیصد پرائیویٹ لمیٹڈ جبکہ 37.9 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ صوبہ وار جائزے کے مطابق 50.2 فیصد کمپنیاں پنجاب، 19 فیصد اسلام آباد اور 15.5 فیصد سندھ میں رجسٹر کی گئیں۔ شعبہ جاتی اعداد و شمار کے مطابق آئی ٹی اور ای کامرس کے شعبے میں سب سے زیادہ 2,065 کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جبکہ ٹریڈنگ میں 1,687، سروسز میں 1,288 اور ریئل اسٹیٹ میں 934 کمپنیاں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سیاحت میں 581، فوڈ اینڈ بیوریجز میں 497 اور تعلیم کے شعبے میں 363 کمپنیوں کی رجسٹریشن ہوئی۔ ایس ای سی پی کے مطابق سہ ماہی کے دوران 95 ہزار 823 کارپوریٹ فائلنگز پراسیس کی گئیں، جو 27 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہیں، جبکہ پوسٹ انکارپوریشن فائلنگز میں بھی 33 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ فائرنگ کا معاملہ 10

پاسداران انقلاب کی جانب سے فائرنگ کے واقعے کے بعد آبنائے ہرمز میں انڈین پرچم والے دو بحری جہازوں کو راستہ تبدیل کرنے پر مجبور کرنے کے بعد سخت احتجاج ریکارڈ کرایا۔ انڈین وزارت خارجہ کے مطابق وزیر خارجہ وکرم مصری نے اس واقعے پر اپنی 'گہری تشویش' سے آگاہ کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ انڈین خارجہ سیکریٹری نے ملاقات کے دوران سمندری راستوں کی سلامتی اور جہاز رانی کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ایران نے انڈیا سے آنے والے جہازوں کی محفوظ گزرگاہ یقینی بنانے میں تعاون کیا تھا۔ انڈیا نے ایران پر زور دیا ہے کہ وہ انڈیا کی جانب آنے والے جہازوں کی آبنائے ہرمز سے محفوظ اور بلا رکاوٹ گزرگاہ کو دوبارہ یقینی بنائے۔ وزارت خارجہ کے مطابق، ایرانی سفیر نے انڈیا کے مؤقف کو تہران تک پہنچانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ پیر کو ہونے کا دعویٰ 11

مذاکرات کا پہلا دور اسلام آباد میں ہوا تھا۔ امریکی وفد کی قیادت نائب امریکی صدر جے ڈی وینس نے کی تھی جبکہ ان کے ساتھ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر اور ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف بھی شامل تھے۔ ایرانی وفد کی قیادت ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کر رہے تھے اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسلام آباد مذاکرات کے بعد دونوں وفود نے چند معاملات پر اتفاق کرتے ہوئے ایک اور ملاقات پر رضامندی ظاہر کی تھی۔

بقیہ دو دہشت گرد ہلاک 12

دو دہشت گرد ہلاک ہوگئے فورسز نے دہشت گردوں کا اسلحہ قبضے میں لے کر لاشیں سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کر دی جبکہ فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا

بقیہ ائیر چیف 13

دھرتی پر کسی قسم کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا، عالمی سطح پر امن کے لیے سیاسی و عسکری قیادت کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے لیے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی کوششوں کو خصوصی طور پر سراہتا ہوں، پاکستان پرامن ملک ہے، تنازعات کا حل مذاکرات سے کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں پی ایم اے لانگ کورس اور ٹیکنیکل گریجویٹ کورس کی پروقار پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوئی۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں 153 ویں پی ایم اے لانگ کورس اور 38 ویں ٹیکنیکل گریجویٹ کورس کی پاسنگ آؤٹ تقریب کے مہمان خصوصی ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر نے چاق و چوبند دستوں کی پریڈ کا معائنہ کیا۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے دوران بارش شروع ہوگئی جس کے باوجود کیڈٹس نے پریڈ جاری رکھی اور مہمان خصوصی ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر کو سلامی پیش کی۔ تقریب میں 2 7ویں انٹگریٹڈ کورس، 15ویں مجاہد کورس اور 27ویں لیڈی کیڈٹ کورس کی تکمیل ہوئی اور کیڈٹس نے پاس آؤٹ کیا۔ پاس آؤٹ ہونے والے 30 کیڈٹس دوست ممالک سے تعلق رکھتے ہیں

بقیہ ستا کر دیا گیا 14

کر 299.32 روپے فی لٹر ہوگئی، جیٹ فیول کی قیمت 494.71 سے کم ہو کر 471.01 روپے فی لٹر ہوگئی۔ اس سے قبل ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے کمی کی گئی، جس کے بعد نئی قیمت 385 روپے 54 پیسے سے کم ہو کر 353 روپے 43 پیسے ہوگئی ہے۔

بقیہ ختم کرنے کا حکم 15

معاونت کے لیے افغانستان کو بھاری مقدار میں سونا اسمگل کرنے کے مقدمے میں اہم فیصلہ سناتے ہوئے دہشتگردی کی دفعات ختم کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ عدالت نے کیس کو ضلع خیبر کی سیشن کورٹ منتقل کرنے کا بھی حکم دیا ہے۔ پراسیکیوشن کے مطابق گزشتہ سال بڑے پیمانے پر سونا افغانستان اسمگل کرنے کی ناکام کوشش کی گئی تھی، جس پر پشاور اور ضلع خیبر سے 19 ملزمان کو نامزد کیا گیا تھا اور ان کے خلاف انسداد دہشتگردی عدالت میں مقدمہ زیر سماعت تھا۔ درخواست گزاروں کے وکیل نے موقف اختیار کیا تھا کہ مقدمے میں انسداد دہشتگردی کی دفعات شامل کی گئی ہیں حالانکہ یہ ایک سادہ نوعیت کا اسمگلنگ کیس ہے اور اسے دہشتگردی کے زمرے میں نہیں لایا جا سکتا، لہٰذا ان دفعات کو ختم کیا جائے۔ عدالت نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ سناتے ہوئے مقدمے سے انسداد دہشتگردی کی دفعات ختم کر دیں اور کیس کو مزید سماعت کے لیے سیشن کورٹ خیبر کو ارسال کر دیا۔

بقیہ کارروائیاں 16

گردی اور دراندازی کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں جس کے شواہد موجود ہیں، شدت پسند خواتین و بچوں کو ڈھال بنا رہے ہیں دہشت گرد کارروائیاں کر کے دوبارہ سرحد پار فرار ہو جاتے ہیں، معاشرہ مشکوک عناصر پر نظر رکھے خواتین کا بطور ہتھیار استعمال بلوچ روایات کے منافی، والدین شادیوں سے قبل خاندانوں کی جانچ پڑتال کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو یہاں کوئٹہ میں ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ بلوچستان میں ہونے والے حالیہ دہشت گردی کے واقعات اور سرحد پار دراندازی کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ دہشت گرد افغانستان سے پاکستان میں داخل ہو کر کارروائیاں کرتے ہیں

بقیہ نئی شرائط 17

سے اجازت لینا ہوگی جس کے بغیر کسی کو جانے نہیں دیا جائے گا۔ علاوہ ازیں صرف سویلین تجارتی جہازوں کو مخصوص راستوں سے گزرنے کی اجازت ہوگی البتہ فوجی جہازوں کے داخلے پر مکمل پابندی برقرار رہے گی۔ ایرانی پاسداران انقلاب پہلے ہی خبردار کر چکی ہے کہ کوئی بھی فوجی جہاز اگر آبنائے ہرمز میں داخل ہونے کی کوشش کرے گا تو اسے جنگ بندی کی خلاف ورزی سمجھا جائے گا اور سخت ردعمل دیا جائے گا۔ پاسداران انقلاب کے بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدامات لبنان میں جنگ بندی کے بعد میدان جنگ میں خاموشی کے معاہدے کے تحت کیے جا رہے ہیں۔ قبل ازیں ایرانی حکومت نے بھی کہا تھا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام جہازوں کو ایرانی فورسز سے اجازت لینا ہوگی اور صرف ایران کے پہلے سے متعین کردہ راستے پر سفر کرنا ہوگا۔

بقیہ بشریٰ بی بی 18

ہ کیا۔ اس دوران سرجری کے بعد کی صورتحال اور بہتری کا جائزہ لیا گیا اور فالو اپ رپورٹ مرتب کی گئی۔ معائنے کے بعد ڈاکٹرز کی ٹیم جیل سے واپس روانہ ہوگئی جبکہ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ علاج اور ممکنہ طبی اقدامات کا فیصلہ فالو اپ رپورٹ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ جیل ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی کی صحت کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جا رہی ہے

بقیہ کمی سے انکار 19

جانب سے ڈیزل کی قیمت میں کمی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں تاہم ہم کرایوں میں کمی نہیں کر رہے اور گڈز ٹرانسپورٹرز کے کرائے برقرار رہیں گے۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ جنگی حالات کی وجہ سے ملک میں امپورٹ ایکسپورٹ کام کاروبار نہ ہونے کے برابر ہے، کام نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے ٹرانسپورٹرز نے کئی ہزار گاڑیاں کھڑی کر دی ہیں، موجودہ صورتحال میں وفاقی حکومت کی طرف سے گڈز ٹرانسپورٹرز کو کسی قسم کا کوئی ریلیف نہیں دیا گیا، ہم ملک کے وسیع تر مفاد میں اپنی گاڑیاں نقصان میں چلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 263 روپے اضافہ کیا گیا تھا، وزیراعظم نے پچھلے ہفتے 135 روپے اور 32 روپے 12 پیسے کم کئے۔ کرایوں میں کمی ڈیزل کی قیمت میں مزید کمی کے بعد کی جائے گی۔ امید کرتے ہیں کہ مزید بھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کی جائے گی۔ ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ ہم نے وفاقی حکومت سے وہ ہولڈنگ ٹیکس، ٹول ٹیکس سمیت ٹریفک اور موٹروے پولیس کے ناجائز چالان میں ریلیف مانگا تھا۔ ہم جتنے ٹیکسز ادا کرتے ہیں حکومت اتنی سہولیات بھی ہمیں دے۔

بقیہ ہوائی اڈے 20

ایسوسی ایشن آف ایرانی ائر لائنز کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق ملک کے مشرقی حصے کی فضائی حدود کے ایک حصے کو پہلے ہی کھول دیا گیا تھا اور اب دارالحکومت تہران سمیت دیگر شہروں کے ہوائی اڈوں کو بھی پروازوں کے لیے تیار قرار دے دیا گیا ہے۔ ایران کی نیوز ایجنسی نے ایسوسی ایشن کے سیکرٹری کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ہے

بقیہ کمیٹی تشکیل 21

400 کلو چاندی نجی گاڑی میں منتقل کی گئی۔ ملزمان کی گاڑی تبدیلی کی ویڈیو منظر عام پر آئی، لاہور پہنچتے پرسیل شدہ ڈبوں میں سیسہ برآمد ہوا، پاکستان منٹ میں جانچ کے دوران فراڈ بے نقاب ہوا تھا۔ چاندی کی تبدیلی پر دو کسٹمز اہلکار گرفتار ہوئے تھے

بقیہ کا بھی اعادہ کیا 22

منعقد ہوئی، جس میں صوبے بھر سے تعلق رکھنے والی ممتاز سیاسی، سماجی اور قبائلی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور مرحوم بسم اللہ خان کاکڑ کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا اور ان کے مشن کو جاری رکھنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا

بقیہ بیلاروس 23

نہیں کر پائیگا۔ الیگزینڈر لوکاشینکو کا کہنا تھا کہ امریکا کے اصل مفادات تیل اور گیس کے وسائل پر کنٹرول حاصل کرنا ہیں، جن کے حصول کے لیے وہ ہر ممکن راستہ اختیار کرتا ہے۔ خود کو آمر کہنے کے امریکی الزام پر بیلاروس کے صدر نے کہا کہ وینزویلا، کیوبا اور مشرق وسطیٰ میں امریکی پالیسیاں اصل آمریت ہے، امریکہ خود کو جمہوریت کا علمبردار کہتا ہے مگر وہاں نہ حقیقی جمہوریت ہے

بقیہ ٹینکر پر فائرنگ 24

کا یہ واقعہ آبنائے ہرمز عمان کے شمال مشرق میں تقریباً 20 ناٹیکل میل کے فاصلے پر پیش آیا۔ آئل ٹینکر اور عملہ محفوظ ہے، کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ دوسری جانب شپنگ مانیٹرنگ گروپ ٹینکر ٹریکر نے دعویٰ کیا ہے کہ دو بحری جہازوں جن میں سے ایک بھارتی پرچم بردار سپر ٹینکر بھی شامل تھا کو ایرانی گن بوٹس نے نشانہ بنایا

بقیہ وزیر خارجہ سے ملاقات 25

کے درمیان برادرانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال، دوطرفہ تعاون بڑھانے کے امکانات پر غور کیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ ،ایاز صادق 26

اور تنازعات کے پرامن حل اور جنگوں کے خاتمے کیلئے ڈائیلاگ اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں پارلیمانی سفارتکاری کو فروغ دینے اور دونوں ممالک کے درمیان تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ترک اسپیکر نعمان کرتلموش نے پاکستان کی امن کوششوں کو سراہا۔ ترک اسپیکر نے کہا کہ پاکستانی قیادت نے بروقت اقدامات کر کے خطے کو بڑے بحران سے بچا لیا، پاکستان کی امن کے قیام کیلئے کوششیں قابل تحسین ہیں۔ ترک اسپیکر نے وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور آرمی چیف سید عاصم منیر کے کردار کی بھی تعریف کی۔ ترک اسپیکر نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک نے پارلیمانی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور وفود کے تبادلوں کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔

بقیہ ،سربراہ بری فوج 27

کو اسلامی جمہوریہ ایران کی سرحدوں پر زمینی حملے کا خیال اپنے دل سے نکال دینا چاہیے اور ایسی سوچیں صرف ان کے تصورات تک ہی محدود رہنی چاہئیں۔

بقیہ میری ٹائم 28

ں کی جانب سے آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکر کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ادارے کے مطابق یہ واقعہ عمان سے تقریباً 32 کلومیٹر شمال مشرق میں پیش آیا تاہم اس واقعے کے بعد ٹینکر اور اس کا عملہ محفوظ ہے۔ خبر رساں ادارے نے تین ذرائع کے حوالے سے یہ اطلاع بھی دی ہے کہ کم از کم دو تجارتی جہازوں پر اس وقت حملہ کیا گیا جب وہ آبنائے ہرمز سے گزرنے کی کوشش کر رہے تھے۔

بقیہ ،وزیر خزانہ 29

اینڈ پی گلوبل ریٹنگز کے نمائندگان سے ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے پاکستان کی معاشی بہتری اور عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ مکمل کر لیا ہے، جلد اس کی ایگزیکٹو بورڈ سے منظوری متوقع ہے

بقیہ صدر کا اعتماد 30

ر مملکت آصف علی زرداری نے گزشتہ روز ارکان پارلیمنٹ جن میں صوبائی وزراء، ارکان قومی اسمبلی، سینیٹرز اور پارٹی کی صوبائی قیادت موجود تھی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انتہائی باوثوق ذرائع نے بتایا کہ ملاقات کافی دیر جاری رہی جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان سے ناراض ارکان اسمبلی نے صدر مملکت کے سامنے شکایات کے انبار لگا دیئے ذرائع کے مطابق یہ شکوے شکایات ذاتی نوعیت کے تھے کسی نے کہا کہ میرے فنڈز نہیں مل رہے

بقیہ ،ایرانی عہدیدار 31

والے دنوں میں ایک ابتدائی ڈیل ہو سکتی ہے، ابتدائی ڈیل پابندیاں ہٹانے، جنگی نقصانات کے معاوضے کے حصول پر بات چیت کیلئے اسپیس پیدا کر سکتی ہے۔ سینئر ایرانی عہدیدار کا مزید کہنا تھا کہ اگر ایران کے مطالبات تسلیم ہوتے ہیں تو ایران دنیا کو اپنے جوہری کام کی پرامن نوعیت کا یقین دلانے کیلئے تیار ہے۔

بقیہ پذیرائی 32

کے ایک نشریاتی ادارے نے اپنی رپورٹ میں پاکستان کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے بھارت کے لیے اسے ویک اپ کال قرار دے دیا ہے۔ نشریاتی ادارہ نے کہا کہ بھارتی میڈیا کے پھیلائے گئے شدت پسند اور قوم پرست پروپیگنڈے نے پاکستان کے خلاف دشمنی کو مزید گہرا کیا۔ دوسری جانب وائٹ ہاؤس کی پریس سیکرٹری کیرولین لیویٹ نے پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے ناقابل یقین حد تک مؤثر ثالثی کی ہے

بقیہ بحال ہونے لگا 33

کر لیے ہیں جبکہ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک بھر کے بین الاقوامی ہوائی اڈوں سے خلیجی ممالک کے لیے آنے اور جانے والی پروازوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق قطر ایئرویز، امارات ایئرلائن، سعودیہ، کویت ایئرویز اور عمان ایئر نے بھی پروازوں کی آمد و رفت کے نئے شیڈول مرتب کر لیے ہیں، کراچی، اسلام آباد، پشاور، ملتان، فیصل آباد اور کوئٹہ سے بھی پروازوں کی روانگی کا سلسلہ بحال ہو چکا ہے۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق پاکستان سے خلیجی ممالک کے لیے 27 پروازیں روانہ کی گئیں جبکہ خلیجی ایئرلائنز نے حج آپریشن کا باقاعدہ آغاز بھی کر دیا ہے۔ مزید برآں پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے عازمین حج کے لیے خصوصی انتظامات مکمل کر لیے ہیں

بقیہ حج آپریشن شروع 34

ریلیف ہے اور دعا بھی کرائی۔ انہوں نے عازمین پر ملک سمیت عالمی سطح پر امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کرنے اور ملک کیلئے ایک بہتر سفیر کا کردار ادا کرنے پر زور دیا۔ کراچی سے نجی ایئرلائن کے ذریعے پہلی حج پرواز 160 عازمین کے ساتھ روانہ ہوگئی۔ عازمین حج کو گورنر سندھ نہال ہاشمی اور وزارت مذہبی امور کے اعلیٰ حکام نے رخصت کیا اور مبارکباد دی۔ اس سال کراچی ایئرپورٹ سے 31 ہزار سے زائد عازمین حج روانہ ہوں گے۔ روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کے تحت سعودی حکام عازمین حج کی ون ٹائم امیگریشن کراچی ایئرپورٹ پر ہی کریں گے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا کہ حج مشکلات اور صبر کا نام ہے، حجاج کرام ملکی سلامتی کیلئے ضروری دعائیں کریں۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کراچی ایئرپورٹ پر پہلی حج پرواز کی خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ بڑے خوش نصیب لوگ ہیں جو حج پر جا رہے ہیں، اللہ پاک سے آپ سب عازمین دعا کریں کہ ملک ترقی کرے، پاکستان میں بسنے والوں کے لئے دعا کریں، رزق حلال کمانے کی کوشش کے لئے دعا کریں۔ نہال ہاشمی کا کہنا تھا کہ پاکستان حج کرنے والوں میں دوسرا بڑا ملک ہے اور پاکستانی عمرہ کرنے والی نمبر ون قوم ہے لیکن دو نمبری کرنے میں دوسرے نمبر پر ہیں، لوگ موبائل فونز سے انتظامات خراب ہونے کا سوشل میڈیا پر ڈالتے ہیں لیکن حج تو مشکلات کو برداشت کرنے اور صبر کا نام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں عازمین حج پیدل پھر بحری جہازوں اور اب جہازوں کی سہولت سے حج پر جاتے ہیں

بقیہ عبدالرحمان رفیق 35

ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مسلسل شہریوں کو نشانہ بنانے کے افسوسناک واقعات نے عوام میں شدید خوف و ہراس پیدا کر دیا ہے شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں جبکہ قاتل، چور، ڈاکو اور راہزن دندناتے پھر رہے ہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شہر میں حکومتی رٹ نام کی کوئی چیز باقی نہیں رہی انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت اور متعلقہ ادارے فوری طور پر امن و امان کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات کریں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ عوام کو تحفظ فراہم کرنا ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ عبدالمجید بادینی 36

عوام کا خادم سمجھتے ہیں، اور اگر عوام کو کسی معاملے پر غصہ ہے تو وہ بھی بجا ہے کیونکہ عوام کو سوال کرنے اور جواب طلب کرنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن بلوچستان کا زرعی مرکز ہے اور نہری نظام یہاں کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقے میں چھ بڑی نہریں موجود ہیں جو زراعت کے لئے نہایت اہم ہیں، اور جب کسان خوشحال ہوگا تو ملک بھی ترقی کرے گا۔ میر عبدالمجید بادینی نے بتایا کہ نصیر آباد میں رکن صوبائی اسمبلی میر صادق عمرانی نے نہروں میں بھل صفائی مہم کا آغاز کر دیا ہے، جبکہ جعفرآباد کی نہروں کی بھل صفائی کے لئے وزیراعلیٰ بلوچستان سے 15 کروڑ روپے کی منظوری طلب کی گئی تھی، جس میں سے 12 کروڑ روپے کی لاگت سے صفائی کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیرہ اللہ یار میں مختلف پختہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت جاری ہے

بقیہ قتل کیس 37

علاقوں میں چھاپے مارے جا رہے ہیں اور اسے جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے واضح کیا کہ قانون سب کیلئے برابر ہے اور کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی ایس ایس پی آپریشنز نے مزید بتایا کہ واقعہ میں ممکنہ سہولت کاری کے الزامات کی بھی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں جبکہ پولیس کی جانب سے شواہد اکٹھے کئے جا رہے ہیں تاکہ کیس کو منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ گمراہ کن خبروں سے اجتناب کریں اور صرف مستند معلومات پر یقین رکھیں پولیس حکام کا کہنا ہے کہ انصاف کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ زلزلے کے جھٹکے 38

گئے۔ سوات، ہنگو، شمالی وزیرستان اور چترال میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جن کی شدت 5.5 اور گہرائی 199 کلومیٹر تھی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز کوہ ہندوکش ریجن تھا۔ زلزلے کے جھٹکوں کے باعث شہری خوفزدہ ہو کر گھروں اور دیگر عمارتوں سے باہر نکل آئے، کسی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ جبکہ کراچی اور گرد و نواح میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 3.4 ریکارڈ کی گئی ہے جبکہ زلزلے کا مرکز کراچی کے علاقے ملیر سے 24 کلومیٹر شمال مغرب میں تھا۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ مولانا ہدایت الرحمٰن 39

غریبوں اور مستحق طلبہ کو مفت تعلیم کی فراہمی کو بھی یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں دارارقم اسکول سسٹم کی تعارفی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے شہید بیرسٹر عدنان کانسی شہید فاؤنڈیشن کے چیئرمین ارباب محمد افضل کانسی، دارارقم اسکول سسٹم کے ڈائریکٹر زاہد اختر بلوچ اور طیب فرید نے بھی خطاب کیا۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ بچوں کو ناخواندہ رکھنا اور انہیں تعلیم سے محروم کرنا ایک سنگین جرم اور بڑا گناہ ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعلیم کے ساتھ تربیت اور عملی کردار سازی بھی نہایت ضروری ہے، کیونکہ بغیر تربیت اور عمل کے تعلیم کے ثمرات حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ دیگر مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کے عوام کی حقیقی خدمت وہی لوگ کر رہے ہیں جو معیاری تعلیم کے فروغ کے لئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نجی تعلیمی اداروں میں لاکھوں بچے زیر تعلیم ہیں، تاہم مخلوط اور مہنگی تعلیم کے باعث کئی سماجی مسائل بھی جنم لے رہے ہیں جن پر توجہ دینا ضروری ہے۔ تقریب کے اختتام پر تعلیم کے فروغ، معیار کی بہتری اور مستحق طلبہ کی معاونت کے حوالے سے مشترکہ عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ کیسکو 40

3 ارب 12 کروڑ روپے واجب الادا ہیں، کیسکو کے گھریلو تجارتی اور صنعتی صارفین کے ذمہ تقریباً 22 ارب روپے کے بقایاجات واجب الادا ہیں، کیسکو نے نادہندگان سے واجبات کی وصولی کیلئے نوٹسز جاری کر دیئے ہیں۔

بقیہ مہراللہ بادینی 41

اور عملے کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ اسسٹنٹ مجسٹریٹ نے واضح کیا کہ صحت کے مراکز میں سہولیات کی فراہمی اور بہتری کیلئے تمام ضروری اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ مولانا عبدالقادر لونی 42

امن سبوتاژ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے طاقت کے بل بوتے پر ملک کو امن کی بجائے تباہی کے دھانے پر پہنچا دیا طاقت کے استعمال کے غلط فیصلوں کی وجہ سے صوبہ بلوچستان آگ کی لپیٹ میں ہے انہوں نے کہا کہ

طاقت کے استعمال نے ملکی سلامتی کو داؤ پر لگا دیا طاقت کے استعمال سے ملک میں جو آگ بھڑک اٹھی ہے اس سے آج بھی وطن جل رہا ہے اور ان کا خمیازہ پوری قوم بھگت رہی ہے انہوں نے کہا کہ بدامنی کے جاری بحران اور معاملات سیاسی فہم و فراست اور تدبر سے حل کرنے کے متقاضی ہیں مسائل کا حل طاقت سے ممکن نہیں مذاکرات کی میز پر حل کیا جائے امن و ترقی اور معیشت کی مضبوطی و استحکام چاہتے ہیں تو مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھائے انہوں نے کہا کہ ملک میں سوچی سمجھی سازش کے تحت سانحات پر مذمتی بیان یا اسے محض کسی ملک یا تنظیم کی کارستانی قرار دینے سے قیام امن نہیں آ سکتا۔

بقیہ مرزا بلال حسن 43

میں ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ مرزا حسن کی خصوصی ہدایت پر ٹریفک پولیس اور کوئٹہ پولیس نے شہر کے مختلف علاقوں سڑکوں اور بائی پاسز پر ون ویلنگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائیاں شروع کر رکھی ہے جس کی روشنی میں گزشتہ روز ایئرپورٹ روڈ، کچلاک بائی پاس سمیت ملحقہ علاقوں میں کارروائی کی گئی اور ان علاقوں میں نوجوان خطرناک ون ویلنگ ڈرائیونگ کرتے ہوئے دیکھے گئے جس پر ٹریفک پولیس کے عملے نے کارروائیوں کے دوران اب تک 107 سے زائد موٹر سائیکل سواروں کے خلاف کارروائی کر کے موٹر سائیکلیں تھانوں میں بند کر کے کارروائی شروع کر دی یاد رہے کہ کوئٹہ کے نواحی علاقوں ہنہ روڈ، کچھ موڑ، نواں کلی بائی پاس، کچلاک بائی پاس، ایئرپورٹ روڈ، سبی روڈ دشت، کولپور بائی پاس سمیت دیگر علاقوں میں ون ویلنگ کرتے ہیں جس میں کئی انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف عوامی تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے کارروائیاں شروع کی گئی ہے

بقیہ جانان افغان 44

مہمند، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبدالباری احمدزئی، ضلعی ڈپٹی آرگنائزر عبدالواحد غدران اور امان اللہ شامل تھے روز الدین سلیمان خیل اور خان وزیر سلیمان خیل دونوں بھائی اور جنوبی وزیرستان زرمیلن کے رہائشی ہیں، جبکہ اسلام آباد میں محنت مزدوری کرتے ہیں اور ان کے پاس پاکستانی شہریت کے تمام قانونی دستاویزات موجود ہیں۔ لیکن اسلام آباد پولیس پشتونوں کے ساتھ افغان مہاجرین کے نام پر تعصب برتتی ہے اور غریب و بے سہارا پشتونوں کو تنگ کرتی ہے، انہیں روزگار سے روکتی ہے اور ان سے پیسے وصول کرتی ہے گزشتہ دنوں روز الدین سلیمان خیل اور خان وزیر سلیمان خیل کے گھر ان کی غیر موجودگی میں بغیر اطلاع اور بغیر کسی جرم کے غیر قانونی چھاپہ مارا گیا حالانکہ ان کے پاس تمام پاکستانی دستاویزات اور شناختی کارڈ موجود تھے، اس کے باوجود سی ٹی ڈی اہلکار زبردستی گھر میں داخل ہوئے، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا، گھر کی خواتین کو تشدد کا نشانہ بنایا اور ان کی والدہ کو شدید زخمی کر دیا۔

بقیہ جعفر مندوخیل 45

پاکستان کے معاشی مستقبل کی سمت'' کے عنوان سے سیمینار منعقد ہوا تقریب کے مہمان خصوصی گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے اپنے خطاب میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع پر روشنی ڈالی اور کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے تاکہ بلوچستان کی معاشی ترقی کو نئی رفتار دی جا سکے۔ سیمینار سے خطاب میں چین کے قونصل جنرل ''یانگ یون ڈونگ'' نے پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے چین کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر پاک چین اقتصادی تعاون کونسل (PCECC) کے صدر بایزید کاسی نے پاکستان اور چین کے مضبوط معاشی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ مقررین 46

صحت اسلم غوری اور ڈی جی ایس آئی ایف سی سمیت اعلیٰ حکومتی و طبی شخصیات اور عالمی ماہرین نے شرکت کی۔ حکام کے مطابق اس اقدام سے عالمی مریضوں کو پاکستان میں معیاری اور سستی علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی بین الاقوامی شرکائے کانفرنس میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر خالد سمیع (مصر) نے کانفرنس میں شرکت کو خوشی کا باعث قرار دیتے ہوئے آئندہ بھی شرکت کی خواہش ظاہر کی۔ اسلام آباد میں پی اے پی ایس کانفرنس کے معیار اور انتظامات کو سراہتے ہوئے اسے ایک نمایاں کامیابی قرار دیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر معظم تارڑ (برطانیہ) نے کہا کہ ایس آئی ایف سی پاکستان کے صحت کے شعبے میں عالمی تعاون، سرمایہ کاری اور میڈیکل ٹورازم کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ خسرہ کی وباء 47

جبکہ ڈیرہ مراد جمالی لانگو محلہ میں بھی ایک بچہ خسرہ سے انتقال کر گیا جبکہ سینکڑوں بچے خسرہ کے مرض میں مبتلا ہیں۔

بقیہ ٹریفک حادثے 48

کی اطلاع ملتے ہی لواحقین اور علاقہ مکین بڑی تعداد میں پہنچ گئے، جبکہ نوجوان کی اچانک موت پر علاقے میں غم کی لہر دوڑ گئی۔ ٹریفک حادثے

بقیہ ٹرمپ 49

نے عارضی طور پر جنگ بندی کے دوران تجارتی جہازوں کی آمد و رفت کی اجازت دینے کی تصدیق کی ہے لیکن مستقل طور پر کھلا رکھنے کی بات کی تردید کی گئی ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں شائع کی گئی ماہرین کی رائے کے مطابق ایران اس اہم گزرگاہ کو اپنی اسٹریٹجک طاقت سمجھتا ہے اس لیے ایران کا ایسا مستقل وعدہ کرنا غیر متوقع ہے۔ امریکی صدر نے یہ بھی کہا ہے کہ ایران اپنا 'جوہری ڈسٹ' امریکا کو دے گا اور اس کا جوہری پروگرام ختم ہو جائے گا جبکہ ایرانی حکام نے اس دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ افزودہ یورینیم ملک کی خودمختاری کا حصہ ہے اور اسے کسی صورت منتقل نہیں کیا جائے گا۔ الجزیرہ نے اپنے ذرائع کے توسط سے دعویٰ کیا ہے کہ جوہری معاملہ ابھی مذاکرات کے ابتدائی مرحلے میں ہے۔ صدر ٹرمپ نے مزید کہا کہ اسرائیل کو لبنان پر حملوں سے روک دیا گیا ہے

بقیہ نامعلوم مسلح افراد 50

نذر آتش کر دیا جبکہ شوراب روڈ پر بھی نامعلوم مسلح افراد نے پولیس چیک پوسٹ پر حملہ کر کے وہاں تعینات تین پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنا کر ان سے سرکاری اسلحہ، موٹر سائیکل اور دیگر سامان چھین لیا اور پوسٹ کو آگ لگا دی اور فرار ہو گئے۔ واقعات کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ تحصیل سنجاوی 51

م کو گرفتار کیا گیا ہے، جس کے قبضے سے 5 کلوگرام خام افیون برآمد ہوئی، جس پر اینٹی نارکوٹکس فورس نے باقاعدہ مقدمہ درج کر لیا ہے۔ آپریشن کے دوران ایک ٹویوٹا ہائی لکس گاڑی کو بھی تحویل میں لیا گیا، تاہم ٹیوب ویل یا دیگر آلات کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا گیا۔ مزید برآں، 6 غیر قانونی افغان

مہاجرین کو بھی حراست میں لے کر لورالائی پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اس اہم آپریشن میں اینٹی نارکوٹکس فورس کے انچارج ایس آئی جمشید ریاض سمیت 45 ایف سی اہلکاروں نے حصہ لیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق قریبی علاقوں غیر خواہ واہ اور بدون میں بھی تقریباً 50 سے 55 ایکڑ پر پوست کی کاشت کی اطلاعات ہیں جہاں افیون نکالنے کا عمل جاری ہے۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ صورتحال کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے اور منشیات کے مکمل خاتمے کے لیے مزید کارروائیاں بھی متوقع ہیں۔

بقیہ بخت محمد کاکڑ 52

سخت اقدامات کئے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ صحت کے مراکز میں سہولیات کی کمی کو مرحلہ وار ختم کیا جا رہا ہے اور جدید طبی آلات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے وزیر صحت نے کہا کہ دیہی اور پسماندہ علاقوں میں صحت کے مسائل زیادہ ہیں، اس لیے حکومت ان علاقوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ موبائل ہیلتھ یونٹس کے ذریعے دور دراز علاقوں میں لوگوں کو طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہے جبکہ نئے مراکز صحت کے قیام اور موجودہ مراکز کی اپ گریڈیشن پر بھی کام جاری ہے انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹروں، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی کمی کو پورا کرنے کے لیے بھرتیوں کا عمل تیز کیا جا رہا ہے تاکہ ہسپتالوں میں مریضوں کو بروقت اور بہتر علاج فراہم کیا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ طبی عملے کی تربیت کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ جدید تقاضوں کے مطابق علاج معالجہ ممکن بنایا جا سکے بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے مانیٹرنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنا رہی ہے۔

بقیہ روبینہ عرفان 53

ے اکثر خراب ہو گئے تھے انکی بحالی اور مرمت کے لئے سابق ڈپٹی کمشنر قلات جمیل بلوچ نے 80 اسی لاکھ روپے مختص کئے لیکن ٹھیکیدار نے ملی بھگت سے صرف کچھ اسٹریٹ لائٹس کی مرمت کر کے رفو چکر ہو گیا اب نہ تو ٹھیکیدار اپنا فون اٹینڈ کرتا ہے اور نہ ہی رابطے میں ہے یہ عوامی اسکیم ہے اور اسکے اصل مالک قلات کے عوام ہیں۔ میری تمام اسکیمات روڈ، ہسپتال، سیوریج سسٹم، اسکولوں کے امتحانی ہال ہوں یا بلڈنگ و کمپیوٹر یہ سارے قلات کے عوام کی بہبود و خوشحالی کیلئے ہیں لہذا ٹھیکیدار بھاگنے کی بجائے عوامی ردعمل کا سامنا کرے اور جواب دے۔

بقیہ گورنر جمیل احمد 54

بشمول جے پی مورگن، بارکلیز، سٹی بینک، جیفریز اور فرینکلن ٹیمپلٹن کے ساتھ ساتھ فچ، موڈیز، اور ایس اینڈ پی گلوبل جیسی بڑی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کے سینئر عہدیداروں سے ملاقاتوں میں کیا جن کا اہتمام 13 تا 18 اپریل 2026، تک آئی ایم ایف۔ عالمی بینک کی اسپرنگ میٹنگز کے موقع کیا گیا گورنر اسٹیٹ بینک نے آئی ایم ایف اور عالمی بینک گروپ کی قیادت کے ساتھ اہم دو طرفہ ملاقاتیں بھی کیں۔ گورنر نے شرکاء کو آگاہ کیا کہ پاکستان نے مشرق وسطیٰ کا تنازع شروع ہونے سے قبل ہی اپنی معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے خاصی پیش رفت کر لی تھی انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ محتاط زری اور مالیاتی پالیسی کے امتزاج سے ملک کے مالیاتی اور بیرونی بفرز کو مضبوط کرتے ہوئے، مہنگائی کو کم کرنے اور اسے ہدف کی حد کے اندر مستحکم کرنے میں مدد ملی گورنر نے کہا کہ رواں مالی سال کے پہلے نو ماہ کے دوران مہنگائی اوسطاً 5.7 فیصد رہی، بیرونی کرنٹ اکاؤنٹ بیلنس سرپلس رہا، اور اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ کر 16.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئے، جس کی بنیادی وجہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے زرمبادلہ کی بین البینک مارکیٹ (marketinterbank) سے خریداری تھی۔ انہوں نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ اسٹیٹ بینک کی مسلسل خریداری اور سرکاری رقوم کی ا?مد، بشمول نئے دوطرفہ انتظامات کے تحت، جون 2026ء تک یہ توقع ہے کہ اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ کے ذخائر مزید بڑھ کر تقریباً 18 ارب ڈالر تک پہنچ جائیں گے۔

بقیہ ایران، رضامندی 55

نے امریکا کے ساتھ مذاکرات کے اگلے دور کی تاحال منظوری نہیں دی۔ متعلقہ حکام کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ حالیہ صورت حال میں کسی نئے مذاکراتی مرحلے پر اتفاق نہیں ہو سکا۔ ذرائع کے مطابق یہ تعطل امریکا کی جانب سے ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی کے اعلان اور مذاکرات میں سخت مطالبات کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان حالیہ دنوں میں پیغامات کا تبادلہ ہوا، تاہم اس کے باوجود کوئی پیش رفت سامنے نہیں آئی۔ ایرانی حکام نے واضح کیا ہے کہ مذاکرات کے تسلسل کے لیے ضروری ہے کہ امریکہ غیر ضروری اور حد سے زیادہ مطالبات سے گریز کرے، بصورت دیگر ایران طویل اور غیر نتیجہ خیز مذاکرات میں شامل نہیں ہوگا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ایران نے اپنا مؤقف امریکی حکام تک پاکستان کے ذریعے پہنچا دیا ہے

بقیہ انتقال 56

لی عمائدین اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مرحومہ کی فاتحہ خوانی شاہی باغ بیلہ میں جاری ہے سیاسی، قبائلی اور سماجی شخصیات نے میر جہانزیب مینگل، میر فیروز مینگل، میر اورنگزیب مینگل اور سردار خاندان کے دیگر پسماندگان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ تعزیت کرنے والوں نے مرحومہ کے لئے بلند درجات اور سوگوار خاندان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

بقیہ افغان مہاجرین 57

گزرگاہوں پر واپسی کے لیے آنے والے قافلوں کی غیر معمولی نقل و حرکت ریکارڈ کی گئی ہے۔ واپسی کے اس عمل کو سہل بنانے کے لیے سرحدی پوائنٹس پر رجسٹریشن اور دستاویزات کی جانچ کے لیے اضافی عملہ تعینات کیا گیا ہے، جبکہ خواتین، بچوں اور بزرگوں کے لیے خصوصی سہولت مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ امدادی تنظیموں کا کہنا ہے کہ واپسی کی بڑی وجوہات میں قانونی دستاویزات کے مسائل، روزگار کے محدود مواقع اور معاشی مشکلات شامل ہیں۔ مہاجرین کی ایک بڑی تعداد افغانستان میں امن و استحکام کی امید اور اپنے رشتہ داروں سے دوبارہ جڑنے کی خواہش میں وطن واپس جا رہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ واپسی کا یہ عمل مکمل طور پر رضاکارانہ ہے اور انسانی حقوق کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی بھی قسم کے دباؤ کی پالیسی اختیار نہیں کی گئی۔ صوبائی اور وفاقی ادارے باہمی تعاون سے اس عمل کی نگرانی کر رہے ہیں تاکہ اسے پرامن اور محفوظ بنایا جا سکے۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ اگر واپسی کا یہی رجحان برقرار رہا تو آنے والے ہفتوں میں اس رفتار میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے، جس کے دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ ناصر خان جنجوعہ 58

ہونے والے نئے مواقع نہ صرف کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیں گے بلکہ پورے ملک کی معیشت کو مستحکم کریں گے۔ لاہور چیمبر میں منعقدہ اس سیشن میں صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل نے مہمانوں کا استقبال کیا جبکہ لاہور چیمبر اور گوادر

چیمبر کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط بھی کیے گئے۔ اس موقع پر چیئرمین گوادر چیمبر احمد اقبال بلوچ، سابق صدر لاہور چیمبر محمد علی میاں، ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین فردوس نثار، شعبان اختر، احمد امین ملک، رانا نثار اور کنوینر عاطف خان سمیت دیگر شریک تھے۔ ناصر جنجوعہ نے مزید کہا کہ پاکستان جغرافیائی لحاظ سے ایک انتہائی اہم ملک ہے جبکہ بھارت، ایک بڑا ملک ہونے کے باوجود جغرافیائی طور پر محدود ہے اور وسطی ایشیا و یورپ تک رسائی کے لیے اسے پاکستان کی اہمیت کو تسلیم کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان نے افغانستان کے حوالے سے بے شمار قربانیاں دی ہیں اور اب دنیا کو واضح پیغام دیا جا چکا ہے کہ پاکستان کے ساتھ متوازن اور باوقار تعلقات ہی سب کے مفاد میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح دوسری جنگ عظیم میں کہا جاتا تھا کہ تمام راستے لندن کو جاتے ہیں، اسی طرح آنے والے وقت میں عالمی تجارت کے راستے پاکستان کی طرف آئیں گے اور یہاں سے آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے گوادر کو اللہ تعالیٰ کا ایک عظیم تحفہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں یہ پورے خطے کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمن سہگل نے کہا کہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا جبکہ بلوچستان رقبے کے اعتبار سے سب سے وسیع صوبہ ہے اور اس میں بے پناہ معاشی امکانات موجود ہیں۔

بقیہ ملازمین کو ریٹائرمنٹ 59

کے مطابق یہ سہولت صرف ان ملازمین کیلئے دستیاب ہوگی جو ریٹائرمنٹ کے بعد پنشن کے اہل ہوں گے اور جن کا ریکارڈ پہلے سے SAP سسٹم میں موجود ہوگا فنانس ڈیپارٹمنٹ نے تمام محکموں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ اپنے ملازمین کی پنشن کیسز کو بروقت شروع کریں اور مکمل کریں تاکہ کسی قسم کی تاخیر نہ ہو حکم نامے میں واضح کیا گیا ہے کہ پیشگی پنشن کی ادائیگی زیادہ سے زیادہ ایک سال تک جاری رہے گی یا اس وقت تک جب تک باقاعدہ پنشن کا اجراء نہ ہو جائے اگر کسی وجہ سے ایک سال کے اندر مکمل پنشن شروع نہ ہو سکے تو زیادہ سے زیادہ مزید تین ماہ کی توسیع دی جا سکتی ہے، تاہم اس سے زائد مدت کی اجازت نہیں ہوگی اس نظام کے تحت محکموں کے سربراہان کو بھی اہم ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ BPS-16 اور اس سے اوپر کے افسران کے لئے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ ہیڈ جبکہ BPS-1 سے 15 تک کے ملازمین کیلئے آفس ہیڈ ریٹائرمنٹ کی تاریخ پیشگی فراہم کریں گے تاکہ اسی دن سے پیشگی پنشن کا اجراء ممکن بنایا جا سکے اگر کسی سرکاری ملازم کے خلاف کوئی انکوائری یا قانونی کیس زیر التواء ہو تو اس کا واضح ذکر ریٹائرمنٹ نوٹیفکیشن میں کرنا لازمی قرار دیا گیا ہے، تاکہ بعد میں کسی قسم کی پیچیدگی پیدا نہ ہو۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے مطابق پیشگی پنشن کی ادائیگی براہ راست ملازمین کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جائے گی، جس سے شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے گا اگر کسی ملازم کا انتقال ہو جائے تو اس کے اہل خانہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات فراہم کر کے اس سہولت سے مستفید ہو سکیں گے حکام نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ ہر ممکن کوشش کی جائے کہ ریٹائرمنٹ کے اگلے مہینے کے پہلے دن سے باقاعدہ پنشن کا اجراء شروع ہو جائے تاکہ پیشگی پنشن کی ضرورت کم سے کم پیش آئے تاہم اگر ادائیگیوں میں کسی قسم کا فرق سامنے آئے جا ہے

بقیہ میر علی حسن زہری 60

نے کہا کہ پارٹی کارکنان، رہنماؤں، عہدیداروں اور وزراء کے تمام تحفظات ترجیحی بنیادوں پر دور کیے جائیں گے، کیونکہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ سے جمہوری اقدار، عوامی خدمت اور ترقی کی سیاست پر کاربند رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، پارٹی قیادت اس اعتماد کو ہرگز ٹھیس نہیں پہنچنے دے گی اور کارکنان کے حقوق کا ہر سطح پر تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے بتایا کہ سابق وزیر اعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری اور میر عبدالقدوس بزنجو کو صدر مملکت کی جانب سے خصوصی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں تاکہ اتحادی جماعتوں، پارٹی قیادت اور کارکنان کے تحفظات کو باہمی مشاورت کے ذریعے جلد از جلد حل کیا جا سکے اور سیاسی ہم آہنگی کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے مزید کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری دورہ چین کے بعد اہم اور فیصلہ کن اجلاسوں کی صدارت کریں گے

بقیہ قاری مہراللہ 61

ہونے کی بجائے قاتل بن چکی مسلسل پولیس اور ایگل اسکواڈ کے ہاتھوں عوام قتل ہو رہے ہیں سرکاری اسلحہ جات عوام کے قتل کیلئے نہیں ہیں لیکن افسوس کہ قاتل پھر قائد آباد تھانے میں جا کر اپنے ڈاکومنٹ (دستاویزات) گاڑی سے لئے جاتا ہے انہوں نے کہا کہ واقعہ کی شفاف تحقیقات اور مقتولین کے والدین کو انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ محمد عبدالقادر 62

اور متوازن سفارتی کردار ادا کیا ہے جو خطے میں امن کے قیام کیلئے اہم ثابت ہوا۔ جنگ کے بعد پیدا ہونے والی جیو اکنامک تبدیلیاں پاکستان کیلئے نئے مواقع اور چیلنجز دونوں لے کر آئی ہیں توانائی کے بحران، تجارتی راستوں کی تبدیلی اور سرمایہ کاری کے نئے رجحانات ایسے عوامل ہیں جن پر فوری توجہ دینا ضروری ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان کو چاہیے کہ وہ اپنی خارجہ پالیسی میں توازن برقرار رکھتے ہوئے عالمی اور علاقائی طاقتوں کے ساتھ تعلقات کو مضبوط بنائے۔ ساتھ ہی داخلی استحکام، معاشی اصلاحات اور سرمایہ کاری کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ ملک ان بدلتے حالات سے بھرپور فائدہ اٹھا سکے قومی سلامتی کے نئے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سیکیورٹی حکمت عملی کو بھی جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا۔

بقیہ مرکزی سیکرٹریٹ 63

جدوجہد پر مکمل اعتماد حاصل ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے جب ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے قابو اضافے اور عوام کو درپیش دیگر سنگین مسائل کو اجاگر کرتے ہوئے احتجاجی تحریک کا اعلان کیا تو اس کا بنیادی مقصد نہ صرف مہنگائی سے پسے ہوئے عوام کی آواز کو مؤثر انداز میں ایوانوں تک پہنچانا تھا بلکہ حکمرانوں کو یہ باور کرانا بھی تھا کہ عوام اب مزید معاشی استحصال، ناانصافی اور غیر ذمہ دارانہ پالیسیوں کا بوجھ اٹھانے کے لیے ہرگز تیار نہیں۔ پارٹی نے ایک ذمہ دار، باشعور اور حقیقی عوامی نمائندہ جماعت ہونے کے ناطے پشتونخوا وطن کے ہر چھوٹے بڑے شہر، قصبے اور دور دراز علاقوں میں جلسوں، جلوسوں اور احتجاجی مظاہروں کا انعقاد کیا، جہاں عوام نے نہایت جوش و خروش کے ساتھ شرکت کر کے اپنے بنیادی حقوق کے لئے بھرپور آواز بلند کی۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ ان احتجاجی سرگرمیوں کے دوران مقررین نے نہایت واضح اور دوٹوک انداز میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری اور نمایاں کمی، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے، گیس کے کم پریشر اور طویل بندش کے مسائل کے فوری اور مستقل حل، بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے خاتمے، روزگار کے مواقع کی فراہمی اور امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال جیسے اہم عوامی مسائل کو اجاگر کیا مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ مہنگائی کے اس طوفان نے نہ صرف عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے بلکہ متوسط اور محنت کش طبقہ شدید معاشی دباؤ کا شکار ہو چکا ہے، اور اب حالات یہاں تک پہنچ چکے ہیں

ملک بھر میں حج آپریشن شروع، عازمین کی 311 پروازیں روانہ

کراچی میں گورنر سندھ نہال ہاشمی اور ملتان میں چیئرمین سینٹ و پی پی رہنما سید یوسف رضا گیلانی نے عازمین حج کو الوداع کیا

ملک سمیت عالمی سطح پر امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کرنے اور عازمین پر ملک کیلئے بہتر سفیر کا کردار ادا کرنے پر زور

کراچی، ملتان (آن لائن) ملک بھر سے عازمین حج کی روانگی کا آپریشن شروع ہوگیا ہے، ہفتہ کو کراچی سے 160 اور ملتان سے 151 عازمین حج کو لے کر پروازیں مدینہ منورہ روانہ ہوئیں۔ کراچی میں گورنر سندھ نہال ہاشمی اور ملتان میں چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے عازمین حج کو الوداع کیا۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے کہا کہ پاکستانی عمرہ کرنے والی نمبر ون قوم ہے لیکن دو نمبری کرنے میں دوسرے نمبر پر ہیں۔ چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ عالمی مہنگائی کے باوجود حج پیکیج میں اضافہ نہ کرنا ایک بڑا........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ہمنگی روڈ پر سڑک کی توسیع کیلئے ترقیاتی کام جاری ہیں

نواب ذوالفقار علی مگسی کا سردار اختر جان مینگل سے اظہار افسوس

کوئٹہ (آئی این پی) سینئر سیاستدان و سابق گورنر نواب ذوالفقار علی مگسی نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کی چچی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

صحبت پور، بھوسہ سے بھرا ٹریکٹر ٹرالی کھائی گرنے سے 1 شخص زخمی

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور بھوسے سے بھر ٹریکٹر ٹرالی الٹ گئی ایک شخص زخمی، ہسپتال منتقل، صحبت پور ضلع کی تحصیل پنہور سنہوی کے قریبی علاقے میں بھوسہ سے بھری ٹریکٹر ٹرالی سمیت ایک کھائی میں گرنے سے نڈھوگا جانی زخمی ہوگیا۔

بے گناہ شہریوں کا دن دیہاڑے قتل عام معمول بنتا جارہا ہے، عبدالرحمان رفیق

شہر میں چیک پوسٹوں کے باوجود قاتل وارداتوں کے بعد با آسانی فرار ہوجاتے ہیں، عین اللہ شمس

شہری عدم تحفظ کا شکار، قاتل، چور، ڈاکو دندناتے پھر رہے ہیں، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی عطاء محمد شمشوزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں دن دیہاڑے بے گناہ شہریوں کا قتل معمول بنتا جارہا ہے۔ شہر بھر میں متعدد چیک پوسٹوں اور سیکورٹی انتظامات کے باوجود قاتل وارداتیں کر کے با آسانی فرار ہوجاتے ہیں جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان .... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

جعفر آباد میں ترقیاتی عمل تیزی سے جاری ہے، عبدالمجید بادینی

موروثی سیاست کے خاتمے میں نوجوان طبقے نے اہم کردار ادا کیا، رکن صوبائی اسمبلی

ڈیرہ مراد جمالی (آئی این پی) رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی میر عبدالمجید بادینی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی کاوشوں سے جعفر آباد میں ترقیاتی عمل تیزی سے جاری ہے اور ضلع بتدریج تبدیلی کی جانب گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ موروثی سیاست کے خاتمے میں نوجوان طبقے نے اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ انقلاب صدیوں کی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ ڈیرہ اللہ یار میں شہریوں سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میر عبدالمجید بادینی نے کہا کہ وہ خود کو صرف ایم پی اے نہیں بلکہ اپنے علاقے کے........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

میرزئی اڈہ، زمرک خان اچکزئی بسم اللہ خان کاکڑ کے فرزند کی دستار بندی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا پاکستان نیول وار کالج کے تربیتی کورس شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

ٹریفک پولیس کی کارروائی، ون ویلنگ پر 107 موٹر سائیکلیں بند

کارروائی ایئر پورٹ روڈ، بچلاک بائی پاس اور دیگر ملحقہ علاقوں میں کی گئی

عوامی تحفظ یقینی بناتے ہوئے کارروائیوں کا آغاز کر دیا، سلسلہ جاری رہے گا، حکام

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ مرزا بلال حسن کی ہدایات پر ٹریفک پولیس نے ون ویلنگ کرنے والے نوجوان موٹر سائیکل سواروں کے خلاف ایئر پورٹ روڈ، بچلاک بائی پاس اور دیگر ملحقہ علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 107 موٹر سائیکلوں کو بند کر کے ان کے خلاف کارروائی شروع کر دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق عوامی شکایات کی روشنی........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گولڑہ ریلوے اسٹیشن کا واقعہ انسانیت سوز ہے، پشتونخوا میپ

اسلام آباد پولیس کا رویہ پشتونوں کے ساتھ متعصبانہ ہے، جانان افغان

اسلام آباد (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنجاب کے صوبائی صدر جانان افغان کی قیادت میں پارٹی وفد نے روز الدین سلیمانخیل اور خان وزی سلیمانخیل کے گھرانے جا کر گولڑہ ریلوے اسٹیشن کے علاقے میں سی ٹی ڈی پولیس کی جانب سے ظالمانہ افسوسناک اقدام کی مذمت کی اور اسے انتہائی انسانیت سوز واقعہ قرار دیا۔ وفد میں پنجاب صوبائی جنرل سیکرٹری خالق داد وطنپال، صوبائی مالیات سیکرٹری، اسلام آباد/پنڈی ضلعی آرگنائزر حاجی یونس........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے، گورنر

پاکستان اور چین کے درمیان معاشی تعاون کو مزید مضبوط بنانا ناگزیر ہے، شیخ جعفر خان مندوخیل

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان تبدیل ہورہا ہے، سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کر رہے ہیں، وائس چیئرمین سرمایہ کاری بورڈ

کراچی میں "بلوچستان پاکستان کے معاشی مستقبل کی سمت" کے عنوان سے سیمینار سے چینی قونصل جنرل یانگ یون ڈونگ ودیگر کا خطاب

کراچی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان کو سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنانے کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBoIT) کے زیر اہتمام چینی قونصل خانہ کراچی، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور پاک چین اقتصادی تعاون کونسل کے اشتراک سے چینی قونصل خانہ کراچی میں "بلوچستان........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی، کلی بٹو میں مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 1 شخص زخمی

نوشکی (یو این اے) نوشکی کے علاقے کلی بٹو میں مسلح ڈاکوں نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا اور موٹر سائیکل سمیت دیگر قیمتی سامان لوٹ کر با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہفتے کے روز حاجی مہیم خان جمالدینی کی دکان پر نامعلوم مسلح افراد نے دھاوا بولا اور لوٹ مار کی کوشش کی۔ اس دوران وہاں موجود حاجی گل جمالدینی نے مزاحمت کی، جس پر ملزمان نے بے دریغ فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں حاجی گل شدید زخمی ہو گئے۔ ڈاکو زخمی شخص سے موٹر سائیکل اور دکان سے بیٹریاں چھین کر فرار ہو گئے۔ زخمی حاجی گل جمالدینی کو فوری طور پر قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔۔۔۔

پاکستان میں طبی شعبے کی ترقی و اصلاحی عمل جاری ہے، مقررین

باضابطہ طور پر نیشنل میڈیکل ٹورازم انیشیٹو کا آغاز کر دیا، اسلم غوری و دیگر

مریضوں کو معیاری و سستی طبی سہولت فراہم کی جائیگی، کانفرس سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) ایس آئی ایف سی کی مؤثر معاونت سے پاکستان میں صحت کے شعبے کی ترقی اور اصلاحات کا عمل جاری ہے پاکستان نے باضابطہ طور پر نیشنل میڈیکل ٹورازم انیشیٹو کا آغاز کر دیا۔ اس اقدام کا اعلان حال ہی میں منعقدہ پاکستان ایسوسی ایشن آف پلاسٹک سرجنز (PAPS) کی سالانہ بین الاقوامی کانفرنس میں کیا گیا اس کا مقصد پاکستان کو کم لاگت والا معیاری طبی سہولیات کا علاقائی مرکز بنانا ہے افتتاحی تقریب میں سیکرٹری........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، خسرہ کی وباء پھوٹ پڑی، 2 بچے جاں بحق

سرکاری و نجی ہسپتال مریضوں سے بھر گئے محکمہ صحت فوری ویکسینیشن مہم شروع کرے، عوام کی اپیل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سمیت دیگر علاقوں میں خسرہ کی وباء پھوٹ پڑی دو بچوں کی اموات جبکہ سینکڑوں بچے خسرہ کا شکار سرکاری اور نجی ہسپتال مریضوں سے بھر گئے محکمہ صحت سے فوری ویکسینیشن مہم شروع کرنے کی اپیل تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سمیت دیگر علاقوں تمبو نوشوری چھتر میر حسن ربی و دیگر علاقوں میں خسرہ کی وباء پھوٹ پڑنے سے ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر 38 میں استاد عبدالغفور کی دو سالہ بچی فوت ہو گئی........ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار، کانک کے مقام پر روڈ حادثہ، نوجوان جاں بحق

حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، جاں بحق نوجوان کی شناخت مزمل نصیر کے نام سے ہوئی

خضدار (یو این اے) خضدار کے قریبی علاقے کانک کی حدود میں پیش آنے والے ٹریفک حادثے کے نتیجے میں ایک نوجوان جاں بحق ہو گیا ہے۔ حادثہ گزشتہ روز اس وقت پیش آیا جب تیز رفتاری یا کسی اور فنی خرابی کے باعث گاڑی بے قابو ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت مزمل نصیر کے نام سے ہوئی ہے بتایا جاتا ہے کہ متوفی ڈرائیور خیر جان اور بوائز ڈگری کالج کے ظہور احمد کے بھتیجے تھے۔ حادثے........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ایران نے آبنائے ہرمز مکمل کھلا رکھنے پر اتفاق کیا، ٹرمپ کا دعویٰ

ایران اپنا جوہری ڈسٹ امریکہ کو دے گا اور اس کا جوہری پروگرام ختم ہو جائے گا

افزودہ یورینیم ملک کی خود مختاری کا حصہ، اسے کسی صورت منتقل نہیں کیا جائے گا، ایران

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران اور امریکہ جنگ بندی کے ممکنہ مذاکرات سے قبل سوشل میڈیا پر متعدد دعوے کئے ہیں جن میں کہا گیا ہے کہ ایران نے آبنائے ہرمز کو کبھی بند نہیں کرے گا اور اپنا جوہری مواد امریکا کے حوالے کرے گا تاہم ان دعوؤں کی تصدیق نہیں ہوسکی اور کئی سوالات بدستور موجود ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھلا رکھنے پر اتفاق کیا ہے جبکہ ایرانی حکام........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی و شوران میں مسلح افراد نے چیک پوسٹوں پر تعینات عملے کو یرغمال بنالیا

مسلح افراد سرکاری اسلحہ، واکی ٹاکی سیٹ اور موٹر سائیکل لیکر فرار ہوگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی اور شوران میں نامعلوم مسلح افراد نے چیک پوسٹوں پر تعینات عملے کو یرغمال بنا کر سرکاری اسلحہ، واکی ٹاکی سیٹ اور موٹر سائیکل لیکر فرار ہوگئے جبکہ جاتے ہوئے چیک پوسٹوں کو آگ لگادی۔ پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے مل میں واقع امن فورس کی چیک پوسٹ پر حملہ کر کے وہاں موجود اہلکاروں کو یرغمال بنا کر ان سے 4 سرکاری کلاشنکوفیں، واکی ٹاکی سیٹ، 3 موٹر سائیکلیں چھین لیں اور چیک پوسٹ کو آگ لگا کر........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

سنجاوی، ایف سی اور اے این ایف کی کارروائی 22 ایکڑ پوست کی کاشت تلف

5 کلو خام افیون برآمد، ایک مقامی اور 6 افغان باشندے گرفتار، مقدمات درج

سنجاوی (یو این اے) تحصیل سنجاوی کے علاقے نری ڈاگ میں ایف سی لورالائی ونگ اور اینٹی نارکوٹکس فورس نے ایک مشترکہ آپریشن کے دوران منشیات کے خلاف بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ کارروائی کے دوران عزیز اللہ اور حاجی حضرت نامی افراد کی اراضی پر تقریباً 20 سے 22 ایکڑ پر کاشت کی گئی پوست کی فصل کو ٹریکٹروں اور اسپرے کے ذریعے مکمل طور پر تلف کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق اس کارروائی کے دوران ایک مقامی ملز........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، گرین بس اور موٹر سائیکل میں تصادم، 1 شخص جاں بحق

پولیس نے گرین بس قبضے میں لیکر ڈرائیور کو گرفتار کرلیا، مزید کارروائی جاری ہے، حکام

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں گرین بس اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو کوئٹہ کے علاقے ایئر پورٹ روڈ طور ناصر کے قریب گرین بس اور موٹر سائیکل میں تصادم کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہوگیا پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچادی فوری طور پر جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت نہ ہوسکی۔ پولیس نے گرین بس کو قبضے میں لیکر ڈرائیور کو گرفتار کرلیا۔

2 بھائیوں کے قاتل انسپکٹر کو قانون کے کٹہرے میں لائینگے، ایس ایس پی آپریشن

کیس میں تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کر دیا، ملزم کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں، آصف خان

گمراہ کن خبروں سے اجتناب، مستند معلومات پر یقین رکھیں، انصاف کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، عوام سے اپیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 2 بھائیوں کے قتل کیس میں پولیس نے تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کر دیا جبکہ ملزم کی گرفتاری کیلئے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جارہے ہیں ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ آصف خان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ نامزد ملزم انسپکٹر نقیب اللہ کے حوالے سے یہ بات زیر تحقیق ہے کہ آیا اس نے سرکاری پسٹل استعمال کیا یا نہیں، اس کی تصدیق کا عمل جاری ہے ان کا کہنا تھا کہ واقعہ کی ہر پہلو سے تحقیقات کی جارہی ہیں اور حقائق جلد سامنے لائے جائیں گے آصف خان کے مطابق ملزم کی گرفتاری کیلئے مختلف........ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: خوابزادہ میر رئیس رئیسانی سے سینیٹر آغا شاہزیب ملاقات کر رہے ہیں

جعلی سمز کا کاروبار، پی ٹی اے کا ہدایت نامہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) ملک میں مفت موبائل فون سم کی آڑ میں جعلی سمز کارڈز کے غیر قانونی کاروبار کا انکشاف ہوا ہے، جس پر پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے شہریوں کے لیے ہدایت نامہ جاری کر دیا ہے۔ پی ٹی اے نے خبردار کیا ہے کہ شہری مفت سم کے لالچ میں اپنی بائیو میٹرک تصدیق ہرگز کسی غیر متعلقہ فرد یا غیر مجاز دکاندار کو نہ دیں۔۔۔

بلوچستان سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے جھٹکے

پسنی میں 4.5، ات، ہنگو، شمالی وزیرستان اور چترال سمیت دیگر میں 5.5 اور کراچی میں زلزلے کی شدت 3.4 ریکارڈ کی گئی

شہری گھروں سے کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے باہر نکل آئے، تاہم کوئی جانی و مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، متعلقہ حکام

کوئٹہ + کراچی + راولپنڈی (این این آئی + آن لائن) بلوچستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق ہفتہ کو بلوچستان کے علاقے پسنی میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے جس کی وجہ سے لوگ گھروں سے کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے باہر نکل آئے ریکٹر اسکیل پر زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی زلزلے کی زیر زمین گہرائی 13 کلومیٹر تھی جبکہ زلزلے کا مرکز پسنی سے 48 کلومیٹر جنوب مغرب کی جانب تھا دریں اثناء اسلام آباد، پنڈی اور پشاور سمیت شمالی علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: وائس پرنسپل بی ایم سی ڈاکٹر الیاس بلوچ سے عابد بٹ، عارف نیچاری و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ترقی و امن کیلئے تعلیم و جدید ٹیکنالوجی کا فروغ ناگزیر ہے، مولانا ہدایت الرحمان

حکومت نجی تعلیمی شعبے کی سرپرستی اور ان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام ترقی اور امن کے لئے تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی کا فروغ ناگزیر ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ نجی تعلیمی شعبے کی سرپرستی اور ان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے۔ بلوچستان میں نجی تعلیمی خدمات کے میدان میں جماعت اسلامی کا کردار روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ انہوں نے نجی تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ تیمیوں،........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کے مشیر منفی سوچ کے مطابق کام کر رہے ہیں، اسماعیل کوثری

تہران (این این آئی) ایرانی رکن پارلیمنٹ اسماعیل کوثری نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے خلاف بحری ناکہ بندی کی حالیہ دھمکی پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ حقیقت سے زیادہ ایک سیاسی دھونس ہے۔

بلوچستان میں کیسکو صارفین کے ذمہ واجبات 762 ارب سے تجاوز

حکومت اور اسکے ذیلی محکموں کے ذمہ 47 ارب واجب الادا ہیں، حکام

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کیسکو کے صارفین کے ذمہ واجبات 762 ارب روپے سے تجاوز کرگئے، زرعی صارفین نے کیسکو کے 577 ارب روپے کے بقایاجات ادا کرنے ہیں،، کیسکو نے واجبات کی وصولی کیلئے نوٹسز جاری کر دیئے۔ کیسکو حکام کے مطابق صوبائی حکومت اور اسکے ذیلی محکموں کے ذمہ بجلی بلوں کی مد میں 47 ارب روپے کے بقایاجات واجب الادا ہیں، جبکہ وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ مجموعی طور پر تقریباً........ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

صحت مراکز میں سہولیات کی فراہمی جاری رکھیں گے، اسپیشل مجسٹریٹ

حسیب سردار کا دورہ بی ایچ یو سرہ غرگئی، مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات پر اسپیشل مجسٹریٹ حسیب سردار نے بی ایچ یو سرہ غرگئی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مرکز صحت کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا جن میں سٹاف کی حاضری، ادویات کا اسٹاک، طبی مشینری، لیبارٹری اور دیگر سہولیات شامل تھیں۔ اس موقع پر انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی صحت سہولیات کا جائزہ لیا اور موقع پر موجود عملے سے ملاقات کر کے درپیش مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ بی ایچ یو کو درپیش پانی کے مسئلے کو حل کرنے کے اقدامات اٹھانے کیلئے تاکہ مریضوں........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

مذاکرات کی تاریخ کا تاحال فیصلہ نہیں ہوا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایرانی سفارتی ذرائع نے ہے کہ ہے کہ میرا نہیں خیال کہ پیر کو مذاکرات ہورہے ہیں۔ اس سے قبل یہ اطلاعات گردش کر رہی تھیں کہ شاید پیر کو مذاکرات کا دوسرا دور پاکستان کے دارالحکومت میں ہوگا۔

عوام کو صحت کی سہولت پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت کاکڑ

سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی بہتر اور ان میں ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھارہے ہیں، صوبائی وزیر صحت

صحت کے شعبے میں جامع حکمت عملی ترتیب دیدی، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز و پیرامیڈیکس سٹاف کی حاضری پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، بیان

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ٹھوس اور موثر اقدامات کیے جارہے ہیں دور دراز علاقوں تک صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے جامع حکمت عملی ترتیب دے دی گئی جس کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں اپنے ایک بیان میں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے سرکاری ہسپتالوں کی کارکردگی بہتر بنانے، ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے اور طبی عملے کی حاضری کو یقینی بنانے کے لئے........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن کو بیرسٹر عدنان کاسی ٹرسٹ افضل کاسی اسکالرشپس دے رہے ہیں

قلات کے عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں گے، روبینہ عرفان

میری تمام سکیمات قلات کے عوام کی بہبود و خوشحالی کیلئے ہیں، سابق رکن اسمبلی

قلات (این این آئی) قلات میرا گھر ہے اور میں اپنے گھر کے مکینوں کی سہولت کے لئے ہمہ وقت تیار رہتا ہوں۔ عوام کی خدمت عبادت سمجھتے ہیں ان خیالات کا اظہار سابق ایم این اے بی بی روبینہ عرفان نے اپنے ایک اخباری بیان میں کیا ہے۔ انہوں نے کہا آج سے چار سال قبل قلات میں ہائی وے اور گلیوں میں سولر اسٹریٹ لائٹس اپنے فنڈ سے لگوائے جس سے نہ صرف روڈ و گلیاں روشن بلکہ ڈکیتی و چوری کی وارداتوں میں نمایاں کمی آئی یہ لائٹس عوامی مقامات جیسے مساجد، بازار، تعلیمی اداروں کے نزدیک تنصیب کرایا گیا۔ ان میں .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

ملک و قوم کو مسلسل خونریزی و بدامنی کے واقعات کا سامنا ہے، جمعیت نظریاتی

حکومت نے طاقت کے بل بوتے پر ملک کو امن کی بجائے تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا، مولانا عبدالقادر لونی

اگر حکمران امن و ترقی اور معیشت کی مضبوطی چاہتے ہیں تو مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھائیں، حافظ عبدالاحد کبدانی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولانا رحمت اللہ حقانی صوبائی مالیات سیکرٹری مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی نے کہا ہے کہ حکومت کی غلط پالیسیوں سے قوم و ملک کو مسلسل دھماکے خونریزی، بدامنی کے واقعات کا سامنا ہے نام نہاد دہشت گردی سے .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کے معاشی اشاریے توقع سے زیادہ بہتر ہوئے ہیں، گورنر سٹیٹ بینک

پاکستان نے مشرق وسطیٰ کا تنازع شروع ہونے سے قبل ہی اپنی معیشت مستحکم کرنے کیلئے خاصی پیش رفت کرلی تھی، جمیل احمد

ملک کے مالیاتی اور بیرونی بفرز کو مضبوط کرتے ہوئے مہنگائی کم اور مستحکم کرنے میں مدد ملی، کریڈٹ ریٹنگ ایجنسیوں کے عہدیداروں سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بینک دولت پاکستان کے گورنر جمیل احمد نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ مالی سال کے آغاز میں پاکستان کے کلیدی معاشی اشاریے توقع سے زیادہ تیزی سے بہتر ہوئے ہیں انہوں نے نوٹ کیا کہ اگرچہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعات نے نئے خطرات کو جنم دیا اور معاشی منظرنامے کے بارے میں غیر یقینی صورت حال میں اضافہ کیا ہے، تاہم ان ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے معیشت گذشتہ بحرانی اقساط کی نسبت بہتر پوزیشن میں ہے گورنر جمیل احمد نے ان خیالات کا اظہار معروف عالمی مالی اور سرمایہ کاری کے اداروں........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ڈی سی مہراللہ بادینی رفیوزل بچوں کو پولیو کے قطرے پلا رہے ہیں

نصیر آباد، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص قتل

نصیر آباد (آئی این پی) بلوچستان کے علاقے نصیر آباد میں نامعلوم افراد نے ایک شخص کو قتل، اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز نصیر آباد کے علاقے تھانہ خان کوٹ کی حدود چالیس ڈب میں جمعہ خان کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہوگئے نعش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا ہے اس سلسلے میں مزید کارروائی کی جارہی ہے۔۔

مذاکرات کا دوسرا دور، ایران نے تاحال رضامندی ظاہر نہیں کی

امریکی مطالبات اور حالیہ بیانات مذاکرات میں پیش رفت کی راہ میں بڑی رکاوٹ قرار دیئے جارہے ہیں

امریکہ غیر ضروری اور حد سے زیادہ مطالبات کرنے سے گریز کرے، ایرانی حکام

تہران (م ڈ) ایران نے امریکا کے ساتھ جاری سفارتی عمل کے تحت نئے مذاکراتی دور پر تاحال رضامندی ظاہر نہیں کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کا مؤقف ہے موجودہ صورت حال میں بات چیت آگے بڑھانے کے لیے مناسب ماحول موجود نہیں ہے۔ حکام کی جانب سے تحت امریکی مطالبات اور حالیہ بیانات کو مذاکرات میں پیش رفت کی راہ میں بڑی رکاوٹ قرار دیا جارہا ہے۔ ایران کے نیم سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق ایران........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، صحبت پور، ڈیرہ بگٹی و اوستہ محمد میں ڈکیتی کی 6 وارداتیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی صحبت پور، ڈیرہ بگٹی اور اوستہ محمد میں ڈکیتی کی چھ مختلف وارداتوں میں نامعلوم مسلح افراد 2 لاکھ روپے، 3 موٹر سائیکلیں اور تالے توڑ کر دکان سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان لے اڑے۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد سٹی پولیس تھانے کی حدود مری گلی میں آٹے کی چکی پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر مالک حاجی طارق حسن سومرو سے دو لاکھ روپے و دیگر سامان چھین کر فرار ہو گئے۔۔۔

سردار اختر جان مینگل کی چچی انتقال کر گئیں

مرحومہ میر جہانزیب مینگل، میر اورنگزیب مینگل اور میر فیروز مینگل کی والدہ تھیں

خضدار (یو این اے) راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کے بھائی مرحوم میر ضیاء اللہ خان مینگل کی اہلیہ اور سربراہ بی این پی سردار اختر جان مینگل کی چچی انتقال کر گئیں۔ مرحومہ میر جہانزیب مینگل، میر اورنگزیب مینگل اور میر فیروز مینگل کی والدہ تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ سردار مہراللہ خان مینگل کے گھر شاہی جامعہ مسجد میں ادا کی گئی، جس کے بعد انہیں آبائی قبرستان بڑا باغ بیلہ میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ جنازے میں سردار خاندان کے افراد، سیاسی و قبا........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

تمبو، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے قبائلی رہنماء جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قبائلی رہنماء کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق تمبو پولیس تھانہ خان کوٹ کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نیچاری قبیلے کی اہم شخصیت میر جمعہ خان نیچاری کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی۔

بلوچستان سے افغان مہاجرین کی رضاکارانہ واپسی میں تیزی

دستاویزی مسائل اور معاشی مشکلات کے باعث چمن بارڈر پر مہاجرین کی غیر معمولی نقل و حرکت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں مقیم افغان مہاجرین کی اپنے وطن رضاکارانہ واپسی کے رجحان میں حالیہ دنوں میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ کوئٹہ، چمن، پشین، قلعہ عبداللہ اور نوشکی سمیت دیگر علاقوں سے ہزاروں افغان شہری اپنے خاندانوں سمیت افغانستان روانہ ہو رہے ہیں۔ سرکاری ذرائع کے مطابق، چمن بارڈر اور دیگر سرحدی........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی: گورنر جعفر مندوخیل بلال خان کاکڑ و دیگر بی آئی ٹی کے زیر اہتمام سیمینار میں شریک ہیں

مستقبل میں عالمی تجارت کا رخ پاکستان کی جانب ہوگا، جنرل (ر) ناصر جنجوعہ

بھارت کو وسطی ایشیاء تک پاکستان کے علاوہ کوئی راستہ میسر نہیں، سابق نیشنل سیکیورٹی ایڈوائزر

گوادر پورٹ خطے کی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرے گا، گوادر جمخانہ کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے موقع پر گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق نیشنل سیکیورٹی ایڈوائزر جنرل (ر) ناصر خان جنجوعہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں بلوچستان کی اصل اہمیت کو ابھی تک مکمل طور پر نہیں سمجھا گیا، حالانکہ یہی صوبہ ملک کو ترقی کی نئی بلندیوں تک لے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے، گوادر اور چاہ بہار دراصل ایشیاء کے دروازے ہیں اور مستقبل میں عالمی تجارت کا بڑا رخ پاکستان، خصوصاً گوادر کی جانب ہوگا، اگرچہ پنجاب نے ملک کو سنبھالنے میں ریڑھ کی ہڈی کا کردار ادا کیا اور دیگر صوبوں نے بھی اپنا حصہ ڈالا، تاہم پاکستان کی حقیقی معاشی ترقی بلوچستان سے وابستہ ہے، گوادر میں پیدا .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پی ٹی آئی کے کارکن مردان میں جلسے میں شرکت کیلئے روانگی سے قبل مشاورت کر رہے ہیں

سردار اختر مینگل کی میر اعجاز جکھرانی سے ملاقات، والدہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی

خضدار (یو این اے) بی این پی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ سردار اختر جان مینگل گزشتہ روز میر اعجاز حسین خان جکھرانی سے انکے والد محترم سابق ایم این اے میر بابل خان جکھرانی کی ناگہانی انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی انہوں نے اس موقع پر کہا کہ مرحوم ایک جمہوریت پسند رہنماء تھے جس کی دنیا سے جانے کے نہ پر ہونے والا خلا پیدا ہوا ہے

سرکاری ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے پہلے دن 65 فیصد رقم ادا کرنے کا فیصلہ

صوبائی فنانس ڈیپارٹمنٹ نے پیشگی پنشن کا نظام متعارف کرا دیا جو تاخیر کے خاتمے کی جانب اہم پیش رفت ہے

صوبائی حکومت کی سرکاری ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو فوری ریلیف، پنشن کا عمل خودکار اور شفاف بنانے کیلئے ہدایات جاری

یہ سہولت صرف ان ملازمین کیلئے دستیاب ہوگی جو ریٹائرمنٹ کے بعد پنشن کے اہل ہوں گے، حکم نامہ

کوئٹہ (یو این اے) حکومتِ بلوچستان کے فنانس ڈیپارٹمنٹ نے سرکاری ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے بعد درپیش پنشن کی تاخیر کے مسئلے کے حل کیلئے ایک اور اہم اور قابل ستائش اقدام اٹھاتے ہوئے پیشگی پنشن (Anticipatory Pension) کی فراہمی کا باقاعدہ حکم نامہ جاری کر دیا ہے اس نئے نظام کے تحت ریٹائر ہونے والے ملازمین کو ریٹائرمنٹ کے پہلے ہی دن ان کی متوقع پنشن کا تقریباً 65 فیصد حصہ براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر دیا جائے گا، جس سے مالی مشکلات میں واضح کمی آنے کی توقع ہے سرکاری دستاویزات .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

بسم اللہ خان کاکڑ کے فرزند کی دستار بندی کی تقریب سے قبائلی رہنما سابق نگران وزیر اعلیٰ نواب غوث بخش باروزئی، مولانا واسع، خوشحال کاکڑ، اصغر اچکزئی ودیگر خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان کی سیاسی صورتحال پر صدر زرداری کی گہری نظر ہے، میر علی حسن زہری

صدر پاکستان کارکنان کے تحفظات دور اور سیاسی استحکام یقینی بنانے کیلئے پرعزم ہیں، ترجمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال پر صدر مملکت آصف علی زرداری کی گہری نظر ہے اور وہ تمام معاملات کی خود نگرانی کر رہے ہیں تاکہ صوبے میں پائیدار سیاسی استحکام، عوامی اعتماد اور ترقی کے عمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اپنے ایک تفصیلی اخباری بیان میں انہوں .... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

اقوام بنگلزئی بدوزئی و جتوئی شاہی زئی کا 1 ماہ کیلئے جنگ بندی کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) قبائلی و سیاسی شخصیت نوابزادہ شاہ دین خان شاہوانی کی کاوشوں سے اقوام بنگلزئی بدوزئی اور جتوئی شاہی زئی کے درمیان تنازعہ میں ایک ماہ کی جنگ بندی کا اعلان کر دیا گیا جو 15 اپریل 2026ء سے 15 مئی 2026ء تک ہوگی۔ فریقین کے درمیان تنازعہ میں جرگہ ممبران میر بشیر جان شاہوانی میر مشتاق شاہوانی کے سربراہی میں معززین اقوام بدوزئی کی طرف سے اقوام جتوئی شاہیزئی فریق کو میئر کیا اقوام جتوئی شاہیزئی نے معززین اور نواب شاہ دین خان شاہوانی کی عزت کے لئے 1 ماہ جنگ بندی کا علان کیا یہ جنگ بندی 15 اپریل 2026 سے 15 مئی 2026 تک ہوگا۔۔۔

امین اللہ و سعادت اللہ کے قاتل کو گرفتار کیا جائے، قاری مہر اللہ

پولیس اور ایگل اسکواڈ کے ہاتھوں عوام مسلسل قتل ہو رہے ہیں، حاجی حبیب اللہ صافی

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد، مولانا خدائے نظر آغا، ابراہیم شاہ، حاجی نادر خان اچکزئی، مولانا محمد ابراہیم مولانا رحمت اللہ حقانی نے امین اللہ اور سعادت اللہ کے قتل کی شدید الفاظ سے مذمت اور شہادت پر اقرباء سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ امین اللہ اور سعادت اللہ کے قاتل کو جلد از جلد گرفتار کر کے سر عام سزا دی جائے پولیس محافظ .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی اور سوئی میں مختلف واقعات، خاتون سمیت 7 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میر حسن اور سوئی میں مختلف فائرنگ کے واقعات و حادثات میں ایک خاتون سمیت سات افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ میر حسن کی حدود گوٹھ حمید کھوسو میں اراضیات کے تنازعہ پر دونوں قبائل کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں نوجوان گل حسن ولد قادر بخش سامت اور انکی اہلیہ سرور بی بی زوجہ گل حسن شدید زخمی ہوگئے۔۔

دنیا نئے جیو اسٹریٹیجک دور میں داخل ہو رہی ہے، محمد عبدالقادر

پاکستان کو قومی ترجیحات سامنے رکھتے ہوئے مستقبل کی موثر منصوبہ بندی کرنا ہوگی، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ امریکہ، اسرائیل، ایران جنگی کشیدگی کے خاتمے کے بعد دنیا ایک نئے جیو اسٹریٹیجک اور جیو اکنامک دور میں داخل ہو رہی ہے، جسکے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہوں گے اس نازک مرحلے میں پاکستان کا کردار نہایت اہم ہو چکا ہے جہاں اسے اپنی قومی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے مستقبل کی موثر منصوبہ بندی کرنا ہوگی حالیہ صورتحال میں پاکستان نے ایک مثبت........ بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

مہنگائی کے طوفان نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی، پشتونخوا نیپ

متوسط و محنت کش طبقہ معاشی دباؤ کا شکار دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل تر ہوتا جا رہا ہے

پارٹی نے بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے، روزگار کے مواقع، امن و امان کی بگڑتی صورتحال جیسے اہم عوامی مسائل کو اجاگر کیا، مرکزی سیکرٹریٹ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ ایک تفصیلی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات میں حالیہ ہوشربا اور غیر معمولی اضافے اور ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف ملک کے طول و عرض، بالخصوص پشتونخوا وطن کے مختلف اضلاع، شہروں اور قصبوں میں گزشتہ دو ہفتوں کے دوران ہونے والے احتجاجی مظاہروں، جلسوں اور ریلیوں میں ہزاروں افراد کی بھرپور اور پرجوش شرکت اس امر کا واضح اور ناقابل تردید ثبوت ہے کہ عوام کو پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کی اصولی سیاست، واضح مؤقف اور عوامی ...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر